www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بدھ 10 ذوالحجہ 1447ھ 27 مئی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 322
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

مسلمانوں کو کسی بھی مشکل میں صبر کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے جن قوموں نے ظلم کیا ان سے نعمتیں چھین لی گئیں، خطبہ حج

تقویٰ اختیار کرنا ایمان والوں کی شان ہے، کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہرایا جائے، صبر والوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے، ہمیں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے، امام مسجد نبوی

حجاج کرام نماز قائم کریں، کسی بھی ایسے عمل سے گریز کریں جس سے وحدت کو نقصان پہنچے، ذکر اور عبادات میں مصروف رہیں، ہر لمحہ مغفرت کی دعا کرتے رہیں، اللہ اور بندے کا تعلق نجات کا ذریعہ ہے

اے اللہ، مسلمانوں کو ہدایت عطا فرما خطبہ حج میں عالم اسلام کو امن، رواداری اور باہمی احترام کا پیغام، مسلم دنیا کے مسائل کے حل اتحاد و یکجہتی اور قیام امن کیلئے خصوصی دعائیں

ریاض (م ڈ) امام مسجد نبوی ﷺ عبدالرحمان الحذیفی نے کہا ہے کہ مسلمانوں کو کسی بھی مشکل میں صبر کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں، جن قوموں نے ظلم کیا اور ناشکری کی ان سے نعمتیں چھین لی گئیں، توحید پر عمل ورآمد ایمان کا حصہ ہے اور نبی کریم ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں، ہمیشہ سچ بولیں اور غلط بیانی سے گریز کریں، حجاج کرام نماز قائم کریں، اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادات میں مصروف رہیں، ہر لمحہ مغفرت کی دعا کرتے رہیں، اللہ اور بندے کا تعلق نجات کا ذریعہ ہے، اے ایمان والو، اپنے رب کے ساتھ جڑے رہو، حج کے دوران کسی قسم کی لڑائی جھگڑے سے اجتناب کرنا چاہیے، کسی بھی ایسے عمل سے گریز کریں جس سے وحدت کو نقصان پہنچے۔ مسجد نمرہ میں خطبہ حج دیتے ہوئے امام مسجد نبوی ﷺ عبدالرحمن الحذیفی نے کہا کہ اے ایمان والو، اللہ سے ڈرو اور تقویٰ اختیار کرو، اے ایمان والو، عہد کی پاسداری کرو۔ امام مسجد نبوی ﷺ عبدالرحمن الحذیفی نے کہا کہ تقویٰ اختیار کرنا ایمان والوں کی شان ہے، کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہرایا جائے، رب کے سوا کسی غیر کی عبادت مت کرنا۔ خطبہ حج میں امام مسجد نبوی ﷺ عبدالرحمن الحذیفی نے کہا کہ توحید پر عمل ورآمد اہل ایمان کا خاصا ہے، ایمان والوں کے سامنے اللہ کی آیات پیش کی جائیں تو ان کے دل نرم پڑ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری رسول ہیں، وہ خاتم النبیین ہیں، مسلمانوں کو......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان قابل اعتماد ثالث کے طور پر سامنے آیا، ترک میڈیا

پاک سعودی دفاعی معاہدے نے پاکستان کی علاقائی ساکھ کو مضبوط کیا

انقرہ (م ڈ) ترک میڈیا نے کہا ہے کہ امریکا ایران کشیدگی کے دوران پاکستان قابل اعتماد ثالث کے طور پر سامنے آیا۔ ترک میڈیا ٹی آر ٹی کے مطابق امریکا ایران کشیدگی کے دوران پاکستان دونوں فریقین کے مابین قابل اعتماد ثالث کے طور پر سامنے آیا۔ علاقائی قوتوں کے برعکس پاکستان نے خاموش، منظم اور مؤثر سفارت کاری کا راستہ اپنایا۔ فیلڈ مارشل......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمن ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں قربانی کی آلائشوں کا عدم تحفظ ان کو دینے پر پابندی عائد

صوبے بھر میں امن و امان اور قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

صفائی آپریشن کے لیے 9500 چھوٹی بڑی مشینری اور متعلقہ عملہ تیار رکھا گیا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

عیدالاضحیٰ کے دوران مساجد اور عیدگاہوں کے اسپیکرز کے ذریعے عوام سے صفائی مہم میں تعاون کی اپیل کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت عیدالاضحیٰ کے موقع پر صوبے بھر میں سیکیورٹی، صفائی ستھرائی، قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے اور مجموعی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منگل کو یہاں......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ مرکزی مویشی منڈی سے لوگ قربانی کیلئے جانور خرید رہے ہیں

پاک فوج سی پیک کی تعمیر کیلئے مکمل تعاون جاری رکھے گی، فیلڈ مارشل

عالمی اور علاقائی حالات جیسے بھی ہوں، پاک چین دوستی چٹان کی طرح مضبوط ہے، چینی وزیر خارجہ

پاک چین لازوال اور آہنی دوستی پر پاکستان ہمیشہ فخر محسوس کرتا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی اور علاقائی حالات جیسے بھی تبدیل ہوں پاک چین دوستی چٹان کی طرح مضبوط ہے، پاک فوج پاک چین تعاون کو فروغ دینے کے لیے ہمیشہ ایک......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

مکہ مکرمہ: امام مسجد نبوی ﷺ عبدالرحمان الحذیفی حج کا خطبہ دے رہے ہیں

امریکی فورسز نے ایران کی میزائل لانچنگ تنصیبات کو نشانہ بنایا، بارودی سرنگیں بچھانے کی کوشش کرنیوالی کشتیوں کو حملے میں تباہ کر دیا، امریکی سینٹرل کمان

امریکی طیاروں کی بندر عباس پر بمباری، ایرانی کشتیاں تباہ

جوابی کارروائی میں ایران نے امریکی ڈرون مار گرایا

بندر عباس کے شہریوں نے متعدد دھماکوں کی آوازیں سنیں، اسی طرح کی آوازیں بیک وقت ایران کے جنوبی علاقے سرک اور جاسک کے علاقوں میں بھی سنی گئیں، ایرانی خبر ایجنسی

جنوبی ایران میں فضائی حملے کیے گئے، امریکی فوج جاری جنگ بندی کے دوران تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکی افواج کا دفاع کرے گی، آبنائے ہرمز کھلی رہے گی، امریکی وزیر خارجہ

ایران کو افزودہ یورینیم دینا ہوگی تاکہ وہ امریکہ لا کر تباہ کر دی جائے یا ایران کے ساتھ رابطے میں رہ کر کسی اور قابل قبول جگہ پر اٹامک انرجی کمیشن کے ساتھ مل کر تباہ کرنا ہوگی، ٹرمپ

افزودہ یورینیم گھر میں ہے اور گھر میں ہی رہے گی، ایران، اگر خطے میں نئی جنگ مسلط کی گئی تو ایران کا جواب نہ صرف شدید بلکہ زیادہ وسیع اور پرتشدد بھی ہوسکتا ہے، ایرانی فوج

تہران، واشنگٹن (م ڈ) امریکی سینٹرل کمان نے کہا ہے کہ جنوبی ایران میں فضائی حملے کیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دعویٰ کیا گیا ہے کہ امریکی فورسز نے ایران کی میزائل لانچنگ تنصیبات کو نشانہ بنایا، بارودی سرنگیں بچھانے کی کوشش کرنے والی......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کے حل کیلئے مشاورت کا عمل جاری ہے، میر سرفراز بگٹی

حکومت سیاسی جماعتوں اور عوامی نمائندوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے

مولانا واسع، شعیب نوشیروانی و دیگر کی ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل اور عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں جن میں صوبے کی مجموعی......

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

معدنی ترقی میں دیگر ممالک کے علم و تجربے سے استفادہ کرنا ہوگا، گورنر

سائنٹفک سوچ و اپروچ کی بدولت ہم بلوچستان کے وسیع جیولوجیکل وسائل کو عوام کی پائیدار ترقی و خوشحالی کیلئے بروئے کار لا سکتے ہیں

بلوچستان کی معدنی صلاحیت سے استفادہ کیلئے علم کی منتقلی، مشترکہ تحقیق ضروری ہے، جعفر مندوخیل، امت مسلمہ کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سائنٹفک سوچ و اپروچ کی بدولت ہم بلوچستان کے وسیع جیولوجیکل وسائل کو اس کے عوام پائیدار ترقی و خوشحالی کیلئے بروئے کار لا سکتے ہیں۔ شراکت داری، جدت کاری اور نئی مہارتوں کے......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

قومی سلامتی کیلئے پوری قوم کا متحد ہونا ناگزیر ہے، شاہد رند

پاکستان کا استحکام باہمی اتحاد سے وابستہ ہے، بیان، قوم کو عید کی مبارکباد

عیدالاضحیٰ اطاعت اور رواداری کا درس دیتی ہے، وزیر اعلیٰ کے معاون

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے عیدالاضحیٰ کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر پوری قوم، امت مسلمہ اور خصوصا......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین نے ابراہیمی معاہدے کا مطالبہ مسترد کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد "تحریک تحفظ آئین پاکستان" امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مسلم ممالک سے ابراہیمی معاہدے پر دستخط کے مطالبے کو مکمل طور پر رد اور اس پر احتجاج تشویش کا اظہار......

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ قربانی اور رواداری کا درس دیتی ہے، گورنر و وزیر اعلیٰ

ہمیں اجتماعی فلاح کو شعار بنانا ہوگا، جعفر مندوخیل، سرفراز بگٹی، قوم عید کی مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدالاضحیٰ کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر پوری قوم، امت مسلمہ اور خصوصاً اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

چین اور پاکستان کا سیکیورٹی پارٹنرشپ کے قیام پر اتفاق

دونوں ممالک کا دفاع، سلامتی اور انسداد دہشتگردی تعاون میں مزید وسعت دینے کا اعلان

چین کی جانب سے پاکستان کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

چین کی غربت، بیروزگاری اور چیلنجز پر قابو پانے کے قابل رشک سفر سے دنیا کو سبق سیکھنا چاہیے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چین اور پاکستان نے سکیورٹی پارٹنرشپ کے قیام پر اتفاق کرتے ہوئے دفاع، سلامتی اور انسداد دہشتگردی تعاون میں مزید وسعت دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین کے اختتام پر پاکستان اور چین کی جانب سے مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا مشترکہ اعلامیے......

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

نوید قمر نے بجٹ تیاریوں پر حکومتی کارکردگی تشویشناک قرار دیدی

ٹیکسوں اور پیٹرولیم لیوی پر انحصار خطرناک ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی خزانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے چیئرمین نوید قمر نے بجٹ تیاریوں اور معاشی اصلاحات پر حکومت کی کارکردگی تشویشناک قرار دیدی......

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

محسن نقوی کا منیٰ میں پاکستانی حجاج کرام کے کیمپس کا دورہ

پاکستان میں امیگریشن کی سہولت فراہم کرنے پر سعودیہ کے شکر گزار ہیں، وزیر داخلہ

مکہ مکرمہ (م ڈ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے منیٰ میں پاکستانی حجاج کرام کے کیمپس کا دورہ کر کے سہولتوں کا مشاہدہ کیا۔ محسن نقوی 100 برس کی عمر کے بزرگ حاجی......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اعلان تعطیل

عیدالاضحیٰ کے موقع پر 27 اور 28 مئی کو روزنامہ مشرق کے دفاتر بند رہیں گے لہٰذا 28 اور 29 مئی کو اخبار شائع نہیں ہوگا، قارئین و نیوز ایجنٹ نوٹ فرمالیں، روزنامہ مشرق کی جانب سے اہل وطن کو عیدالاضحیٰ مبارک ہو۔

وزیر اعلیٰ کی ٹراما سنٹر آمد، زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ ٹراما سنٹر میں چمن پھاٹک بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کے اس موقع پر پولیو مہم کے دوران دہشتگردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے پولیس اہلکار حوالدار حبیب الرحمان کی عیادت بھی کی......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ، عیدگاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، بھاری نفری تعینات

تین ہزار پولیس و سیکیورٹی اہلکار سیکیورٹی کے فرائض انجام دینگے، نماز عید کے مقامات پر واک تھرو گیٹ نصب کئے جائیں گے

مساجد، امام بارگاہوں کے قریب گاڑیاں اور موٹر سائیکل پارک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، وزیر اعلیٰ عید بگٹی میں منائیں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملک بھر کی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور بلوچستان میں عیدالاضحیٰ مذہبی جوش و خروش سے منائی جائے گی نماز فجر میں ملک کی سلامتی، استحکام اور......

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

سی ٹی ڈی نے چمن پھاٹک دھماکہ کا مقدمہ درج کرلیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکے کا مقدمہ درج کرلیا گیا دھماکے کا مقدمہ سی ٹی ڈی اہلکار کی مدعیت میں کالعدم تنظیم کے رہنما کیخلاف درج کیا گیا ہے مقدمہ انسداد......

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی دارالحکومت میں گرانفروشوں کا راج، انتظامیہ خاموش

عید کے موقع پر گرانفروش عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ سے ایک روز قبل ہی گرانفروشوں نے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا، پیٹرول، کرایوں......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سرکاری دورے پر نیویارک پہنچ گئے

نیویارک (م ڈ) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سرکاری دورے پر نیویارک پہنچ گئے، ان کا دورہ 26 سے 28 مئی تک ہوگا۔ منگل کو دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم دورے کے دوران "بین الاقوامی امن و سلامتی کی بحالی: اقوام متحدہ کے چارٹر......

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ لیاقت بازار میں خواتین اسٹال سے عید کیلئے چوڑیاں خرید رہی ہیں

وزیر اعظم کا ترک صدر سے رابطہ، عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان کو فون کر کے برادر ترک عوام کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی ہے، جبکہ دونوں رہنماؤں نے تجارت اور سرمایہ کاری سمیت دوطرفہ فیصلوں پر تیز رفتار عملدرآمد اور......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

قومی بچت اسکیموں پر منافع کی شرح میں اضافہ کر دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی بچت اسکیموں کے شرح منافع میں ایک تا 2.20 فیصد اضافہ کر دیا گیا۔ شرح منافع میں اضافہ 26 مئی سے لاگو ہو گا۔ خصوصی بچت اسکیموں پر منافع کی شرح 11.6 فیصد تک ہوگئی ہے، ریگولر انکم سرٹیفکیٹ پر منافع کی شرح 11.82 فیصد......

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنانا ہوگا، بابر یوسفزئی

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر بلوچستان بھر میں عید پر سیکورٹی ہائی الرٹ ہے

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو کی ہدایت......

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.8 ریکارڈ

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق منڈی بہاالدین، ملکوال اور پھالیہ میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوئے، وہ اس قدر شدید تھے کہ لوگ کلمہ شریف کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے......

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ناقص انتظامات، پاکستانی عازمین نے شکایات کے انبار لگا دیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی عازمین نے حج 2026 کے دوران ناقص انتظامات پر وزیر مذہبی امور سردار یوسف سے شکایات کے انبار لگا دیے جبکہ کیس بھی دائر کرنے کا اعلان کر دیا۔ عازمین نے کہا کہ 12، 12 لاکھ روپے حج کیلئے دیے مگر انتظامات ناقص ہیں۔ عازمین نے کہا کہ بیلڈ ٹھیک......

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ و نواح میں تمام پکنک پوائنٹس شہریوں کیلئے بند، ٹرین سروس معطل

ڈی سی کے حکمنامہ میں تمام متعلقہ ایس ایچ اوز اور انتظامی افسران کو پکنک پوائنٹس جانے والے افراد کو روکنے کی ہدایات جاری

کوئٹہ سے اندرون ملک جانیوالی ٹرین 2 روز کیلئے معطل کی گئی، مینٹی ننس اور فنی وجوہات پر آپریشن عارضی طور پر معطل کیا گیا، حکام

کوئٹہ (آن لائن + سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے امن و امان کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ضلع کوئٹہ کے مختلف پکنک پوائنٹس، بالخصوص ہنہ اوڑک، ہنہ جھیل، سرہ غل، کرخہ، چلتن نیشنل پارک اور شعبان تک عوامی رسائی پر عارضی پابندی عائد کر دی گئی ہے......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی سے گوادر کیلئے پہلی آزمائشی پرواز کا باضابطہ آغاز

نجی ایئرلائن ساؤتھ ایئر کی پرواز گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کامیابی سے لینڈ

گوادر (این این آئی) گوادر کی فضائی رابطہ کاری میں اہم پیش رفت کے تحت نجی ایئرلائن ساؤتھ ایئر نے کراچی سے گوادر کیلئے اپنی پہلی آزمائشی پرواز سروس کا باضابطہ......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو قطر سے ایل این جی کی تیسری کھیپ مل گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو قطر سے ایل این جی کی تیسری کھیپ مل گئی، قطر سے آنے والا ایل این جی ٹینکر فوریٹ حساس آبنائے ہرمز عبور کر کے پاکستانی سمندری حدود میں داخل ہوگیا۔ ایل این جی ٹینکر فوریٹ جلد اینگر و ایل این جی ٹرمینل پر لنگر انداز ہونے کی توقع ہے۔ پاکستان کے پیٹرولیم ڈویژن کے سینئر......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی: فائرنگ سے جمعیت کا ضلعی رہنما جاں بحق

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مولوی عبدالرحمان ساسولی دم توڑ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے جے یو آئی کا مقامی رہنما جاں بحق ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی......

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پرنس رحیم آغا خان دورہ پاکستان مکمل کر کے واپس چلے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پرنس رحیم آغا خان اپنا دورہ پاکستان مکمل کر کے واپس چلے گئے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پرنس رحیم آغا خان کو رخصت کیا۔ نور خان ایئربیس پر رخصتی کے......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین آر سی ڈی شاہراہ پر پل کے نیچے دھماکہ، تفتان میں ٹرک نذر آتش

پاک ایران قومی شاہراہ پر پل کو جزوی نقصان پہنچا، معمول کی مطابق ٹریفک آمدورفت کیلئے بحال کر دی گئی

تفتان میں مسلح افراد نے تجارتی سامان کے ساتھ ٹرکوں کو آگ لگا دی، تاجروں کا کروڑوں روپے کا نقصان

دالبندین، تفتان (آن لائن) پاک ایران آر سی ڈی شاہراہ پر پل کے نیچے دھماکہ ہوا تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم افراد نے دالبندین سے تفتان جانے والی آر سی ڈی شاہراہ پر یو ائز ڈگری کالج کے قریب پل کے نیچے دھماکہ کیا۔ رات کے وقت دھماکے کی......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں تمباکو نوشی سے سالانہ 1 لاکھ 64 ہزار اموات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان میں تمباکو نوشی کے باعث سالانہ 1 لاکھ 64 ہزار اموات ہوتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق تمباکو نوشی سے ملکی معیشت......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر



ٹرین دھماکے کے متاثرین کی معاونت یقینی بنائی جائے گی، انتظامیہ

حادثے کے شہداء اور زخمیوں سے متعلق ضلعی معاونت کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں متاثرہ افراد کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کمیٹی کو حادثے کے نتیجے میں نقصان پہنچنے والی گاڑیوں، عمارتوں اور دیگر املاک سے متعلق ابتدائی ڈیٹا پیش، معاونت یقینی بنانے پر اتفاق

AC (سٹی) اور سی اینڈ ڈبلیو اہلکاروں نے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، متاثرہ املاک کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لیا اور موقع کا تجزیہ کیا

کوئٹہ (خ ن) گزشتہ روز پیش آنے والے ٹرین حادثے کے شہداء اور زخمیوں سے متعلق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ضلعی معاونت کمیٹی کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں متاثرہ افراد کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شہداء اور زخمیوں کی مکمل فہرستیں متعلقہ اداروں کی جانب سے فراہم کی گئیں جبکہ زخمیوں کو دی جانے والی طبی سہولیات اور متاثرہ خاندانوں کو ممکن امداد کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ کمیٹی کو حادثے کے نتیجے میں نقصان پہنچنے والی گاڑیوں، عمارتوں اور دیگر املاک سے متعلق ابتدائی ڈیٹا بھی پیش کیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی گئی کہ نقصانات کا مکمل تخمینہ جلد از جلد مرتب کر کے رپورٹ پیش کی جائے تاکہ متاثرین کو بروقت ریلیف اور معاوضہ فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن معاونت یقینی بنائی جائے گی اور تمام ادارے باہمی رابطے کے ساتھ امدادی و بحالی اقدامات جاری رکھیں گے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کوئٹہ متحرک ہے تاکہ حالیہ ٹرین دھماکے سے متاثرہ شہریوں کو فوری ریلیف اور مکمل معاونت فراہم کی جا سکے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اور سی اینڈ ڈبلیو کے متعلقہ اہلکاروں نے گزشتہ روز دھماکے سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے متاثرہ مکانات، عمارات اور گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لیا اور موقع پر موجود صورتحال کا تفصیلی تجزیہ کیا۔ وفد نے متاثرہ شہریوں سے ملاقات بھی کی، ان کے مسائل، ضروریات اور درپیش مشکلات کو غور سے سنا۔ اس موقع پر متاثرین کو یقین دہانی کرائی گئی کہ حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ ان کے ہر ممکن مسئلے کے فوری حل کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ نقصانات کے ازالے اور بحالی کے عمل کو شفاف اور تیز رفتار بنایا جائے گا تاکہ متاثرہ افراد جلد از جلد معمول کی زندگی کی طرف واپس آ سکیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور بحالی کا عمل مسلسل جاری رہے گا۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

نجی ٹی وی ٹیم کو سول اسپتال کوئٹہ میں کوریج سے روکنا قابل مذمت ہے

نہ صرف کوریج سے روکا گیا بلکہ میڈیا ٹیم کیساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا گیا

صوبائی وزیر صحت اسپتال انتظامیہ کے رویے کا فوری نوٹس لیں، بی یو جے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے سول اسپتال کوئٹہ میں انتظامیہ کی جانب سے اے آر وائی کی ٹیم کو کوریج سے روکنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سول اسپتال انتظامیہ کے رویے کا فوری نوٹس لیں۔ بی یو جے کے صدر منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین اور کابینہ و مجلس عاملہ کے اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ روز اسپتال انتظامیہ نے اے آر وائی کی ٹیم کو کوریج سے روکا۔ اے آر وائی کی ٹیم اسپتال کے مین گیٹ کے ساتھ موجود تھی کہ اسپتال انتظامیہ نے ٹیم کو وہاں کوریج سے روکا۔ اسپتال کے احاطے سے باہر میڈیا کو کوریج کیلئے کسی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں اس کے باوجود اے آر وائی کی ٹیم کوریج کی اجازت لینے کیلئے اسپتال کی انتظامیہ سے ملی مگر انتظامیہ نے نہ صرف کوریج کی اجازت نہیں دی بلکہ میڈیا ٹیم کے ساتھ نامناسب رویہ بھی اختیار کیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ بی یو جے قیادت نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ سول اسپتال انتظامیہ کی جانب سے میڈیا کو کوریج سے روکنے اور غیر مہذب رویہ اختیار کرنے کا فوری نوٹس لیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اگر سول اسپتال انتظامیہ کے رویے کا نوٹس نہ لیا گیا تو بلوچستان یونین آف جرنلسٹس آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی جس میں سول اسپتال کوئٹہ میں محکمہ صحت اور اسپتال انتظامیہ کی کسی بھی تقریب، پروگراموں اور پریس کانفرنسز کا بائیکاٹ بھی کیا جا سکتا ہے۔

کوئٹہ ٹرین دھماکہ قابل مذمت ہے، عبدالستار چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے چمن پھاٹک ٹرین پر المناک حملہ سریاب کے واقعہ سمیت دیگر پے درپے خونی واقعات نے عیدالاضحیٰ کے جیسی خوشی کی فضا کو مکدر خوشیوں کو غم میں تبدیل کر دیا گیا نماز جنازہ موقع پر ایسے المناک واقعات کی جتنی مذمت کیا جائے کم ہے انہوں نے شہادتوں پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے اور تمام شہداء زخمیوں کے اہل خانہ سے افسوس کیلئے اور ان کیلئے صبر کی دعا اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ ٹرین سے قوم شدید کرب اور صدمے سے دوچار ہوئی انتہائی بہیمانہ اور وحشیانہ عمل تھا معصوم جانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے مسلمان تو کیا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں آج ہزاروں خاندان غمزدہ ہے والدین سے بیٹے بچوں سے والدین چھین لیا گیا انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں اور نااہلی سے ملک بدامنی کی آگ میں جل رہا ہے مسلسل بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ نے قوم کو پرامن زندگی سے محروم کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ تمام ارباب اقتدار اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی سے نہیں لے رہا ہے مسلسل دھماکوں سے قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں دوسری جانب امریکہ ایران جنگ سے مہنگائی کے اٹھتے طوفان امریکہ ایران میں نہیں جتنا پاکستان متاثر ہوا ہے۔

میر نصیب اللہ مری کا کوئٹہ ٹرین ٹریک حملے کی مذمت

کوہلو (پ ر) سابق صوبائی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر نصیب اللہ خان مری نے کوئٹہ میں ٹرین ٹریک پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت کے خلاف گھناؤنی اور بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں میر نصیب اللہ خان مری نے کہا کہ دہشتگردوں کا کوئی دین، مذہب اور ایمان نہیں ہوتا، معصوم اور بے گناہ شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے عناصر دراصل انسانیت کے دشمن

دہشتگردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، ہادی عسکری

آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے موثر اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما انجینئر ہادی عسکری نے کوئٹہ میں مسافر ٹرین پر خودکش حملے میں 14 سے زائد اور توحصار میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں سی ٹی ڈی کے 4 جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعے میں ملوث ... نے کوئٹہ ریلوے ٹریک بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے بزدلانہ واقعات سے قوم کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔ معصوم شہریوں اور قومی تنصیبات کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر امن و استحکام کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں لیکن عوام اور سیکورٹی ...

عید کی آمد آمد، کوئٹہ میں ATM بحران، شہری پریشان

متعدد بینکوں کی اکثر برانچوں میں ATM مشینیں خالی یا آؤٹ آف سروس

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کے گیس بل پر عائد جرمانہ ختم

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فیروز خان کے گیس بل پر عائد 32 لاکھ کا جرمانہ ختم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار فیروز خان نے بتایا کہ ان کی بیکری ہے "صفا بیکری" کے ...

آئے روز پشتون نوجوانوں کو گولیاں ماری جا رہی ہیں، پی کے میپ

پیر سید جماعت علی شاہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں

عیدالاضحیٰ ایثار، قربانی کا درس دیتی ہے، کاشف حیدری

عیدالاضحیٰ پر کوئٹہ میں سیکورٹی ہائی الرٹ رکھنے کا فیصلہ

مستحقین کو خوشیوں میں شریک کرنا عید کا حقیقی پیغام ہے، نعیم کریم

عیدالاضحیٰ کے موقع پر کوئٹہ شہر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں کی جائے گی، کیسکو

عیدالاضحیٰ کے موقع پر قصابیوں کے نرخوں میں غیر معمولی اضافہ

وی بی ایم پی کا عید کے روز احتجاج کا اعلان

تکریم شہداء و شہید امت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے، چوہدری نعیم کریم

نورین بانو بلوچ کی خدمات قابل تحسین ہیں، نصیب بلوچ

میں نماز عیدالاضحیٰ کے اوقات

عیدگاہ	خطیب کا نام	وقت
شفیق احمد خان سکول	مفتی ابراہیم	6:15
جامع مسجد بیت الرحمن زرغون آباد نواں کلی کوئٹہ	مفتی رفیع اللہ ظفر	7:00
گلستان روڈ شہید شمس الرحمن کالونی کوئٹہ	حافظ عبداللہ	5:55
عیدگاہ سمو خان ہزار گنجی	مولانا شیخ عبدالاحد	7:30
مسجد یوسف نیو کاہان مری کیمپ ہزار گنجی	مولانا نصراللہ منصور	7:30
مسجد قبا نورزئی کالونی گلی حاجی نور محمد سریاب کسٹم	مفتی آغا محمد محمدی	7:15
مسجد نور گلی حبیب ہزار گنجی	مولانا عطا محمد مینگل	7:15
مسجد عمر فاروق سبزی منڈی ہزار گنجی	مولانا فضل الرحمن صدیقی	7:15
دارالعلوم صدیقیہ بلوچستان میاں غنڈی	مولانا رفیع اللہ	7:15
جامع مسجد بیت الرحمن زرغون آباد نواں کلی	مفتی رفیع اللہ ظفر	7:00
مدرسہ جامعہ انوار القرآن مصطفیٰ آباد	مولوی علی نواز	7:00
جامعہ دارالعلوم نورالمدارس جامع مسجد قاضی ٹاؤن نوزئی قمبر آباد موسیٰ کالونی سریاب	مولانا مفتی امین اللہ منیب	7:00
جامع مسجد ملک سکندر خان نواں کلی	مولانا قاری جمعہ خان	7:00
کول جامع مسجد سیٹلائٹ ٹاؤن	مولانا محمود	7:00
جامع مسجد قبا بھوسہ منڈی نزد منڈی وشیل آباد	مفتی محمد سلیم احسن	6:45
جامع مسجد مولانا نور محمد مدرسہ پشتون آباد	مولانا سعید احمد	6:15
جامع مسجد قبا پشتونستان چوک نواں کلی کوئٹہ	مفتی حبیب الرحمن	6:15
مدرسہ دارالعلوم عزیزیہ مرکزی عیدگاہ فیروز آباد ہزار گنجی کوئٹہ	مولانا قاری عبداللہ	7:00
جامعہ عربیہ مرکزیہ تجوید القرآن سرکی روڈ اختر محمد روڈ کوئٹہ	مولانا قاری عبداللہ	7:30
عثمانیہ مسجد فقیر محمد روڈ کوئٹہ	مولوی نصراللہ	6:15
جامعہ دارالعلوم اسلامیہ معروف ٹاؤن مشرقی بائی پاس کوئٹہ	مولانا حافظ محمد ابراہیم	7:00
جامعہ دارالعلوم اسلامیہ معروف ٹاؤن مشرقی بائی پاس کوئٹہ	مولانا حافظ محمد ابراہیم	7:00
جامعہ عمر بن خطاب موسیٰ کالونی بروری آباد کوئٹہ	مولوی امین اللہ	7:15
ہیلپر سکول گراؤنڈ سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک 3	شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق	7:00
مسجد حضرت ابو ایوب انصاری کاکڑ محلہ سید آباد نیچاری	مفتی محمد اعظم اخندزادہ	6:15
گلی درانی اقبال گراؤنڈ شالدرہ	خطیب مفتی عطاء الرحمن	6:30
جامع مسجد اشرف المدارس کاکوزئی ٹاؤن گلی 1 نزد بھوسہ منڈی مشرقی بائی پاس	مولانا منیر احمد بنوری	6:30
جامع مسجد عثمان غنی کشمیر خان روڈ بھوسہ منڈی مشرقی بائی پاس	مفتی رشید احمد حقانی	6:30
جامع مسجد قبا بھوسہ منڈی نزد منڈی وشیل آباد	مفتی محمد سلیم احسن	6:45
جامع مسجد قبا بروری کالونی	حافظ حمید اللہ عزیز	6:45
جامع مسجد حاجی ولی جان خلجی پشتونستان چوک نواں کلی	مفتی حبیب اللہ	7:00
جامع مسجد ابوذر غفاری نزد طارق ہسپتال سریاب	مولانا عطاء المومن بخاری	7:00
جامعہ دارالعلوم ہاشمیہ اختر محمد روڈ	مولانا سید منور آغا	7:00
جامع العلوم الاسلامیہ و جامع مسجد نور قبا حیدر آباد قمبرانی روڈ	مولانا سرور احمد مینگل	7:15
مسجد یوسف نیو کاہان مری کیمپ ہزار گنجی	مولانا نصراللہ منصور	7:30
مدرسہ دارالعلوم رحمانیہ ارباب کرم خان روڈ	مولوی عبدالرحمن	7:30
مرکزی عیدگاہ ملا خیل آباد گلی نمبر 9 مشرقی بائی پاس	مولانا حافظ عبداللہ جان	7:45
جامع مسجد الاصف گلی جیو	مولانا مفتی شیر محمد	7:45
سائنس کالج گراؤنڈ	مفتی عبدالحق	8:00
عیدگاہ کلی گل محمد سید ان ایئرپورٹ	مفتی اکرام اللہ آخوندزادہ	7:15
جامع مسجد قبا پشتونستان چوک نواں کلی کوئٹہ	مفتی حبیب الرحمن یوسفزئی	6:15
جامع مسجد ایس بی کالونی کوئٹہ	مولانا قاری سلیم اللہ قریشی	7:00
جامعہ دارالعلوم ضیاء القرآن رحیمی ٹاؤن سریاب کسٹم بی روڈ کوئٹہ	مولانا عطاء الرحمن رحیمی	7:30
جامع مسجد اقصیٰ نیو اڈہ کباڑی گلی عبداللہ ٹاؤن کوئٹہ	مولانا عبدالحق حقانی	6:30

عیدالاضحیٰ قربانی اور ایثار کا پیغام ہے، سردار سربلند خان جوگیزئی

یہ خوشی کا موقع دراصل ایک عظیم قربانی کی یاد تازہ کرتا ہے، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے پوری امت مسلمہ اور اہل وطن کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد ... کے جذبے کو پروان چڑھانے کے لئے صبر، استقامت، ایثار اور قربانی کا جذبہ ہونا لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کی تعمیر اور تشکیل میں ...

عید پر کوئٹہ سمیت ضلعی ہیڈکوارٹرز میں لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی، کیسکو

دہشت گردوں کا کسی مذہب سے تعلق نہیں، سردار سربلند جوگیزئی

بی ایف اے کی غیر معیاری آئس کریم برینڈز کیخلاف کارروائی

کوئٹہ حملہ دین و وطن کیخلاف گھناؤنی سازش ہے، ٹی این ایف جے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

سی پولیس کی مشترکہ کارروائی مطلوب ملزم گرفتار

سرکل بی محمد اشرف جمالی کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او صدر امداد حسین، انچارج ایگل اسکواڈ نذیر احمد، ہیڈ کانسٹیبل شہریار، کانسٹیبل عظمت خان، کانسٹیبل عصمت اللہ اور کانسٹیبل مہر اللہ نے دوران اسنیپ چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے پولیس تھانہ صدر کو مطلوب مفرور ملزم محمد اقبال عرف بالے ولد محمد حیات کو گرفتار کرلیا۔

100 سے زائد نوجوان اسلام آباد، لاہور اور سیالکوٹ کا دورہ مکمل کرکے واپس پہنچ گیا

مینا مجید بلوچ کی سرپرستی میں وفد میں بلوچستان کے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں اور ڈویژنز کو نمائندگی دی گئی تھی

بلوچستان یوتھ کیپسٹی بلڈنگ اینڈ ایکسپوژر پروگرام کے ذریعے بلوچستان بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے نوجوان شامل تھے

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ امور نوجوانان بلوچستان کے زیر انتظام وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے خصوصی اقدامات کے تحت، مشیر کھیل اور امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کی سرپرستی میں بلوچستان یوتھ کیپسٹی بلڈنگ اینڈ ایکسپوژر پروگرام کے ذریعے بلوچستان بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے نمائندہ نوجوانوں کے وفد کا اسلام آباد، لاہور اور سیالکوٹ کا کامیاب دورہ مکمل ہوگیا۔ وفد میں بلوچستان بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے 100 سے زائد نوجوان شامل تھے جن میں اکثریت خواتین کی شامل تھی۔ وفد میں بلوچستان کے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں اور ڈویژنز کو نمائندگی دی گئی۔ یاد رہے کہ ایکسپوژر پروگرام، بلوچستان یوتھ سوشو اکنامک ڈویلپمنٹ پروگرام کا اہم حصہ ہے۔ جس کو بلوچستان یوتھ پالیسی کے تحت پی ایس ڈی پی اسکیم کے ذریعے عمل میں لایا گیا ہے۔ دورے میں نوجوانوں کو پارلیمانی و سرکاری اداروں میں پاکستان کے پارلیمانی نظام، جمہوری اداروں اور سرکاری امور پر بریفنگز دی گئی جس میں پاکستان انسٹیٹیوٹ آف پارلیمنٹری سروسز اسلام آباد اور دیگر شامل تھے نوجوانوں کے وفد کو اعلیٰ تعلیمی اداروں کا دورہ بھی کروایا گیا جہاں نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقعوں، سکالرشپس پر بریفنگز اور آگاہی دی گئی جن قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد، یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب لاہور، نیشنل کالج آف آرٹ لاہور اور دیگر شامل تھے۔ وفد کے شرکاء کو سیالکوٹ میں سپورٹس گڈز کے انڈسٹری، سرجیکل انڈسٹری کا دورہ کروایا گیا جہاں نوجوانوں کو انڈسٹریل پروڈکشن، روزگار، کاروبار، مواقعوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے رکن ملک کے مایہ ناز کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں کروائی گئی کاروباری شخصیات نے نوجوانوں کو انڈسٹری کی ضروریات کے مطابق اپنی سکلز کو بہتر کرنے، مہارت حاصل کرنے اور کاروبار و روزگار کے رہنما اصولوں سے آگاہی دی۔ ڈائریکٹر امور نوجوانان الیاس شاد بلوچ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں بھی بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے منصوبے مرتب کرنے کیلئے کوشاں ہوں انشاءاللہ بلوچستان کے نوجوان ملک کے دیگر علاقوں کے نوجوانوں کے برابر لاکھڑا کریں گے۔

عیدالاضحیٰ آنے سے قبل کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا بحران شدت اختیار کرگیا

شہریوں کا کیسکو کے خلاف شدید احتجاج، 10 گھنٹے بجلی بند رہنے سے معمولات زندگی متاثر

عید کی خریداری، گھریلو تیاریوں اور شدید گرمی کے موسم میں طویل لوڈشیڈنگ نے زندگی اجیرن بنادی ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں مزید اضافہ ہوگیا، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کیسکو کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں روزانہ 9 سے 10 گھنٹے تک بجلی بند کی جارہی ہے جس پر عوام میں سخت بے چینی اور غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق عید کی خریداری، گھریلو تیاریوں اور شدید گرمی کے موسم میں طویل لوڈشیڈنگ نے زندگی اجیرن بنادی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں جوائنٹ روڈ، ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی، سریاب روڈ، مشرقی روڈ، زرغون روڈ، جان محمد روڈ، کواری روڈ، کاسی روڈ، کرنسی روڈ، بلوچی اسٹریٹ اور دیگر کئی علاقے شامل ہیں جہاں کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی بندش کے باعث پانی کی فراہمی بھی شدید متاثر ہورہی ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی ماند پڑ گئی ہیں۔ تاجروں کے مطابق عیدالاضحیٰ سے قبل بازاروں میں رش بڑھنے کے باوجود بجلی کی طویل بندش کے باعث کاروبار متاثر ہورہا ہے اور دکاندار شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ خواتین کا کہنا ہے کہ عید کی تیاریوں، سلائی کڑھائی، کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری اور بچوں کی ضروریات پوری کرنے میں شدید مشکلات پیش آرہی ہیں۔ دوسری جانب طلباء نے بھی شکایت کی ہے کہ بجلی نہ ہونے سے امتحانات کی تیاری متاثر ہورہی ہے۔ شہری حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ کیسکو کی جانب سے نہ تو باقاعدہ شیڈول جاری کیا جارہا ہے اور نہ ہی لوڈشیڈنگ کے دورانیے سے متعلق عوام کو آگاہ کیا جارہا ہے، جس کے باعث لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے۔ کئی علاقوں میں رات گئے بھی بجلی کی آنکھ مچولی جاری رہتی ہے شہریوں، سماجی تنظیموں اور تاجر برادری نے وفاقی حکومت اور کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر لوڈشیڈنگ میں فوری کمی کی جائے اور کم از کم شہری علاقوں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام عید کی تیاری سکون کے ساتھ مکمل کرسکیں دوسری جانب کیسکو ذرائع کا کہنا ہے کہ بجلی کی طلب میں اضافے، تکنیکی مسائل اور بعض فیڈرز پر نقصانات کے باعث لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھایا گیا ہے، تاہم صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں یو این اے کے مطابق کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ سے قبل بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ نے جہاں عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے

آغا خان فاؤنڈیشن کی سماجی خدمات قابل ستائش ہیں، سہیل آفریدی

چترال (آئی این پی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ آغا خان فاؤنڈیشن کی تعلیم، صحت اور سماجی خدمات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے لوئر چترال ایئرپورٹ پر پرنس رحیم آغا خان چہارم سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چترال کا مختصر دورہ کیا، جس کا مقصد پرنس رحیم آغا خان چہارم کی آمد پر ان کا خیر مقدم کرنا تھا۔

چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر اور دیگر حج کی سعادت حاصل کررہے ہیں

ٹرین دہشتگردی بدترین ظلم ہے، دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، ملک شاہ گورگیج

شرپسند عناصر بلوچستان کا امن خراب نہیں کرسکتے، نہ اپنے عزائم میں کامیاب ہوسکتے، رکن قومی اسمبلی

قوم کے اتحاد اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 259 گوادر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی ملک شاہ گورگیج نے کوئٹہ چمن پھاٹک کے قریب مسافر ٹرین پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم مسافروں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور انسانیت سوز عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں اور پوری قوم ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائے گی۔ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے عناصر ملک دشمن قوتوں کے آلہ کار ہیں جو پاکستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے اتحاد اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ حاجی ملک شاہ گورگیج نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

کوئٹہ بم دھماکہ پاکستان پر حملہ ہے، جوانان پاکستان نظریاتی

ہمارے بہادر فورسز اور انٹیلی جنس ادارے اپنے فرائض سے غافل نہیں ہے، ڈاکٹر احسان کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ، صوبہ سندھ کے صدر محمد ابراہیم خان منگل، صوبہ خیبرپختونخوا کے صدر عاشق علی خان، پنجاب کے آرگنائزر علی رحمان بٹ، ضلع پشین کے صدر عبدالجبار پٹھان، ضلع چمن کے صدر محمد حنیف خان ... ہمارے دشمنوں کا پیچان ہے جوانان پاکستان نظریاتی اس بزدلانہ دہشت گردی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں دہشت گردوں کا کوئی دین اسلام نہیں ہے یہ لوگ ہندوستان اسرائیل کے اشارے پر ملک میں انتشار بدامنی پھیلانے سے گریز نہیں کرتے ہیں لیکن ہمارے بہادر فورسز اور انٹیلی جنس ادارے اپنے ...

مدارس دینی تعلیم اور معاشرتی اصلاح کے مراکز ہیں، رحمت اللہ ہنگورئی

نصیرآباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع نصیرآباد کے امیر کی زیر صدارت ایک اہم تنظیمی اجلاس منعقد ہوا جس میں تحصیل امیر حاجی رحمت اللہ ہنگورئی سمیت عہدیداران کارکنان اور ذمہ داران اور مدارس کے منتظمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجلاس میں مدارس کے خلاف حکومت کے ناکام عزائم تفصیلی غور کیا گیا شرکاء نے ... اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تحصیل امیر حاجی رحمت اللہ ہنگورئی نے کہا کہ مدارس دینی تعلیم اسلامی اقدار اور معاشرتی اصلاح کے مراکز ہیں ان کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی ناقابل قبول ہے، جمعیت علماء اسلام مدارس کے تحفظ دینی آزادی اور مذہبی اداروں کے دفاع کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی



کوئٹہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ٹریفک جام کا منظر

کوئٹہ میں دھماکہ، ریلویز پولیس کو الرٹ رہنے کی ہدایت کردی، وصال فخر سلطان

ریلوے ٹریکس، مسافر و مال گاڑیوں، اہم ریلوے تنصیبات، اسٹورز، ورکشاپس اور دفاتر کی سیکورٹی کو مزید سخت کردیا گیا

ریلویز پولیس دیگر سیکورٹی اداروں کیساتھ مل کر ریلوے تنصیبات، مسافروں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار اور متحرک ہے

آئی جی ریلویز پولیس کا دورہ کوئٹہ، چمن پھاٹک کے قریب دھماکے سے نقصانات کا جائزہ، ریلوے حکام کی بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی ریلویز پولیس محمد وصال فخر سلطان نے گزشتہ روز ہونے والے بم دھماکے کے تناظر میں کوئٹہ کا ہنگامی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے دھماکے میں شدید زخمی ہونے والے ریلویز پولیس اہلکاروں ان کے لواحقین اور دیگر زخمیوں سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی منیر احمد شیخ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ آئی جی ریلویز پولیس نے شدید زخمی ریلویز پولیس اہلکار عبدالصمد، نگریز اور طیب کی خصوصی تیمارداری کی، ان کے حوصلے کو سراہا اور ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے زخمی اہلکاروں کو یقین دہانی کروائی کہ ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ زخمی اہلکاروں کو جدید دور کے بہترین طبی سہولیات اور علاج معالجے کی تمام ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی جبکہ علاج کے تمام اخراجات ریلویز پولیس کی جانب سے برداشت کیے جائیں گے۔ موجودہ حالات کے تناظر میں آئی جی ریلویز پولیس نے ریلویز پولیس کو الرٹ رہنے کے احکامات جاری کردیے ہیں، ریلوے ٹریکس، مسافر و مال گاڑیوں، اہم ریلوے تنصیبات، ریلوے یارڈز، اسٹورز، ورکشاپس اور دفاتر کی سیکورٹی کو مزید سخت کردیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ریلوے اسٹیشنز، ریلوے پلوں، ٹریکس اور حساس مقامات پر باقاعدہ سرچ، سویپ اور گشت کا انعقاد کیا جائے بعد ازاں آئی جی ریلویز پولیس نے دھماکے کے مقام اور ریلویز اسٹیشن کوئٹہ کا بھی دورہ کیا اور سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریلویز پولیس دیگر لا انفورسمنٹ ایجنسیز کے ساتھ مل کر ریلوے تنصیبات، مسافروں اور قومی اثاثوں کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار اور متحرک ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گرد عناصر اور شرپسند گروہوں کو ان کے مذموم عزائم میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور ریلویز پولیس ملک میں ریلوے نظام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتی رہے گی۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی، مساجد اور عیدگاہوں کیلئے سیکورٹی پلان تشکیل

عیدالاضحیٰ کے موقع پر فول پروف سیکورٹی کو یقینی بنایا جائے گا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی عیدالاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کا سیکورٹی پلان، عیدالاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کے 3700 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی و ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے، سی پی او، 736 مساجد، 62 امام بارگاہوں، 60 کھلے مقامات کے لئے سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کئے گئے ہیں، سی پی او، شہر بھر میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے 1000 سے زائد افسران ٹریفک ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، سی پی او، عید کے ایام میں ون ویلنگ کی روک تھام کے لیے شہر بھر میں 25 خصوصی پکٹس پر 250 سے زائد افسران ڈیوٹی سرانجام دیں گے، سی پی او، پبلک مقامات اور پارکس پر 350 جبکہ قبرستانوں پر 277 سے زائد افسران تعینات کیے گئے ہیں، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے تھانوں کی موبائلز کا خصوصی پٹرولنگ پلان اور 43 سے زائد خصوصی پکٹس لگائی گئی ہیں، سی پی او، سینئر افسران خود فیلڈ میں موجود رہیں گے اور موثر سپرویژن کو یقینی بنائیں گے، سی پی او، عیدالاضحیٰ کے موقع پر فول پروف سیکورٹی کو یقینی بنایا جائے گا، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کا سیکورٹی پلان، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کے 3700 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی و ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے، 736 مساجد، 62 امام بارگاہوں، 60 کھلے مقامات کے لئے سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کئے گئے ہیں، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین فرض ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

سی پی او خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بس اڈوں کی خصوصی چیکنگ

مسافروں کے مکمل کوائف کے ساتھ ویڈیو گرافی بھی کی جا رہی ہے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بس اڈوں کی خصوصی چیکنگ، چیف ٹریفک آفیسر کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل، ٹیموں کا بس اڈوں پر قائم مانیٹرنگ سسٹم کا جائزہ، پولیس افسران اور اڈہ مینیجرز کو ہدایات، بس اڈوں میں پیر ودھائی جنرل بس سٹینڈ اور پشاور روڈ کے دیگر بس سٹینڈ شامل ہیں، سی پی او، تمام اڈوں پر شہر میں داخل ہونے اور باہر جانے والے مسافروں کا ڈیٹا ریکارڈ کیا جا رہا ہے، سی پی او، مسافروں کے مکمل کوائف کے ساتھ ویڈیو گرافی بھی کی جا رہی ہے، سی پی او، ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 3 بس سٹینڈ سیل کر دیئے گئے، سی پی او، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بس اڈوں کی خصوصی چیکنگ، چیف ٹریفک آفیسر کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں، مختلف مقامات پر شکایات موصول ہونے پر 187 افراد کو جرمانہ کیا گیا، 13 گاڑیوں کو بند کیا گیا، شہریوں سے اوور چارجنگ کی مد میں لئے گئے 67 ہزار روپے بھی واپس دلوائے گئے، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، عیدالاضحیٰ کے موقع پر امن و امان کے قیام کے لیے تمام بس اڈوں و ٹکٹ اڈوں کی خصوصی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔

حیدرآباد ایک شخص قربانی کے بکروں کیلئے چھریاں تیز کررہا ہے

کوئٹہ خودکش دھماکہ دہشت گردی اور انسانیت دشمنی ہے، سردار برات خان درانی

عیدالاضحیٰ جیسے مقدس اور بابرکت موقع پر نہتے شہریوں کا خون بہانا قابل مذمت ہے

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و قبائلی رہنما سردار برات خان درانی نے کوئٹہ میں ہونے والے ہولناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی دہشت گردی اور انسانیت دشمنی قرار دیا ہے۔ انہوں نے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ... ہیں، تاہم پوری قوم متحد ہو کر ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملے عوام کے حوصلے پست نہیں کرسکتے اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ امن، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے حالیہ واقعات نے عوام میں شدید تشویش پیدا کردی ہے، اس لیے حکومت اور قانون ...

عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں مخصوص مقامات پر پھینکیں، میونسپل کمیٹی بیلا

... شہریوں سے اپیل شہر کو صاف رکھنے میں شہری اپنے تعاون کو یقینی بنائیں میونسپل کمیٹی بیلا کے چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ، وائس چیئرمین طارق علی بلوچ اور چیف آفیسر عبدالرزاق زہری نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں جگہ جگہ نہ پھینکیں بلکہ اپنے علاقوں میں مخصوص جگہوں پر جمع کریں میونسپل کمیٹی کا عملہ صفائی وہاں سے آلائشیں اٹھا کر شہر کو صاف رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی بیلا کا عملہ صفائی عید کے تینوں روز اپنے فرائض سرانجام دے شہریوں کو چاہیے کہ وہ عملہ صفائی کے ساتھ بھرپور تعاون کرکے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اپنے گلی محلے اور شہر کو صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے ہم سب مل کر اپنے اپنے کردار کو ادا کرتے ہوئے اپنے شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنا سکتے ہیں۔

روحانی طلبہ جماعت وندر سٹی کا تربیتی پروگرام اور محفل ذکر کا انعقاد

خلیفہ سائیں فقیر محمد انگاریہ کا درس، مٹھائی کی تقسیم کیساتھ تقریب اختتام پذیر

وندر (یو این اے) روحانی طلبہ جماعت برانچ طاہری فقیر وندر سٹی کا ہفتہ وار تربیتی پروگرام بعد نماز مغرب زاہد علی دودا طاہری کی رہائش گاہ پر خلیفہ سائیں فقیر محمد انگاریہ طاہری کی زیر صدارت میں منعقد ہوا۔ محفل کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے کیا گیا جس کی سعادت محمد عارف طاہری نے حاصل کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہدیہ نعت رسول ﷺ اور محبوب مرشد مجن سائیں کی شان میں ہدیہ منقبت کا نذرانہ محمد جمیل طاہری و غلام محمد طاہری نے گلہائے عقیدت پیش کیا۔ مختصر درس خلیفہ سائیں فقیر محمد انگاریہ طاہری نے ذکر قلبی کے موضوع پر بہترین انداز میں بیان فرمایا مومن علی طاہری نے شجرہ عالیہ پیش کیا۔ اس موقع پر روحانی طلبہ جماعت برانچ طاہری فقیر وندر سٹی کے صدر محمد جمیل طاہری، مشیر نائب صدر زاہد علی دودا طاہری، جوائنٹ سیکرٹری حسنین علی طاہری، آفس سیکرٹری محمد نواز طاہری، معاون فنانس محمد رضوان طاہری، ممبران میں محمد عمیر طاہری، سیف اللہ طاہری، محمد ایاز طاہری، جماعت اصلاح المسلمین برانچ براہویہ کالونی وندر کے صدر عبدالمجید طاہری شاہد علی دودا طاہری موجود تھے۔ پروگرام روحانی ماحول میں اختتام پذیر ہوا اور شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

ڈی آئی جی محمد جواد طارق کا زیر التوا مقدمات بارے اہم اجلاس

سابقہ ریکارڈ یافتہ عناصر کے خلاف کارروائیوں، تفتیشی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کا زیر التوا مقدمات کے حوالے سے اہم اجلاس۔ مقدمات کو میرٹ اور مقررہ ٹائم لائن کے مطابق جلد یکسو کرنے، اشتہاری و ریکارڈ یافتہ مجرمان کی گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایت، تفتیشی افسران دیانتداری، محنت اور قانون کے مطابق فرائض انجام دیں کیونکہ معیاری تفتیش ہی انصاف کی بنیاد ہے، محمد جواد طارق تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی زیر صدارت زیر التوا مقدمات ... تمام زونل ایس پیز نے شرکت کی، اجلاس کے دوران مختلف تھانوں میں زیر تفتیش مقدمات، چالان کی بروقت تکمیل، اشتہاری مجرمان کی گرفتاری، سابقہ ریکارڈ یافتہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور مجموعی تفتیشی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور سائلین کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام کے، جرائم ...

راولپنڈی، پبلک مقامات کے لئے فول پروف سیکورٹی پلان تیار

عیدالاضحیٰ خوشی اور عظیم قربانی کا اجتماعی مذہبی تہوار ہے، بخت محمد کاکڑ

پرمسرت موقع پر ملک اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، وزیر صحت

ہمیں چاہیے کہ عید کے دن ضرورت مندوں، یتیموں، بیواؤں اور غریبوں کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر ملک اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ خوشی اور قربانی کا ایک اجتماعی مذہبی تہوار ہے جو اتحاد و محبت، ہمدردی اور یکجہتی کے جذبے کو اجاگر کرتی ہے اور عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت اسماعیل ذبیح اللہ کے غیر معمولی ایمان کی عکاسی کرتی ہے۔ جیسا کہ ہم عید کی برکات سے لطف اندوز ہوتے ہیں، آیئے ہم بھی ذمہ داری کو نبھانے کی کوشش کریں۔ اپنے اردگرد کے ماحول میں حفاظت، صفائی ستھرائی اور ہم آہنگی کو ترجیح دیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ہم پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم ضرورت مندوں، یتیموں، بیواؤں اور غریبوں کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں۔ انہوں نے کہا کہ عید کی دن اپنے شہروں کو صاف رکھنے کیلئے جانوروں کے فضلے اور کوڑے کو باقاعدگی سے ٹھکانے لگانے کو یقینی بناتے ہوئے، صفائی ستھرائی کی مخصوص ٹیمیں عوامی جگہوں پر مامور ان کی ساتھ تعاون رکھیں۔ صوبائی وزیر صحت نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب قربانیوں اور عبادتوں کو قبول فرمائے اس دن کی مناسبت سے ملکی استحکام اور کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

کوئٹہ لوگ عید کیلئے مٹھائی خرید رہے ہیں

کراچی، عید قرباں سے قبل سٹریٹ کرائم میں اضافہ، ویڈیو وائرل

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے منظور ... میں عید قرباں سے قبل سٹریٹ کرائم میں اضافہ دیکھنے میں آیا، جس سے شہری شدید خوفزدہ ہیں۔ اطلاعات کے مطابق، اجتماع گاہ روڈ پر دن ...

ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی ساتھیوں سمیت بازیابی خوش آئند ہے، ڈاکٹر گل حسن

کوئٹہ میں سرعام منشیات کے استعمال میں اضافہ، شہریوں میں تشویش کی لہر

... مطابق کوئٹہ کے مصروف ترین جناح روڈ پر منشیات کے عادی افراد کھلے عام نشہ کرتے دکھائی دیتے ہیں، جس سے نہ صرف شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ خواتین، بچوں اور خاندانوں کیلئے بھی ماحول غیر محفوظ بنتا جارہا ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اہم شاہراہ پر اس طرح کے مناظر انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔

پشین میں بلدیاتی افسر کی غفلت سے ڈینگی کیسز میں خطرناک اضافہ

... شہر پشین میں حالیہ طوفانی بارشوں کے بعد اسپرے اور صحت و صفائی نہ ہونے کے باعث شہر میں ڈینگی وائرس کی وباء بے قابو ہوگیا، شہر اور گردونواح میں اب تک دس سے زائد افراد میں ڈینگی کی کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، شہری حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ پشین شہر میں بلدیاتی ادارہ کے افسر چیف آفیسر نے اپنی ذمہ داری ادا کرنے ... تدارک کیلئے شہر میں اسپرے کیا جائے اور ساتھ ساتھ شہری بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے گھروں کے واش روم میں رکھے پانی کے ٹب ضرور بند کرکے ڈھانپ لیں تاکہ وبائی امراض سے بچا جاسکے واضح رہے شہر میں صحت و صفائی کی ابتر صورتحال کی وجہ سے لوگ مختلف بیماریوں سے دوچار ہورہے ہیں۔

دشمن کے نقصان سے بچنے کیلئے مسلم امہ کا متحد ہونا ہوگا، سید ناصر شیرازی

وطن عزیز پاکستان کی سالمیت و دہشتگردوں سے حفاظت کیلئے تمام مسالک کو اتحاد و وحدت میں رہنا ہوگا، برادر محمد تقی

فلسطین، ایران، لبنان سمیت دیگر اسلامی ممالک میں بمباری سے لاکھوں افراد شہید اور زخمی ہوچکے ہیں، علامہ کاظم

کوئٹہ (این این آئی) اتحاد امت فورم بلوچستان کے تحت شہدائے فلسطین و لبنان و یمن و ایران و بالخصوص رہبر معظم حضرت آیت اللہ سید علی خامنہ ای رح کی یاد میں تکریم شہداء و شہید امت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا کانفرنس سے سربراہ امت واحدہ پاکستان علامہ امین شہیدی، مجلس وحدت المسلمین کے سید ناصر شیرازی، مرکزی محرک تحریک بیداری برادر محمد تقی، مرکزی جنرل سیکرٹری امامیہ سٹوڈنٹ آرگنائزیشن، علامہ کاظم بہجتی، علامہ جمعہ اسدی، علامہ سید ہاشم موسوی، علامہ غلام حسنین وجدانی، علامہ رحمت علی رضوانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام دشمن قوتیں مسلمانوں کے خلاف متحد ہوچکی ہیں اور مختلف بہانوں سے مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ و اسرائیل فلسطین، ایران سمیت پورے مشرق وسطیٰ میں جنگ کے شعلے بڑھکائے اور امت مسلمہ پر بغیر کسی وجہ کے مظالم ڈھا رہے ہیں آج فلسطین، ایران، لبنان سمیت دیگر اسلامی ممالک میں بمباری سے لاکھوں افراد شہید اور زخمی ہوچکے ہیں جبکہ لاکھوں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک مسلم امہ متحد نہیں ہوجاتی انہیں دشمن نقصان پہنچاتے رہیں گے۔ انہوں نے وطن عزیز پاکستان کی سالمیت و دہشتگردوں سے حفاظت کیلئے تمام مسالک کو اتحاد و وحدت میں رہنے و دہشتگردوں کے خلاف یکجا رہنے کو ہی پاکستان کیلئے لازمی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت دشمن پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے ہمیں متحد ہوکر دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانا ہوگا۔ انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب مسافر ٹرین پر خودکش حملے کی مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں درجنوں افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم دہشت گردی کے خاتمے اور ملک کے دفاع کیلئے پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور انشاءاللہ پاکستان سے جلد دہشت گردی کا خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دھماکے میں شہید ہونے والوں کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی بھی دعا کی گئی۔

غیر قانونی طور پر لیبیا پہنچنے والے 177 پاکستانی وطن واپس پہنچا دیے گئے

لاہور، راولپنڈی (آئی این پی) غیرقانونی طور پر لیبیا پہنچنے والے 177 پاکستانی وطن واپس پہنچا دیے گئے۔ غیر قانونی طریقے سے لیبیا پہنچنے والے ایک سو ستتر پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرکے خصوصی طیارے کے ذریعے پاکستان واپس پہنچا دیا گیا۔ یورپ جانے کے خواہشمند یہ افراد ڈنگی کے ذریعے لیبیا پہنچے تھے۔



کوئٹہ مسجد روڈ سے لوگ بڑی تعداد میں عید کیلئے شاپنگ کرنے میں مصروف ہیں

عیدالاضحیٰ ایثار، صبر، برداشت اور انسان دوستی کا عملی درس بھی دیتی ہے، سعدیہ بادینی

مقدس دن ہمیں اپنے ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر انسانیت، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے

حالات کو سنجیدگی سے نہ لیا گیا تو غربت، بے روزگاری، اور بیماریوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے، سیکرٹری تعلیم نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری تعلیم سعدیہ بادینی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ عیدالاضحیٰ صرف ایک مذہبی تہوار نہیں بلکہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل کی عظیم قربانی کی یاد کے ساتھ ایثار، صبر، اخوت، محبت، برداشت اور انسان دوستی کا عملی درس بھی دیتی ہے۔ یہ مقدس دن ہمیں اپنے ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر انسانیت، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ سعدیہ بادینی نے کہا کہ اس وقت بلوچستان سمیت پورا خطہ شدید بدامنی، بے چینی اور غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے۔ خوف، کشیدگی اور عدم استحکام کے باعث عوام کی زندگی بری طرح متاثر ہورہی ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور معاشی نقصانات نے پورے معاشرے کو کرب میں مبتلا کردیا ہے، جبکہ اس صورتحال کے اثرات مستقبل کی نسلوں تک منتقل ہونے کا خدشہ پیدا ہوچکا ہے۔ اگر حالات کو سنجیدگی سے نہ لیا گیا تو غربت، بے روزگاری، جہالت اور بیماریوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ سعدیہ بادینی نے کہا کہ جس طرح عالمی سطح پر امن کے قیام کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں، اسی طرح بلوچستان میں بھی پائیدار امن کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے حکمرانوں، ریاستی اداروں اور تمام متعلقہ حلقوں سے مطالبہ کیا کہ لاپتہ افراد کو منظر عام پر لایا جائے اور سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے تاکہ ان کے اہل خانہ بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدامات خطے میں امن، اعتماد اور آشتی کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ثابت ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں نفرت کے بجائے محبت، تقسیم کے بجائے اتحاد، اور تشدد کے بجائے برداشت، مکالمے اور افہام و تفہیم کا درس دیتی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام اختلافات کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے تاکہ ملک اور خطہ مزید تباہی اور انتشار سے محفوظ رہ سکے۔ آخر میں سعدیہ بادینی نے تمام اہل وطن خصوصاً بلوچستان کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور بالخصوص بلوچستان میں امن، خوشحالی، استحکام اور بھائی چارے کو ہمیشہ قائم رکھے

شہریوں سے لوٹ مار کرنے والا جعلی کسٹم اہلکار گرفتار

لاہور (آئی این پی) خود کو کسٹم افسر ظاہر کرکے شہریوں سے نوسربازی اور لوٹ مار کرنے والے جعلی اہلکار گرفتار کرلیا گیا۔ ایس پی کینٹ کی ہدایت پر ایس ایچ او سرور روڈ رانا عرفان نے ...

پاکستان دفاعی لحاظ سے ناقابل تسخیر ہے، ڈاکٹر گوہر اعجاز

Bank AL Habib
بینک الحبیب لمیٹڈ
اے ٹی ایم کسٹمرز توجہ فرمائیں
بینک الحبیب کے اے ٹی ایمز عید کی تعطیلات کے دوران 24/7 دستیاب رہیں گے۔
کسی بھی استفسارات یا شکایات کے لئے براہ مہربانی ہمارے کال سینٹر سے رجوع فرمائیں
(+92 21) 111-014-014
/BAHLOfficial | bankalhabib.com
Bank AL Habib Limited
رشتہ بھروسے کا

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر وپبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 27 مئی 2026ء

اتحاد واتفاق اور یکجہتی ۔امت مسلمہ کے جملہ مسائل کا شافی علاج

آج عیدالاضحیٰ کا مبارک دن ہے مسلمان سنت ابراہیمی کی تقلید کرتے ہوئے آج عید منائیں گے عیدالاضحیٰ اور حج بیت اللہ کا مبارک موقع امت مسلمہ کے لئے صرف عبادات اور مذہبی رسومات کی ادائیگی کا نام نہیں بلکہ یہ ملت اسلامیہ کے اتحاد، اخوت، قربانی، صبر اور باہمی یکجہتی کا ایک عظیم عالمی پیغام بھی ہے۔ دنیا بھر سے لاکھوں مسلمان ایک مرکز پر جمع ہوکر اس حقیقت کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں کہ اسلام رنگ، نسل، زبان، قومیت اور جغرافیائی تقسیم سے بالاتر ہوکر انسانوں کو ایک مضبوط رشتے میں جوڑتا ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جس کی آج پوری امت مسلمہ کو سب سے زیادہ ضرورت ہے کیونکہ موجودہ دور میں مسلمانوں کو جن سیاسی، معاشی، سماجی اور فکری چیلنجز کا سامنا ہے، ان کا سب سے مؤثر اور شافی علاج اتحاد واتفاق اور یکجہتی ہی میں پوشیدہ ہے۔ یہ روح پرور اجتماع اور عظیم تہوار دراصل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اسی عظیم قربانی کی یاد تازہ کرتا ہے جس نے انسانیت کو اطاعت الٰہی، ایثار اور وفاداری کا لازوال سبق دیا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی سب سے محبوب چیز قربان کرنے کا ارادہ کیا اور اس امتحان میں سرخرو ہوکر قیامت تک کے لئے ایمان واستقامت کی علامت بن گئے۔ یہی وہ روح ہے جو مسلمانوں کو یہ درس دیتی ہے کہ ذاتی خواہشات، تعصبات، اختلافات اور مفادات کو قربان کئے بغیر اجتماعی فلاح اور امت کی سربلندی ممکن نہیں۔ آج اگر امت مسلمہ کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔ فلسطین میں نہتے مسلمانوں پر ظلم وبربریت کے پہاڑ توڑے جارہے ہیں، غزہ کھنڈر بن چکا ہے، مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام دہائیوں سے ظلم وجبر کا شکار ہیں، سوڈان، شام، یمن اور دیگر کئی مسلم ممالک بدامنی اور خانہ جنگی کی لپیٹ میں ہیں۔ دوسری جانب اسلام دشمن قوتیں مسلسل مسلمانوں کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔ لیکن افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ امت مسلمہ اپنی داخلی کمزوریوں، سیاسی اختلافات، فرقہ واریت اور باہمی انتشار کے باعث ایک مضبوط قوت کے طور پر سامنے نہیں آپا رہی۔ گزشتہ روز حج کے موقع پر مسجد نمرہ میں امام وخطیب مسجد نبوی شیخ ڈاکٹر علی الحذیفی کے خطبہ حج نے امت مسلمہ کو جن بنیادی اصولوں کی طرف متوجہ کیا، وہ دراصل آج کے تمام مسائل کا حل پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں واضح کیا کہ سب سے بڑی کامیابی توحید ہے۔ توحید انسان کو ہر قسم کے خوف، غلامی، تعصب اور باطل قوتوں کے سامنے جھکنے سے آزاد کرتی ہے۔ جب مسلمان ایک اللہ پر کامل یقین رکھتے ہوئے ایک امت بن جائیں تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں کمزور نہیں کرسکتی۔ شیخ علی الحذیفی نے تقویٰ کو ایمان والوں کی شان قرار دیتے ہوئے کہا کہ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور تقویٰ اختیار کرو، اپنے عہد کی پاسداری کرو۔ اگر مسلم حکمران، سیاسی قیادتیں اور عوام تقویٰ، دیانت اور وعدے کی پاسداری کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیں تو مسلم دنیا کے بیشتر مسائل خود بخود ختم ہوسکتے ہیں۔ بدعنوانی، ناانصافی، ظلم، اقرباپروری اور کرپشن نے کئی مسلم معاشروں کو اندر سے کھوکھلا کردیا ہے۔ اسلام کا اصل پیغام عدل، امانت اور دیانت داری ہے۔ خطبہ حج میں ہمیشہ سچ بولنے اور غلط بیانی سے بچنے کی تلقین بھی نہایت اہم ہے۔ آج کا دور جھوٹ، پروپیگنڈے، نفرت انگیزی اور فتنہ پروری کا دور بنتا جارہا ہے۔ سوشل میڈیا اور سیاسی مفادات نے معاشروں میں تقسیم اور انتشار کو مزید بڑھادیا ہے۔ اگر مسلمان سچائی، اعتدال اور برداشت کا راستہ اختیار کریں تو بہت سے تنازعات اور اختلافات ختم ہوسکتے ہیں۔ امام کعبہ نے بدعت، غیبت اور جھگڑوں سے دور رہنے کی تلقین کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ حج کا اصل مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا اور تقویٰ کا حصول ہے۔ یہی پیغام پوری امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ہے۔ فرقہ واریت، لسانی تقسیم، سیاسی نفرت اور مسلکی تعصب نے مسلمانوں کو کمزور کیا ہے۔ دشمن قوتیں ہمیشہ اسی انتشار سے فائدہ اٹھاتی ہیں۔ اگر امت مسلمہ اپنے مشترکہ عقائد اور مقدسات پر متحد ہوجائے تو اس کی کھوئی ہوئی عظمت دوبارہ بحال ہوسکتی ہے۔ خطبہ حج میں یہ حقیقت بھی بڑی خوبصورتی سے بیان کی گئی کہ دنیا بھر سے مختلف رنگوں، نسلوں اور زبانوں کے لوگ اللہ کے گھر میں جمع ہوئے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کی عظیم نشانی ہے۔ اسلام انسانوں کے درمیان تفریق نہیں بلکہ مساوات اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ حج کے موقع پر ایک امیر وغریب، عرب وعجم، گورے وکالے سب ایک لباس میں ایک ہی رب کے سامنے جھک جاتے ہیں۔ یہ منظر اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ اسلام انسانیت کو متحد کرنے والا دین ہے۔ بدقسمتی سے مسلم دنیا مسائل ومشکلات کے حصار میں جکڑی ہوئی ہے امت کے اجتماعی مسائل پس منظر میں جاتے دکھائی دیتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عالمی سطح پر مسلمانوں کی آواز کمزور محسوس ہوتی ہے۔ حالانکہ اگر اسلامی ممالک باہمی اتحاد، مشترکہ اقتصادی تعاون، سائنسی ترقی اور دفاعی اشتراک کی پالیسی اختیار کریں تو وہ ایک بڑی عالمی قوت بن سکتے ہیں پاکستان اس حوالے سے خصوصی اہمیت کا حامل ملک ہے۔ وطن عزیز پاکستان کا قیام بڑی قربانیوں اور عظیم جدوجہد کے نتیجے میں عمل میں آیا ہے وطن عزیز پاکستان عالم اسلام کی واحد ایٹمی قوت بھی ہے اور ہمیشہ امت مسلمہ کے مسائل پر واضح مؤقف اختیار کرتا آیا ہے پوری دنیا کے مسلمانوں کی امیدیں ہم سے ہیں فلسطین اور کشمیر کے مسئلے پر پاکستان کی اصولی حمایت پوری دنیا کے سامنے ہے۔ تاہم پاکستان کو بھی داخلی سطح پر اتحاد واستحکام کی ضرورت ہے۔ ہمیں بطور قوم یہ سمجھنا ہوگا کہ قومی اتحاد ہی ترقی اور استحکام کی بنیاد ہے۔ اگر ہم باہمی اختلافات میں الجھے رہیں گے تو نہ صرف اپنی قومی قوت کمزور کریں گے بلکہ امت مسلمہ میں بھی مؤثر کردار ادا نہیں کرسکیں گے۔ عیدالاضحیٰ اور حج ہمیں یہی درس دیتے ہیں کہ بڑی کامیابیاں قربانی، صبر، نظم وضبط اور اتحاد کے ذریعے حاصل ہوتی ہیں۔ آج دنیا جنگوں، معاشی استحصال اور اخلاقی بحرانوں کا شکار ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلم ممالک مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں۔ تعلیم، سائنس، معیشت، ٹیکنالوجی اور دفاع کے میدان میں ایک دوسرے سے تعاون بڑھائیں۔ نوجوان نسل کو انتہاپسندی، نفرت اور مایوسی سے نکال کر مثبت سوچ، تحقیق اور تعمیر کی طرف لایا جائے۔ علم، کردار اور اتحاد ہی وہ طاقتیں ہیں جو امت مسلمہ کو دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتی ہیں۔ عیدالاضحیٰ کا مبارک موقع ہمیں ایک بار پھر یہ احساس دلاتا ہے کہ مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں۔ اگر جسم کے ایک حصے کو تکلیف پہنچے تو پورا جسم بے چین ہوجاتا ہے۔

دو نکات پر اٹکا ہوا امریکہ اور ایران کا معاملہ

برملا — نصرت جاوید

ہفتے کی صبح ایک ذاتی مگر جذباتی معاملے کی وجہ سے دن کے کئی گھنٹے چلچلاتی دھوپ کی شدت کو نظرانداز کرتے ہوئے بھاگ دوڑ کرنا پڑی۔ مسئلہ حل نہ ہوا تو جی مزید پریشان ہوگیا۔ مشکل ہوا بستر پر لیٹا تو جسم بخار سے جلتا محسوس ہوا۔ اتوار کی صبح یہ کالم لکھ کر ہفتے کے آغاز کی عادت سے باز رکھا۔ پیر کی صبح کالم نہ چھپنے کی وجہ سے دیرینہ مہربانوں سے لہٰذا نہایت عاجزی کے ساتھ معافی کا طلب گار ہوں۔

کالم نہ لکھنے کے باوجود کئی دنوں سے سوچ رہا ہوں کہ مارچ کے آغاز میں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملہ ہونے کے دن سے مجھ جیسے بے ہنر قلم گھسیٹ عالمی اخبارات میں "ذرائع" کی بنیاد پر چھپی چند خبروں کی بنیاد پر "عالمی امور کے ماہر ہوئے" ایران اور امریکہ جنگ کے بارے میں رواں تبصرہ نگاری میں مصروف ہیں۔ پاکستان نے یہ جنگ بند کروانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ جنگ بندی کے بعد دیرپا امن کی تلاش شروع ہوئی۔ اس تناظر میں بھی ہماری قیادت نے اہم ترین کردار ادا کیا۔ عمر تمام صحافت کی نذر کردینے کی بدولت نہایت اعتماد سے لیکن یہ دعویٰ کرسکتا ہوں کہ پاکستانی صحافیوں میں سے غالباً ایک فرد کو بھی دیرپا امن کی خاطر ہوئے مذاکرات کے حوالے سے لمحہ بہ لمحہ اور ٹھوس پیشرفت کے بارے میں آگہی میسر نہیں ہے۔ آگہی کا میسر نہ ہونا اس حقیقت کا ٹھوس اظہار ہے کہ فریقین کو لچک دکھانے کو مائل کرنے والی کوششوں کی تفصیلات پاکستان کے چند اہم ترین فیصلہ سازوں کے پاس امانت کی طرح محفوظ ہیں۔

امریکہ اور ایران کے چند صحافی مگر "ذرائع" کے حوالے سے خود کو ہر لمحہ کے بارے میں "باخبر" ثابت کرتا چاہ رہے ہیں۔ اپنی پسند کے بیانیے کی ترویج کے لئے صدر ٹرمپ بذات خود صحافیوں کے ایک مخصوص گروپ کو صبح اٹھتے ہی فون کردیتے ہیں۔ نیویارک پوسٹ کی ٹیلن ڈورنیوں اور انگریزی اوس (Axios) نامی خبررساں ایجنسی کا نمائندہ بارک راوِد اس تناظر میں موصوف کے پسندیدہ ہیں۔ ٹرمپ کے ساتھ براہ راست ہوئی گفتگو کے نتیجے میں لکھی خبروں اور تبصروں کو دنیا بھر کے صحافی سنجیدگی سے لینے کو مجبور ہیں۔ ان دو صحافیوں سے گفتگو کے علاوہ ٹرمپ کو سوشل میڈیا پر بھی طویل پیغامات لکھنے کی عادت ہے۔ اس کی جانب سے لکھے الفاظ کو آپ نظرانداز نہیں کرسکتے۔ واشنگٹن سے براہ راست صدر ٹرمپ کے حوالے سے ایران-امریکہ تنازعہ کے حوالے سے ہوئی گفتگو ہم سب کو کئی ہفتوں سے قیاس آرائیوں کی ٹامک ٹوئیاں مارنے کو مجبور کررہی ہے۔

امریکہ کے علاوہ ایران میں بھی طاقت واختیار کے مختلف مراکز کے قریب تصور ہوتی ہوئی کئی ایجنسیاں ہیں۔ ان میں سے "تسنیم" نامی خبررساں ادارہ پاسداران انقلاب کا "ترجمان" تصور ہوتا ہے۔ وہاں سے جاری ہوئی خبریں واشنگٹن سے آئی اطلاعات کے قطعاً برعکس ہوتی ہیں۔

ہفتے کی رات بالآخر یہ امید نمودار ہوئی کہ پاکستانی فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب کے دوروزہ دورہ امریکہ کے بعد فریقین دیرپا امن کی جانب بڑھنے کے لئے چند کلیدی نکات پر متفق ہوتے ہوئے مزید آگے بڑھنے کو آمادہ ہوگئے ہیں۔ فریقین کو مثبت سمت کی جانب بڑھنے کو جس انداز میں پاکستانی قیادت نے مائل کیا اس کے بارے میں ہمارے سرکاری اور غیر سرکاری میڈیا نے روایتی ہی نہیں سوشل میڈیا پر بھی مشہور ہوئے ڈھنڈورچیوں کے ذریعے کریڈٹ لینے سے گریز کیا۔ "جو میرا فرض تھا میں نے پورا کیا" والی بردباری اختیار کئے رکھی۔ پیر کی صبح اٹھا ہوں تو معاملات مگر دو ہی پر اٹکے ہوئے تھے جہاں ہفتے کی شام امن کی نوید نمودار ہونے سے قبل رکے ہوئے تھے۔ اہم ترین حقیقت آبنائے ہرمز کی بندش ہے۔

دنیا کو تیل، گیس اور کیمیائی کھاد کا 25 فی صد فراہم کرنے والی یہ آبنائے ہرمز اب ایران کے کامل کنٹرول میں ہے۔ پاسداران انقلاب کی اجازت کے بغیر کوئی تیل بردار جہاز وہاں سے گزر نہیں سکتا۔ شنید ہے کہ وہاں سے گزرنے کی اجازت دیتے ہوئے ایرانی حکام "ٹول ٹیکس" نما فیس بھی طلب کرتے ہیں۔ آپ یہ رقم امریکی ڈالروں میں ادا کرپائیں تو چینی کرنسی کے علاوہ میرے اور آپ جیسے کم عقلوں کی عقل سے بالاتر کرپٹو نامی کرنسی میں ادائیگی بھی راہداری فراہم کردیتی ہے۔

خلیجی ممالک سے نکالے تیل اور گیس کی آبنائے ہرمز سے ترسیل کو ممکن بنانے کے باوجود پاسداران انقلاب امریکی بحری بیڑوں کی وجہ سے ہوئی ناکہ بندی کے نتیجے میں اپنی بندرگاہوں سے جانے اور وہاں آنے والے مال بردار جہازوں کی نقل وحرکت یقینی نہیں بناسکتے۔ آبنائے ہرمز پر ایران کا کامل کنٹرول اور ایرانی بندرگاہوں کی امریکہ کے بحری بیڑوں کی وجہ سے ناکہ بندی دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں کو ناقابل برداشت بنائے ہوئے ہے۔ مسلسل بے یقینی لہٰذا برقرار ہے۔

امریکہ اور ایران مگر آپ کو مایوس نہیں ہونے دے رہے۔ اس امید کو زندہ رکھے ہوئے ہیں کہ ان کے مابین ہوئی جنگ بندی برقرار رہے گی۔ پاکستانی فیلڈ مارشل کی ذاتی مداخلت سے دیرپا امن کی تلاش کی خاطر جس معاہدے کے بنیادی خدوخال طے ہوئے اس کے حصول کے لئے مذاکرات کا ایک طویل دور ہوگا۔ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے سے قبل مگر ہر فریق اپنے لئے کچھ ایسی رعایتیں طلب کرنے کو بے تاب ہے جو دنیا سے زیادہ اس کے اپنے عوام کو یہ تاثر دیں کہ وہ "کمزور جتھوں" کے ساتھ دوسرے فریق سے گفتگو نہیں کررہا۔ امریکہ کی خواہش ہے کہ آبنائے ہرمز بحری تجارت کے لئے فی الفور کھول دی جائے۔ ایران اس کے لئے رضامند نہیں۔ اس کا دعویٰ ہے کہ مارچ میں ایران پر حملہ ہونے سے قبل آبنائے ہرمز بڑی تجارت کے لئے کھلی تھی۔ امریکہ اور اسرائیل نے اس پر جنگ مسلط کی تب ہی بھرپور مزاحمت کے نتیجے میں ایران نے آبنائے ہرمز پر اپنا کنٹرول قائم کرلیا۔ آبنائے ہرمز پر کنٹرول گویا اس نے جنگ کے دوران دکھائی مزاحمت کی وجہ سے حاصل کیا ہے۔ اسے اب یہاں سے گزرنے والی تجارت پر راہداری وصول کرنے کا حق میسر ہوچکا ہے۔ امریکہ اگر یہ حق تسلیم کرلے تو خلیجی ممالک اس سے بحر ہند کے ذریعے جنوبی اور مشرقی ایشیا کے بے تحاشہ ممالک جانے والے تیل اور گیس کے نظام ترسیل پر ایران کا "اجارہ" ثابت ہوجائے گا۔ خلیجی ممالک اس تناظر میں ایران کے "مفتوح" ہوئے نظر آئیں گے۔ مارچ 2026ء سے قبل دنیا کی واحد سپرطاقت ہونے کا دعوے دار امریکہ خلیجی ممالک سے بھیجے تیل کی ترسیل کے نظام کا یک وتنہا ضامن تھا۔ اسی باعث بحرین وقطر میں امریکہ کو فوجی اڈے فراہم ہوئے تھے۔ خلیجی ممالک کے دفاع کو یقینی بنانے کے لئے امریکہ اور اس کے اتحادیوں سے گزشتہ کئی دہائیوں سے اربوں ڈالر کا جدید ترین اسلحہ بھی خریدا جارہا ہے جواب کام آتا نظر نہیں آرہا۔

آبنائے ہرمز کو "کھلا" چھوڑنے کے لئے ایران امریکہ سے تاوان کا طلب گار ہے۔ اس کے ساتھ ہی مطالبہ یہ بھی ہے کہ اس کی بندرگاہوں کے گرد کھڑا کیا امریکی نیوی کا حصار ختم کیا جائے۔ معاملہ بنیادی طور پر ان دو نکات پر اٹکا ہوا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کی انتہاپسند لابیوں کو مطمئن رکھنے کے لئے اگرچہ تاثر یہ پھیلایا جارہا ہے کہ ٹرمپ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے سے قبل اس امر کو یقینی بنانا چاہ رہے ہیں کہ ایران اپنے ایٹمی پروگرام کو فوجی استعمال کے لئے ناکارہ بنادے گا۔ اس تناظر میں لچک نہ دکھانے کے ڈرامے رچائے جارہے ہیں۔ ٹھوس حقائق کا تقاضہ ہے کہ امریکہ اور ایران جلد از جلد مذاکرات کے لئے میز پر بیٹھیں۔ آبنائے ہرمز کھلے، ایران کی بحری ناکہ بندی ختم ہو اور یہ سب کچھ ہوجانے کے بعد ایران کے نیوکلیئر پروگرام سمیت ایران کے ساتھ دیگر مسائل کے حل کے لئے مذاکرات کا طویل دور جاری رہے۔

ان بنیادی نکات نے کیسے حل ہونا ہے اس کی تفصیلات کی مجھ گوشہ نشین اور عملی صحافت سے عرصہ ہوا ریٹائر ہوئے صحافی ہی کو نہیں ان پہنچے خان صحافیوں کو بھی کچھ خبر نہیں جنہیں روزانہ کی بنیاد پر صبح اٹھتے ہی امریکی صدر ٹرمپ از خود فون کرتے ہیں۔

دفاعی سفارت کاری امن کا نیا تزویراتی رخ

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

عالمی سیاست اور بین الاقوامی تعلقات کے بدلتے ہوئے منظرنامے میں سفارت کاری کا مفہوم اور اس کے خدوخال مسلسل ارتقائی مراحل سے گزر رہے ہیں۔ روایتی طور پر جب ہم سفارت کاری یا ڈپلومیسی کا ذکر کرتے ہیں تو ذہن میں فوراً سویلین وزارت خارجہ، سفارت کاروں کی ملاقاتیں، تجارتی معاہدے اور دوطرفہ تعلقات کی وسیع تر تصویر ابھرتی ہے۔ تاہم، عصری تزویراتی اور جغرافیائی حقائق نے ایک نئی اور انتہائی موثر جہت کو جنم دیا ہے جسے "دفاعی سفارت کاری" یا ملٹری ڈپلومیسی کہا جاتا ہے۔ پاکستان جیسے اہم جغرافیائی محل وقوع رکھنے والے ملک کے تناظر میں، جہاں داخلی اور خارجی سلامتی کے چیلنجز ایک دوسرے سے پیوستہ ہیں، عسکری قیادت کا سفارتی کردار غیر معمولی اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔ اس کردار کی سب سے حالیہ اور نمایاں مثال فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران ہے، جو محض ایک روایتی سیاسی دورہ نہیں تھا بلکہ اسے علاقائی کشیدگی کو کم کرنے اور ثالثی کی ایک انتہائی اہم کڑی کے طور پر دیکھا گیا۔ اس دورے نے یہ واضح کردیا کہ عسکری قیادت کی سفارت کاری، عام سیاسی سفارت کاری سے کس طرح مختلف اور کن معنوں میں زیادہ فیصلہ کن ثابت ہوسکتی ہے۔ عام سیاسی سفارت کاری، جس کی قیادت عموماً سویلین وزارت خارجہ کرتی ہے، ایک وسیع البنیاد عمل ہے، جس میں تجارت، ثقافتی تبادلے، بین الاقوامی معاہدے اور مجموعی دوطرفہ تعلقات شامل ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس، عسکری یا دفاعی سفارت کاری کا دائرہ کار قدرے محدود، لیکن انتہائی حساس اور سلامتی کے امور پر مرکوز ہوتا ہے۔ ریاستیں اس غیر حرکی صلاحیت کو اپنی خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے اہداف کے حصول کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ جب معاملہ سرحدوں کے تحفظ، مسلح تنازعات کے خطرات، اور بحرانوں کی فوری انتظام کا ہو، تو وہاں سیاسی بیانات سے زیادہ عملی اور فوری رابطوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ عسکری قیادت کی سفارت کاری اس لیے مختلف اور موثر ہے کیونکہ فوجی حکام سیکیورٹی خدشات پر براہ راست بات چیت کرسکتے ہیں، کشیدگی کو کم کرنے کے لیے فوری رابطے کے ذرائع (ڈی ایسکلیشن چینلز) قائم کرسکتے ہیں، اور ایسے حالات میں عملی تعاون پر مذاکرات کرسکتے ہیں جہاں طاقت کا استعمال یا سرحدی تنازعات بنیادی نوعیت کے ہوں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران اسی دفاعی سفارت کاری کا ایک عملی نمونہ تھا، جس کا مقصد محض روایتی تعلقات استوار کرنا نہیں تھا، بلکہ ایک ایسے وقت میں جب خطے میں کشیدگی اپنے عروج پر تھی، ثالثی اور کشیدگی میں کمی کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانا تھا۔ پاکستان کے مخصوص ریاستی اور تزویراتی سیاق وسباق کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ ملکی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے معاملات میں عسکری ادارہ ایک اہم اور بعض اوقات فیصلہ کن فریق کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاکستان کی جغرافیائی سرحدیں اور اس کے پڑوس میں جاری دہائیوں پر محیط عدم استحکام اس امر کا متقاضی رہا ہے کہ قومی سلامتی کو خارجہ پالیسی کے محور میں رکھا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ جب جنگ بندی، سرحدی سلامتی، یا تنازعات کی شدت میں کمی لانے جیسے حساس علاقائی مسائل درپیش ہوں، تو ایک عسکری رہنما براہ راست ان معاملات کو زیادہ موثر انداز میں سنبھال سکتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں عام سیاسی سفارت کاری کی حدود ختم ہوتی ہیں اور دفاعی سفارت کاری کا عملی آغاز ہوتا ہے۔ سفارتی تاریخ گواہ ہے کہ بحرانوں کے دوران جب سیاسی رابطے سست روی کا شکار ہوتے ہیں، تو عسکری قیادت کے درمیان براہ راست روابط حالات کو قابو میں رکھنے کے لیے لائف لائن کا کام کرتے ہیں۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اپنے دورہ تہران کے دوران پاکستان کی خارجہ پالیسی کے ایک انتہائی اہم پہلو یعنی "علاقائی کشیدگی میں کمی کے لیے ثالثی" کو نہایت کامیابی سے استعمال کیا۔ ان کا یہ دورہ جاری ثالثی کوششوں کا ایک تسلسل تھا، جس کا بنیادی ہدف خطے میں مذاکرات کو فروغ دینا، تناؤ کو کم کرنا، اور پرامن افہام وتفہیم تک پہنچنے میں مدد فراہم کرنا تھا۔ انہوں نے پاکستان کو فریقین کے درمیان ایک اہم رابطہ کار (کانٹیکٹ پوائنٹ) کے طور پر پیش کیا اور ایرانی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتوں میں مذاکرات، پرامن حل اور علاقائی استحکام کے پاکستانی پیغام کو تقویت بخشی۔ اس عمل میں طاقت یا عسکری دباؤ کا کوئی عنصر شامل نہیں تھا، بلکہ اسے قیام امن کی حمایت کے لیے ایک سنجیدہ مشاورتی عمل کے طور پر آگے بڑھایا گیا۔ یہ نقطہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں ہمیشہ خطے کے امن کو ترجیح دی ہے، اور فیلڈ مارشل نے اسی ریاستی بیانیے کو عسکری سفارت کاری کے ذریعے عملی جامہ پہنایا۔ عملی میدان میں اس طرز کی سفارت کاری کے نتائج روایتی سفارت کاری سے کہیں زیادہ تیز اور براہ راست ہوتے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ عسکری سربراہ براہ راست ان سیکیورٹی اداروں اور فیصلہ سازوں سے ہم کلام ہوتا ہے جو بحران کو پیدا کرنے یا اسے ختم کرنے کی عملی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جب خطرہ محض پالیسی بیانات کی حد تک نہ ہو، بلکہ فوری تصادم، سرحدی جھڑپوں یا جنگ کے پھیلاؤ کا خدشہ موجود ہو، تو خطرات کو فوری طور پر کم کرنے اور تنازع کے موثر انتظام کے لیے یہ براہ راست فوجی رابطہ ناگزیر ہوجاتا ہے۔

ایران امریکہ معاہدے میں بدستور غیر یقینی

تاثرات — سید مجاہد علی

امریکہ اور ایران مذاکرات میں بریک تھرو اور جلد ہی کسی اچھی خبر کی اطلاعات سامنے آنے کے چوبیس گھنٹے بعد بھی ایران امریکہ معاہدہ کا اعلان نہیں ہوسکا۔ دریں حالات یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ معاہدہ کب اور کیسے طے پاسکتا ہے۔ جمعہ کو پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے مختصر دورہ تہران کے بعد کسی معاہدے کے امکان پر قیاس آرائیاں شروع ہوئی تھیں۔

خبروں میں کہا گیا تھا کہ دونوں ملک ایک دوسرے کے کافی قریب آگئے ہیں اور جلد ہی باقاعدہ معاہدے کی تفصیلات سامنے آجائیں گی۔ حتیٰ کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی سوشل میڈیا پوسٹ میں معاہدہ 'تقریباً' پایہ تکمیل تک پہنچنے کی اطلاع دیتے ہوئے کہا تھا کہ اب صرف چند تفصیلات طے ہونا باقی ہیں۔ البتہ ان تفصیلات پر اتفاق کا اشارہ سامنے نہیں آسکا حالانکہ بھارت کے دورے پر گئے ہوئے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے دن کے دوران نئی دہلی میں پریس کانفرنس کے دوران بتایا تھا کہ معاہدہ تکمیل کے قریب ہے اور چند گھنٹوں میں اس کی تفصیلات سامنے آجائیں گی۔ پوری دنیا مشرق وسطیٰ میں جاری غیر یقینی صورت حال ختم ہونے کا انتظار کررہی ہے لیکن اس بارے میں حتمی خوش خبری میں شاید ابھی مزید محنت اور اعتماد سازی کی ضرورت ہے۔ مارکو روبیو کی امید کے مطابق چند گھنٹے بعد معاہدہ طے ہونے کی کوئی خبر تو سامنے نہیں آئی مگر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ پیغام ضرور سننے میں آیا ہے کہ مذاکرات کرنے والوں کو عجلت کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں نہایت احتیاط سے حتمی معاہدے پر اتفاق کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات 'منظم اور تعمیری انداز میں' جاری ہیں۔ انہوں نے اپنے نمائندوں کو ہدایت دی کہ کسی معاہدے میں جلد بازی نہ کی جائے کیونکہ وقت امریکہ کے حق میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران پر امریکی پابندیاں کسی معاہدے کے طے، تصدیق اور دستخط ہونے تک برقرار رہیں گی۔ فریقین کو مکمل احتیاط کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ ٹرمپ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کسی غلطی کی گنجائش نہیں۔ تاہم ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ امریکہ و ایران کے تعلقات زیادہ پیشہ ورانہ اور مثبت سمت میں جارہے ہیں۔ ایران کو یہ سمجھنا ہوگا کہ وہ جوہری ہتھیار یا بم حاصل نہیں کرسکتا'۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران کے بعد صدر ٹرمپ نے ہفتہ کی شام کو پاکستانی فیلڈ مارشل کے علاوہ سعودی عرب اور متعدد دیگر ممالک کے سربراہان سے ٹیلی فونک کانفرنس میں حتمی معاہدہ کی تفصیلات پر بات کی۔ قیاس کیا جارہا ہے کہ سب نے امریکی صدر کو جنگ کی بجائے امن کو ترجیح دینے کا مشورہ دیا۔ اس دوران ممکنہ معاہدے کے بارے میں جو خبریں سامنے آئی ہیں، ان میں یہی دیکھا جاسکتا ہے کہ امریکہ فوری طور پر اپنے متعدد مطالبات سے دست بردار ہوا ہے اور اس نے ایران کی یہ بات مان لی ہے کہ آبنائے ہرمز کھولنے کے بدلے جنگ بندی پر اتفاق کرلیا جائے۔ اور ایران کی جوہری صلاحیت اور افزودہ یورینیم کے مستقبل کے حوالے سے ایک مقررہ مدت کے دوران بات چیت کرنے اور معاہدہ کرنے پر اتفاق کرلیا جائے۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس نے اس بارے میں خبر دی ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے میں مستقل جنگ بندی کی بجائے موجودہ جنگ بندی میں 60 روزہ توسیع کی شق شامل کی گئی ہے۔ ایک امریکی عہدیدار کے حوالے سے ایگزیوس نے خبر دی ہے کہ معاہدے میں شامل نکات میں کہا گیا ہے کہ اس دوران آبنائے ہرمز کسی قسم کے ٹول یا ٹیکس وصولی کے بغیر مکمل طور سے کھول دی جائے گی۔ ایران سمندری بارودی سرنگیں صاف کرنے پر آمادہ ہوگا، امریکہ ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی ختم کردے گا اور ایرانی تیل پر بعض پابندیوں میں نرمی کی جاسکتی ہے۔ تاہم ایران کی طرف سے جوہری ہتھیار نہ بنانے اور یورینیم افزودگی پروگرام پر مذاکرات کے لیے ابتدائی یقین دہانیاں کرائی جائیں گی۔ امریکہ کا موقف ہے کہ ایران پر پابندیاں ختم کرنے اور ایران کے منجمد اثاثے بحال کرنے پر معاملات مذاکرات میں طے ہوں گے۔ اس کے علاوہ علاقے میں متعین امریکی بحری بیڑے وافواج حتمی معاہدہ ہونے کے بعد ہی واپس بلائی جائیں گی۔

اگر دونوں ملکوں کے درمیان معاہدہ انہی خطوط پر آگے بڑھ رہا ہے تو اس میں ایران کی مرضی کے نکات پر کافی حد تک اتفاق کیا گیا ہے۔ ایران نے گزشتہ چند ہفتوں کے دوران جنگ بندی ہونے کی صورت میں آبنائے ہرمز کھولنے کی پیشکش کی تھی تاہم اس کا مطالبہ تھا کہ جوہری صلاحیت کے بارے میں بات چیت کو غیر معینہ مدت کے لیے موخر کردیا جائے۔ ایگزیوس نے جو معلومات فراہم کی ہیں، ان میں یہ ایرانی خواہش تقریباً مان لی گئی ہے۔ تاہم ایران کی خواہش ہے کہ امریکہ اس کے منجمد اثاثوں میں سے کچھ سرمایہ فوری طور سے ریلیز کرنے کی اجازت دے تاکہ ایرانی حکومت پر مالی بوجھ کم ہوسکے لیکن امریکہ یہ وعدہ کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کررہا ہے۔ اس دوران ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق صدر پزشکیان نے ٹیلیگرام پر ایک بیان میں کہا ہے کہ آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت سے قبل بھی ہم نے اعلان کیا تھا اور آج دوبارہ اسے دہرا رہے ہیں کہ ہم جوہری ہتھیار نہیں چاہتے۔ ایران خطے میں عدم استحکام نہیں چاہتا بلکہ اسرائیلی حکومت ہی خطے کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ البتہ انہوں نے واضح کیا کہ 'ایرانی مذاکرات کار ملک کی عزت اور وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے'۔ یہ بیان بظاہر تو ایران کے اس عزم کے بارے میں ہے کہ اس کا جوہری بم بنانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے لیکن اس میں جوہری صلاحیت پر پابندی اور افزودہ یورینیم کے بارے میں کوئی بات نہیں کی گئی۔ یہی نکات درحقیقت امریکہ کے ساتھ اختلاف کی بنیادی وجہ ہیں۔ اس کے علاوہ ایرانی حکام کی جانب سے اشارے بھی دیے جارہے ہیں کہ آبنائے ہرمز پر ایران کا قبضہ برقرار رہے گا اور وہ وہاں سے گزرنے والے جہازوں سے سروس چارجز بھی وصول کرے گا۔ اگر یہ ایران کی ریڈ لائن ہے تو یہ امریکہ ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے ممالک کی رائے اور خواہش کے برعکس ہے اور کسی بھی حتمی معاہدے کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ عبوری جنگ بندی میں توسیع سے شاید معاملات میں وقتی سہولت پیدا ہوجائے

پاکستان سے بات کرو، آر ایس ایس کا نیا فرمان

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور

اس پر یقین کرنا مشکل ہے کہ ہندوتوا جماعت آر ایس ایس کے رہنما دتاترے ہوسبولے نے ذاتی خواہش پر پاکستان سے بات چیت کا سلسلہ شروع کرنے کا حالیہ بیان دیا ہے۔ ایسا بیان آر ایس ایس سے دلوایا گیا ہے تاکہ عوام بالخصوص ہندوتوا کے جنونی کارکنوں کا ابتدائی ردعمل معلوم کیا جا سکے۔ واضح رہے آر ایس ایس کے رہنما ہوسبولے نے خبررساں ادارے پریس ٹرسٹ آف انڈیا سے ایک انٹرویو کے دوران پاکستان سے بات چیت کے دروازے دوبارہ کھولنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا 'اگر پاکستان سے پلوامہ یا پہلگام جیسے حملے کروائے جاتے ہیں تو ایسے حالات میں اس سے بات کرنا ضروری بنتا ہے۔' سیاسی مبصرین کے مطابق ان کے اس بیان کے پیچھے ایک بڑی سیاست کارفرما ہے جس کو کسی بھی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ آر ایس ایس کا ایک وفد چند ہفتے پہلے امریکہ، برطانیہ اور جرمنی کا دورہ کرکے لوٹا ہے جس کی سربراہی ہوسبولے خود کر رہے تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے ان ملکوں کے پالیسی سازوں، صنعت کاروں، سماجی کارکنوں اور سیاست دانوں کے علاوہ ان ملکوں میں رہنے والے ہندوستانیوں سے ملاقاتیں کیں۔

خیال ہے کہ انڈیا کی اقلیتوں کا معاملہ تو کافی زیر بحث رہا، بالخصوص انڈیا کے زیر انتظام جموں وکشمیر کو لے کر بھی کئی خدشات کا اظہار کیا گیا۔ انڈیا یہ مان کے چل رہا ہے کہ 2019 کے اندرونی خودمختاری ختم کرنے کے فیصلے کے بعد جموں وکشمیر کے تنازعے کو حل کیا گیا ہے، جس کی تصدیق اسے عالمی برادری کی خاموشی میں مل گئی تھی۔ پھر اندرون وادی عوام نے بھی کوئی مزاحمت نہیں دکھائی جن پر سخت قوانین کی ایسی تلوار لٹک رہی ہے کہ حکومت مخالف معمولی بات کرنے پر گرفتار، جیل اور املاک کا سیل کرنا سزا کے طور پر سنایا جاتا ہے۔ میڈیا اور سیاسی جماعتوں پر غیر اعلان شدہ پابندیاں ہیں، جن کا ادراک عالمی برادری کو خوب ہے۔ بقول ایک تھنک ٹینک کے، آر ایس ایس کے دورے کے دوران عوامی رابطہ مہم میں اس بات کا اندیشہ ظاہر کیا گیا کہ کشمیر کی خاموشی معنی خیز ہوتی ہے جو ہر مرتبہ ایک بڑے طوفان کی طرح امڈ پڑتی ہے۔

بی جے پی کے لیے دوسرا مسئلہ یہ بھی ہے کہ پاکستان نے جموں وکشمیر کے تنازعے سے دامن نہیں چھڑایا۔ وہ امریکہ اور دیگر یورپی ملکوں کی قربت میں آکر اپنے لیے زمین ہموار کرنے میں رواں دواں ہے بلکہ عالمی ایوانوں میں اب موثر طور پر بات بھی کرنے لگا ہے۔ اس کا توڑ کرنے کے لیے انڈیا خاموش نہیں بیٹھ سکتا بلکہ عالمی رائے عامہ کو قائل کرنے کی کوشش میں وہ بھی پاکستان کی طرح پیش پیش ہے جس کی ابتدا بظاہر دتاترے کے بیان سے لگتی ہے۔ کراچی میں ایک کشمیری صحافی کے مطابق انڈیا نے ہمیشہ نظریہ مصروفیات کے تحت پاکستان کے کشمیر موقف کو زائل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور شدید تنگی کے باوجود آج بھی اس کی یہ کوشش جاری ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ حکمران جماعت بی جے پی نے بیشتر انتخابات میں محض کشمیر کا بیانیہ بنا کر جیت حاصل کی ہے اور اس کو خونخوار جانور کی شکل میں پیش کیا ہے۔ لہٰذا پارٹی پاکستان سے بات چیت کرنے کا ارادہ ظاہر کرنے کی ہمت نہیں کرسکتی کیونکہ وہ کارکنوں کی مذہبی جنونیت بھڑکا کر ہی انتخابات میں جیت حاصل کرتی رہی ہے جو اس کے ووٹ بینک میں بڑی سرمایہ کاری ہے۔ بی جے پی کی تنظیم آر ایس ایس کی کوکھ سے پیدا ہوئی ہے جس نے ماں کی طرح بی جے پی کے لیے مشکل وقتوں میں نئے راستے تلاش کرکے اسے ہزیمت سے بچایا۔ موجودہ بیان بھی جنونیت کو برقرار رکھنے کا ایک طریقہ ہے تاکہ ایک تیر سے دو شکار ہوں، یعنی اندرون ملک کارکنوں کو ناراض بھی نہ کریں اور عالمی برادری کو جھانسہ بھی دے سکیں۔ کیا پاکستان اس خوش فہمی میں مبتلا ہوکر اپنا دامن دوبارہ پھیلا دے گا؟ شریف حکمرانوں سے تو اس کی توقع کی جاتی ہے لیکن فوجی قیادت کے تیور دیکھ کر ایسا ناممکن لگ رہا ہے۔ بیشتر سیاسی رہنماؤں اور مبصرین نے ہوسبولے کے بیان کو مثبت قرار دے کر بات چیت کو خطے کے امن کے لیے لازمی قرار دیا۔ سابق فوجی سربراہ جنرل نروانے نے اس کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جنگ سے دونوں ملکوں کو کچھ حاصل ہونے کی امید نہیں بلکہ بات چیت سے مسائل کو حل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ جموں کشمیر کے سیاسی رہنماؤں فاروق عبداللہ اور محبوبہ مفتی نے پاکستان سے بات چیت کرنے پر زور دیا تاکہ دونوں ملکوں کے مابین دشمنی کو ختم کیا جاسکے۔

لیکن ابھی ہوسبولے کے بیان پر بحث ہی شروع ہوئی تھی کہ فوجی قیادت اور وفاقی وزیر کے سخت بیانات سامنے آگئے، جن میں پاکستان کی تاریخ اور جغرافیہ ختم کرنے کی دھمکی بھی آئی۔ دہلی میں مقیم صحافی اردون ولی کہتے ہیں کہ سخت بیانات کا مقصد جنونی کارکنوں میں میزان رکھنا تھا کہ بی جے پی کل کو یہ جواز پیش کرسکے کہ آر ایس ایس کے کہنے پر برف کو توڑنا پڑا۔

داخلی سلامتی کا منفرد ماڈل

وفاق نامہ — رشید صافی

ساڑھے سات دہائیوں پر مشتمل پاک چین تعلقات میں یہ سوال بہت اہمیت کا حامل ہے کہ دو طرفہ تجارت میں پاکستان کا حصہ کیا ہے؟ سادہ الفاظ میں اسے یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ پاکستان چین سے درآمد تو بہت کچھ کرتا ہے مگر چین کو برآمد کیا کرتا ہے؟ اس سوال کے ضمن میں عام تاثر یہ ہے کہ ایک عالمی معاشی طاقت' جو پوری دنیا کو مصنوعات اور ٹیکنالوجی سپلائی کرتی ہے' اسے پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک سے بھلا کیا مل سکتا ہے۔ لیکن بین الاقوامی معاشیات کا یہ مسلمہ اصول ہے کہ کوئی بھی ملک خواہ وہ کتنا ہی خود کفیل اور ترقی یافتہ کیوں نہ ہو' ہر چیز میں خود کفیل نہیں ہوسکتا اسے دوسرے ممالک سے کسی نہ کسی چیز کی ضرورت رہتی ہے۔ چین اپنی توانائی کی ضروریات کیلئے خلیج اور ایران پر انحصار کرتا ہے۔ اسی طرح اپنی ڈیڑھ ارب کے قریب آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کیلئے سالانہ تقریباً 100 ارب ڈالر کی زرعی اشیا درآمد کرتا ہے۔ پاکستان بہترین زرعی نظام' نہری نیٹ ورک اور زرخیز زمین کا حامل ملک ہے' جو اگر جدید خطوط پر استوار ہو تو چین کی وسیع زرعی ضروریات کو پورا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین میں اس سلسلے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم نے پاک چین بزنس ٹو بزنس انویسٹمنٹ فورم سے خطاب میں اس سوال کا عملی جواب فراہم کیا ہے۔ حکومت نے اگلے پانچ سے سات برس میں چین کے ساتھ زرعی تجارت کا حجم 10 ارب ڈالر سالانہ تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ وزیراعظم کے دورہ چین کے دوران دونوں ملکوں کی نجی اور سرکاری کمپنیوں کے مابین سات ارب ڈالر سے زائد کے تجارتی معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے چینی کمپنیوں کو اپنی صنعتیں پاکستان منتقل کرنے کی دعوت دی ہے اور کراچی میں چھ ہزار ایکڑ پر محیط ورلڈ کلاس سپیشل اکنامک زون کے قیام کا اعلان کیا ہے جہاں سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشن اور ریڈ کارپٹ ٹریٹمنٹ کے ذریعے بیوروکریٹک رکاوٹوں سے پاک ماحول فراہم کیا جائے گا۔ یہ اقدامات ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان اب امداد یا قرضوں پر انحصار کرنے کے بجائے باہمی تجارتی فوائد کی بنیاد پر تعلقات استوار کررہا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ پاکستان میں تقریباً ہر دور میں حکومتوں نے فوری نوعیت کے بحرانوں سے نمٹنے کیلئے دوست ممالک اور عالمی مالیاتی اداروں سے قرضے لینے کی پالیسی اپنائی۔ مگر اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ملک بتدریج قرضوں کے ایسے جال میں پھنس گیا جہاں نئے قرضے پرانے قرضوں کی اقساط چکانے کیلئے لیے جانے لگے۔ اس پورے عمل میں یہ سٹرٹیجک پلاننگ غائب رہی کہ ان قرضوں کو پیداواری شعبوں میں لگا کر کیسے لوٹایا جائے گا۔ تاہم موٹروے جیسے منصوبے ایک مثال ہیں جن کی تعمیر اگرچہ قرض سے ہوئی لیکن ان میں ٹول ٹیکس اور تجارتی سرگرمیوں کے ذریعے قرض اتارنے کا ایک خودکار اور پائیدار نظام موجود تھا۔ چند برسوں میں موٹروے نے نہ صرف اپنا قرض اتار دیا بلکہ آج یہ قومی اثاثہ اور معاشی محور بن چکی ہے کیونکہ بنیادی انفراسٹرکچر اور شاہراہوں کے نیٹ ورک کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ اسی مائنڈ سیٹ کے تحت چین نے سی پیک کے تحت پاکستان کو ایسے طویل مدتی اور تزویراتی منصوبے دیے جو ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ گوادر پورٹ کو فعال اور کامیاب بنانے کیلئے ملک کے طول وعرض میں اقتصادی زونز کا ایک جال بچھایا جارہا ہے۔ سی پیک کا پہلا مرحلہ بنیادی طور پر توانائی اور سڑکوں کے نیٹ ورک کی تعمیر پر مشتمل تھا جبکہ اس کا دوسرا مرحلہ صنعتی ترقی' زرعی جدت اور خصوصی اکنامک زونز کے قیام پر مرکوز ہے۔ یہ وہ کٹھن لیکن ناگزیر راستہ ہے جس پر چل کر پاکستان اقتصادی طور پر خود کفیل ہوسکتا ہے۔ قوموں کا مستقبل عارضی بیساکھیوں سے نہیں بلکہ طویل مدتی معاشی اصلاحات سے عبارت ہوتا ہے۔ چین کی بے مثال معاشی اور شہری ترقی جہاں دنیا کیلئے حیران کن ہے وہاں اس کا داخلی سلامتی کا ماڈل ایسا شاہکار ہے جس کا اعتراف عالمی سطح پر بھی کیا جاتا ہے۔ ڈیڑھ ارب سے زائد آبادی پر مشتمل اتنے بڑے جغرافیائی خطے میں امن وامان قائم کرنا اور جرائم کی شرح کو تقریباً صفر تک لے آنا کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ چین کا داخلی سلامتی کا ماڈل محض طاقت کے بے دریغ استعمال پر مبنی نہیں بلکہ یہ جدید ٹیکنالوجی' سماجی نظم وضبط اور عوامی بہبود کا مربوط امتزاج ہے۔ چین کے داخلی سلامتی ماڈل کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اول' سمارٹ اور تکنیکی نگرانی۔ چین نے دنیا کا سب سے ایڈوانسڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور کیمروں کا نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ ہر گلی' چوک اور عوامی مقامات پر نصب یہ کیمرے نہ صرف چہروں کی شناخت کی صلاحیت رکھتے ہیں بلکہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کو جرم کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے پکڑ لیتے ہیں۔ دوم' کمیونٹی پر مبنی پولیسنگ۔ چینی شہروں اور قصبوں کو چھوٹے چھوٹے گرڈز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گرڈ میں مقامی نمائندے اور سکیورٹی اہلکار موجود ہوتے ہیں جو اپنے علاقے کے لوگوں کے روزمرہ مسائل' تنازعات اور کسی بھی غیر معمولی تبدیلی پر نظر رکھتے ہیں۔ اس سے جرائم پیشہ عناصر کو چھپنے کی جگہ نہیں ملتی۔ سوم' معاشی انصاف اور قانون کی بالادستی۔ چین کی ترقی کا سب سے بڑا راز یہ ہے کہ وہاں قانون سب کیلئے برابر ہے۔ چاہے کوئی بڑا سرمایہ دار ہو' بیوروکریٹ ہو یا عام شہری۔ قانون کی خلاف ورزی پر سزا یقینی ہے۔ اس کے ساتھ ہی چین نے غربت کا خاتمہ کرکے جرائم کی سب سے بڑی وجہ یعنی معاشی مجبوری کو جڑ سے ختم کردیا ہے۔ جب لوگوں کے پاس روزگار اور بنیادی سہولتیں موجود ہوں تو جرائم کی طرف رجحان خود بخود کم ہوجاتا ہے۔

چین کے اس سکیورٹی ماڈل کی کامیابی کا سب سے بڑا ثبوت وہاں کے شہریوں اور غیر ملکی سیاحوں کا غیر معمولی سطح کا اطمینان ہے۔ چین کا دورہ کرنے والا کوئی بھی شخص اس بات کی گواہی دے سکتا ہے کہ وہاں خواتین' بچے اور غیر ملکی سیاح رات کے کسی بھی پہر' کسی بھی شہری سڑکوں پر بلا خوف وخطر گھوم سکتے ہیں۔ سیاحوں کے اطمینان کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ اگر کوئی شخص چین کے کسی ریلوے سٹیشن' پارک یا ہوٹل میں اپنا قیمتی سامان' لیپ ٹاپ یا پرس بھول جائے تو وہ گھنٹوں بعد بھی واپس جاکر اسے اسی حالت میں وہاں پائے گا۔ لوگوں کو یہ یقین ہوتا ہے کہ کوئی ان کا سامان نہیں چرائے گا کیونکہ چوری کرنے والے کا پکڑا جانا اور سخت سزا پانا تقریباً سو فیصد یقینی ہوتا ہے۔ ڈیڑھ ارب آبادی کے ملک میں کاروبار کیلئے ایسا پُرامن اور سازگار ماحول فراہم کرنا ہی وہ بنیادی وجہ ہے جس نے چین کو دنیا کی سب سے بڑی مینوفیکچرنگ حب بنادیا ہے۔

خاندان خطرات کی زد میں!

خورشید ندیم

اسلام آباد کی عائلی عدالتوں میں ہر روز طلاق وخلع کے تین سو مقدمات درج ہو رہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے مہینے میں نو ہزار۔

ایک دوست نے جب مجھ سے اس خبر کا ذکر کیا تو میں چونک اٹھا۔ میرا پہلا تاثر تھا: یہ اعداد وشمار مبالغہ آمیز ہیں۔ میں نے اپنے دوست سے بھی یہی کہا۔ اس نے جواب میں مجھے ایک سے زیادہ ابلاغی اداروں کی خبریں دکھائیں۔ صحافت سے وابستہ ایک دوسرے باخبر دوست سے تذکرہ ہوا تو اس نے بھی تصدیق کی۔ خود کھوج لگانے کی کوشش کی تو کئی خبریں سامنے آئیں۔ ایک خبر کے مطابق: "اسلام آباد کی فیملی کورٹس میں مقدمات کے انبار لگ گئے۔ عدالتی ذرائع کے مطابق ہر گھنٹے میں اوسطاً 38 خلع اور نان نفقہ کے مقدمات درج ہو رہے ہیں۔ رواں سال اب تک 45 ہزار سے زائد کیسز دائر کیے جا چکے ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق 2023ء میں 85 ہزار، 2024ء میں 91 ہزار جبکہ 2025ء میں کیسز کی تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کرگئی۔ ایسے واقعات بھی سامنے آئے جہاں شادی کے صرف ایک سے تین ماہ بعد خلع لے لی گئی۔ ذرائع کے مطابق زیادہ تر مقدمات پسند کی شادی کرنے والے جوڑوں کی جانب سے دائر ہو رہے ہیں جبکہ وکلا کے مطابق منشیات اور بیروزگاری طلاق وخلع میں اضافے کی بڑی وجوہات بن رہی ہیں"۔ انگریزی روزنامہ "نیشن" کی خبر تو زیادہ چونکا دینے والی ہے۔ اس کے مطابق اسلام آباد میں 2025ء میں طلاق کے چار لاکھ نناوے ہزار مقدمات درج ہوئے (10 فروری 2026ء)۔ یہ ایک دن میں 1367 بنتے ہیں۔ یہ اعداد وشمار صرف ایک شہر اسلام آباد کے ہیں۔ مزید کھنگالا تو معلوم ہوا کہ راولپنڈی میں 2025ء کے دوران میں 15 ہزار 198 مقدمات درج ہوئے۔ ان میں طلاق' خلع اور نان نفقہ سمیت خاندان سے متعلق تمام معاملات شامل ہیں۔ مسیحی عائلی قانون میں تبدیلی کے بعد اب مسیحی خواتین بھی طلاق کیلئے عدالتوں کا رخ کررہی ہیں۔

یہ صرف دو شہروں کی خبریں ہیں۔ اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ملک بھر میں کیا حال ہوگا۔ ممکن ہے ان خبروں میں کچھ مبالغہ ہو لیکن مشاہدہ تصدیق کرتا ہے کہ ہمارا خاندانی نظام شدید بحران کی زد میں ہے۔ ازدواجی رشتے کی ناکامی نوشتہ دیوار ہے۔ اگر کسی نے طلاق یا خلع کا مقدمہ درج نہیں کرایا تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ ایک خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہا ہے۔ اسی بحران کی کوکھ سے ناجائز تعلقات بھی جنم لے رہے ہیں جو اسے سنگین تر بنا رہے ہیں۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم اس کے حقیقی اسباب کو قبول کرنے کیلئے آمادہ نہیں ہیں۔ ہم کبوتر کی طرح آنکھیں بند کیے ہوئے ہیں یا پھر اس کے وہ اسباب بیان کررہے ہیں جو حقیقی نہیں' ہمارے سماجی ومذہبی تصورات کی دین ہیں۔ اپنے ان تصورات کو مقدس جان کر ہم ان واقعات کے بارے میں رائے قائم کرتے ہیں اور یوں اس بحران سے نکل نہیں پاتے۔

سماجیات کے ایک طالب علم کے طور پر میں جب خاندان کو درپیش مسائل کو دیکھتا ہوں تو چند اسباب نمایاں دکھائی دیتے ہیں:

1۔ سب سے بڑا سبب جہالت ہے۔ عوام کی اکثریت یہ جانتی ہی نہیں کہ خاندان کا ادارہ کیا ہوتا اور یہ کیوں قائم کیا گیا ہے؟ اس جہالت کے دو بڑے مظاہر ہیں: مذہب کی غلط تعبیر اور سماج کی ساخت سے عدم واقفیت۔ خاندان کے بارے میں قرآن مجید نے تفصیل کے ساتھ بتایا ہوا ہے۔ نبی ﷺ نے اس ادارے کو جس حکیمانہ انداز سے دیکھا اس کے بارے میں بھی حیات طیبہ میں بہت سے نظائر موجود ہیں۔ ان سب کو نظر انداز کرتے ہوئے یہاں اس پر مورچہ لگایا جاتا ہے کہ اسلام میں شادی کی عمر مقرر نہیں کی جاسکتی اور نو برس کی بچی بھی شادی کے قابل ہوسکتی ہے۔ اسی طرح ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ خاندان کا ادارہ کن مقاصد کیلئے وجود میں آتا ہے اور شادی سے پہلے لڑکے اور لڑکی میں کن خصائص کا ہونا ضروری ہے۔ اس جہالت کا تعلق ڈگریوں سے نہیں ہے۔ اس باب میں ان پڑھ اور ڈگری رکھنے والے ایک پیج پر ہیں۔

2۔ دوسرا سبب ہمارا سماجی نظام ہے۔ یہ پدرسرانہ ہے۔ اس میں عورت مرد سے کمتر حیثیت رکھتی ہے۔ اس کی کوئی شناخت ہے نہ اس کی کوئی رائے۔ ہم نے اسے ہمیشہ بیٹی' بہن اور ماں کے روپ میں دیکھا ہے' ایک عورت یا پوری شخصیت کے طور پر نہیں۔ اس کی سماجی حیثیت کا تعین مرد کی نسبت سے کیا گیا ہے۔ وہ کسی کی بیٹی ہوگی یا بہن۔ سوال یہ ہے کہ کیا وہ خود کوئی وجود نہیں رکھتی؟ اگر رکھتی ہے تو فیصلہ سازی میں کہاں ہے؟ بیٹوں کی طرح ہم نے اس کی شخصیت کی تعمیر کا کیا اہتمام کیا ہے؟ واقعہ یہ ہے کہ ہم اس کو ایک مکمل شخصیت ماننے کیلئے آمادہ نہیں۔ اس حیثیت کے ساتھ جب وہ ایک ازدواجی رشتے میں داخل ہوتی ہے تو گویا ایک قید خانے میں داخل ہوگئی۔ اب جس ادارے کا ایک فریق آزاد اور دوسرا غلام ہو' وہ کیسے متوازن اور کامیاب ہوسکتا ہے؟

3۔ جدید پڑھے لکھے طبقے نے اس پدرسرانہ نظام پر ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ اس ردعمل کو ہمارے این جی او کلچر نے ایک تحریک کی صورت میں منظم کردیا ہے جسے 'خواتین کے حقوق' کا عنوان دیا گیا ہے۔ یہ تصور مغرب سے مستعار اور لبرل ازم کی اساس پر کھڑا ہے۔ یہ بھی جدید جاہلیت کی ایک شکل ہے۔ یہاں اس بنیادی حقیقت کو نظر انداز کردیا جاتا ہے کہ رشتہ ازدواج میں بندھ جانے کے بعد' مرد اور عورت کو لازماً کچھ پابندیاں قبول کرنا پڑتی ہیں۔ اپنی کچھ آزادیوں سے دستبردار ہونا پڑتا ہے۔ مطلق آزادی ایک واہمہ ہے جو دنیا میں کہیں نہیں پایا جاتا۔ اس کلچر نے خاندانی نظام کو اتنا ہی نقصان پہنچایا ہے جتنا پدرسرانہ سوچ نے۔ اسلام آباد میں ان واقعات میں غیر معمولی اضافے کا سبب یہی کلچر ہے جو شہروں میں زیادہ پھیلا ہے۔

اسباب کی اس فہرست میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ معاشی ابتری اس خاندانی نظام کے لیے ایک بڑا خطرہ بن چکی ہے۔ مجھے اس سے اتفاق ہے مگر اس کا تعلق بھی ان تین اسباب ہی سے ہے جو میں نے بیان کیے ہیں۔ معیشت ملک کی ہو یا خاندان کی' یہ وسائل اور مسائل میں درست نسبت قائم کرنے کا نام ہے۔ اس کے لیے معیشت سے وابستہ عناصر میں اعتماد اور حکمت کا ہونا ضروری ہے۔ خاندان ہے تو اس کے متعلق افراد کو اس کا شعور ہو کہ ان کے وسائل کیا ہیں اور ضروریات کی تکمیل کے لیے ترجیحات کا تعین کیسے کیا جائے۔ اس کا تعلق غربت سے نہیں' حکمت سے ہے۔ اسی طرح ساس بہو کے جھگڑوں کا تعلق بھی پدرسرانہ نظام سے ہے۔

اس بحران کا علاج کیا ہے؟ یہ سادہ ہے' اگر کوئی کرنا چاہے۔ شادی کی عمر کو پہنچنے والے لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے عائلی تعلیم پر مبنی ایک لازمی کورس اور تربیتی نظام۔ شادی کیلئے اس کورس کا سرٹیفکیٹ لازمی قرار دے دیا جائے جیسے موروثی بیماریوں سے بچنے کیلئے خون کا ٹیسٹ لازمی ہو۔

پاکستان ایران کو راہداری کیوں دے رہا ہے؟

دسترس — میاں عمران احمد

دنیا کے نقشے پر کچھ سرحدیں صرف لکیریں نہیں ہوتیں، وہ قوموں کی قسمت کا فیصلہ بھی کرتی ہیں۔ پاکستان اور ایران کی تقریباً 900 کلومیٹر طویل سرحد بھی ایسی ہی ایک سرحد ہے، جو آج صرف جغرافیہ نہیں بلکہ سیاست، معیشت، توانائی اور خطے کے مستقبل کی کہانی بن چکی ہے۔ آبنائے [illegible]

[illegible] کے مقابلے میں 45 سے 55 فیصد کم لاگت پر ممکن ہوسکتی ہے۔ اس سے گوادر کی معاشی اہمیت بڑھ سکتی ہے، جس پر چین پہلے ہی اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری [illegible]

توانائی تجارت کو دوبارہ فعال کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ ایران کو راہداریاں دے کر پاکستان نے خطے میں ایک نیا مضبوط دوست بنالیا ہے۔ پہلے [illegible]

راہداریوں کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ سب سے بڑا فائدہ ایران کو متبادل تجارتی راستے کی صورت میں ملے گا۔ ایران کی معیشت طویل عرصے سے امریکی پابندیوں کے باعث دباؤ میں ہے۔ اس کے بینکنگ، شپنگ اور تیل کے شعبے متاثر ہوئے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کے زمینی راستے [illegible]

دکی، اے سی محمد اکرم حریفال شہر میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں کا جائزہ لے رہے ہیں

ناجائز منافع خوری گرانفروشی برداشت نہیں کی جائیگی، اے سی دکی

سرکاری نرخنامے نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جائیں، اشیاء مقررہ نرخوں کے مطابق فروخت کی جائیں

ضلعی انتظامیہ بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال نے دکی بازار کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف دکانوں، سبزی وفروٹ شاپس، جنرل اسٹورز اور اشیائے خوردونوش فروخت کرنے والے مراکز کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران اشیاء کی قیمتوں، معیار اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری نرخنامے نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جائیں اور تمام اشیاء مقررہ نرخوں کے مطابق فروخت کی جائیں تاکہ عوام کو مصنوعی مہنگائی سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے بعض دکانوں پر نرخنامے آویزاں نہ ہونے اور زائد قیمت وصول کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ دکانداروں کو سخت تنبیہ بھی کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے کو بازاروں میں روزانہ کی بنیاد پر نگرانی مزید مؤثر بنانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات تیز کرنے کی ہدایت بھی جاری کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا اور میونسپل عملے کو ہدایت کی کہ بازار اور اطراف کے علاقوں میں صفائی کے انتظامات بہتر بنائے جائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول میسر آسکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل اور بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

تعلیمی شعبے میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی پنجگور

تعلیمی اداروں میں چیک اینڈ بیلنس کے نظام کو مؤثر، مضبوط بنایا جائے

پنجگور (خ ن) ڈپٹی کمشنر پنجگور جہانزیب بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا، جن میں اسکولوں کی ریشنلائزیشن، غیر فعال اسکولز، غیر حاضر اساتذہ، دائمی غیر حاضر ملازمین، اور BSDIs کے تحت جاری تعلیمی منصوبے شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی شعبے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (DEOs) اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (DDOs) کو ہدایت جاری کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اسکولوں کے دورے یقینی بنائیں اور اپنی روزانہ کی کارکردگی رپورٹس ضلعی انتظامیہ کو پیش کریں۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ تعلیمی اداروں میں چیک اینڈ بیلنس کے نظام کو مزید مؤثر اور مضبوط بنایا جائے تاکہ تعلیمی معیار، شفافیت اور حاضری کے نظام کو بہتر بنایا جاسکے۔

پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عوام دشمن پالیسی ہے، محمد ایوب

ضلع ژوب پہلے ہی تعلیم، صحت، روزگار کے حوالے سے محرومیوں کا شکار ہے

ژوب (یو این اے) جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ضلع ژوب کے پریس سیکرٹری محمد ایوب کبزئی نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام دشمن پالیسی کا کھلا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع ژوب پہلے ہی تعلیمی، صحت اور روزگار کے حوالے سے شدید محرومیوں کا شکار ہے۔ ایسے میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بڑھتے ہوئے والا اضافہ نے غریب طلبا، مزدور، کسان اور عام شہری کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے۔ بیان کے اہم نکات: تعلیم پر براہ راست وار: پٹرول مہنگا ہونے سے ٹرانسپورٹ کرایے دوگنے ہوگئے ہیں۔ دیہی علاقوں کے طلبا کالجز اور یونیورسٹی تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔ یہ تعلیم دشمنی ہے۔ مہنگائی کا طوفان: پٹرول کے ساتھ ہی آٹا، چینی، گھی، سبزی اور ادویات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ ایک مزدور کی دیہاڑی اب گھر کا چولہا جلانے کے لیے بھی ناکافی ہے۔ پسماندہ اضلاع سے سوتیلی ماں جیسا سلوک: اسلام آباد اور بڑے شہروں میں رہنے والے حکمرانوں کو ژوب جیسے پسماندہ علاقوں کے عوام کی تکلیف کا کوئی احساس نہیں۔ یہاں عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ حکومت کی ناکامی: مہنگائی کنٹرول کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ لیکن عملی طور پر نہ مہنگائی رکی، نہ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کوئی کارروائی ہوئی۔ صرف زبانی جمع خرچ سے عوام کا پیٹ نہیں بھرے گا۔ مطالبات: پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں فوری اور واضح کمی کی جائے۔ بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کے لیے خصوصی سبسڈی اور ریلیف پیکج کا اعلان ہو۔ ضلعی انتظامیہ ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کرے۔ طلبا کے لیے تعلیمی اداروں تک مفت یا سبسڈائزڈ ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا جائے۔ جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ضلع ژوب واضح کرتی ہے

استاد بہادر خان سیال کی ریٹائرمنٹ پر وقار الوداعی تقریب کا انعقاد

نصیرآباد (نامہ نگار) گورنمنٹ پرائمری نوریہ رضویہ اسکول کے استاد بہادر خان سیال کی ریٹائرمنٹ پر وقار الوداعی تقریب کیا گیا گورنمنٹ پرائمری نوریہ رضویہ اسکول ڈیرہ مراد جمالی کے سینئر استاد بہادر خان سیال ملازمت کی مدت پوری ہونے پر ریٹائرڈ ہوگئے۔ ان کی خدمات کے اعتراف میں اسکول میں ایک پر وقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا اہتمام نصیرآباد کے معروف تاجر محمد نواز مینگل، عابد سیال" اور "مجھی خان سیال کی جانب سے کیا گیا۔ تقریب میں اسکول کے اساتذہ کرام، تعلیمی وسماجی رہنماؤں اور علاقے کے معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محمد نواز مینگل، عابد سیال اور مجھی خان سیال نے کہا کہ استاد بہادر خان سیال نے اپنے فرائض منصبی نہایت دیانتداری، لگن اور محنت سے سرانجام دیے۔ انہوں نے کہا کہ بہادر خان سیال نے اپنی تدریسی زندگی کے دوران سینکڑوں بچوں کو علم کے زیور سے آراستہ کیا اور انہیں کامیابی کی راہ پر گامزن کیا۔ مقررین نے مزید کہا کہ استاد بہادر خان سیال کی تعلیمی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور وہ آنے والے اساتذہ کے لیے مشعل راہ رہیں۔ تقریب کے اختتام پر ریٹائرڈ ہونے والے استاد بہادر خان سیال کو تحائف پیش کیے گئے اور ان کی صحت و درازی عمر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ حاضرین نے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایک اچھے استاد کا اثر نسلوں تک قائم رہتا ہے۔

نصیرآباد، ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز جمالی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بارکھان، ایرانی پیٹرول کی سرکاری قیمت 385 روپے فی لیٹر مقرر

زائد قیمت وصول کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے گی

ناجائز منافع خوری کی روک تھام ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

بارکھان/رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر تحصیلدار رکھنی فاضل خان، ایس ایچ او سمیع اللہ اور اے ایس آئی عطا محمد نے پولیس نفری کے ہمراہ رکھنی کے مختلف ایرانی پیٹرول پمپوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انتظامی و پولیس حکام نے پیٹرول پمپوں پر ایرانی پیٹرول کے نرخوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور پمپ مالکان کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ ایرانی پیٹرول کی سرکاری قیمت 385 روپے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے، لہٰذا تمام پمپ مالکان اس مقررہ نرخ پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ مقررہ نرخ سے زائد قیمت وصول کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکام نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ رکھنی انتظامیہ اور پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی مفاد کے تحفظ کے لیے مختلف پیٹرول پمپوں کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی جاری رکھی جائے گی تاکہ مقررہ نرخوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جاسکے۔

عوام شہر کی صفائی ستھرائی میں اپنا کردار ادا کریں، ڈی سی خضدار

عیدالاضحیٰ پر صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کیے جائیں گے

خضدار (آن لائن) عید الاضحیٰ کے موقع پر خضدار شہر کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قربانی کے جانوروں کے بچے ہوئے مواد، فضلات اور گندگی کو گھروں کے ساتھ، نالیوں اور شہری آبادی میں ہرگز نہ پھینکیں۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے کہا کہ قربانی کا کچرا شہر سے باہر آبادی سے دور مناسب جگہ پر منتقل کریں تاکہ شہر صاف ستھرا رہے اور شہریوں کو کسی قسم کی بیماری یا تعفن کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ کو بھی شہر کی صفائی ستھرائی کے مناسب انتظامات کرنے کی ہدایات جاری کر دیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام خضدار شہر کی صفائی ستھرائی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ تاکہ شہر کو صاف وستھرا بنایا جاسکے۔ چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ نے بھی اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ خضدار میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ آلائشوں کی تلفی اور بروقت صفائی کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں

پنجگور، ڈی سی جہانزیب بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوکنڈی، مویشی منڈیوں میں سرگرمیوں اور گہما گہمی میں اضافہ

رات گئے تک خریداروں اور بیوپاریوں کی آمد کا سلسلہ عروج پر رہا

عید کا روایتی جوش و خروش اور ماحول نمایاں طور پر دکھائی دے رہا ہے

چاغی (یو این اے) عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی کی مویشی منڈیوں میں سرگرمیوں اور گہما گہمی میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے، جہاں صبح سے لے کر رات گئے تک خریداروں اور بیوپاریوں کی آمد ورفت کا سلسلہ عروج پر پہنچ چکا ہے۔ منڈیوں میں مختلف دور دراز علاقوں سے لائے گئے خوبصورت اور فربہ قربانی کے جانور شہریوں کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے منڈیوں میں عید کا روایتی جوش و خروش اور ماحول نمایاں طور پر دکھائی دے رہا ہے۔ بیوپاریوں کا کہنا ہے کہ اس سال جانوروں کی خوراک، چارے، ٹرانسپورٹیشن اور دیگر بنیادی اخراجات میں غیر معمولی اضافے کے باعث جانوروں کی قیمتوں میں گزشتہ سال کی نسبت نمایاں فرق آیا ہے، تاہم اس کے باوجود خریدار سنت ابراہیمی کی ادائیگی کے لیے قربانی کے جانور خریدنے میں بھرپور دلچسپی لے رہے ہیں۔ شہری جانوروں کی صحت، جسامت اور خوبصورتی کو مدنظر رکھتے ہوئے خریداری کر رہے ہیں، جبکہ شام کے اوقات میں منڈیوں میں رش مزید بڑھ جاتا ہے۔ مویشی منڈیوں میں بچوں کا جوش وخروش بھی دیدنی ہے جو جانوروں کے ساتھ تصاویر بنانے اور انہیں چارہ کھلانے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ نوکنڈی کے شہریوں کا کہنا ہے کہ عیدالاضحیٰ مسلمانوں کے درمیان محبت، ایثار اور اتحاد کا پیغام دیتی ہے، یہی وجہ ہے کہ لوگ معاشی مشکلات کے باوجود اس مذہبی فریضے کو جوش وخروش سے منا رہے ہیں۔

عوامی شکایات کے لیے کنٹرول روم کو فعال رکھا جائے، منور مگسی

پولیس، لیویز اور میونسپل کمیٹی باہمی رابطے کے ذریعے فرائض انجام دیں

قلعہ عبداللہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیر صدارت عیدالاضحیٰ کے موقع پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے مختلف قبائلی، سیاسی و سماجی عمائدین، معتبرین علاقہ اور ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، اور عید کے ایام میں عوام کو سہولیات کی فراہمی، امن و امان، ٹریفک کی روانی، صفائی ستھرائی اور قربانی کی منڈیوں کی نگرانی کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے قبائلی و سماجی عمائدین پر زور دیا کہ وہ علاقے میں بھائی چارے اور رواداری کی فضا برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ اجلاس میں شریک عمائدین نے بھی انتظامیہ کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس کے دوران عید کے لیے خصوصی حکمت عملی ترتیب دی گئی، جس میں حساس مقامات کی نگرانی، بازاروں میں سیکیورٹی انتظامات کو مؤثر بنانے، اور عید پر قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کنٹرول روم کو 24 گھنٹے فعال رکھا جائے جبکہ پولیس، لیویز اور میونسپل کمیٹی باہمی رابطے کے ذریعے فرائض انجام دیں تاکہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔

اوستہ محمد، ڈی سی محمد رمضان پلال منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری اراضی پر قبضے کا نوٹس، قبضہ مافیا کیخلاف کارروائی شروع

سرکاری اراضی پر تاحکم ثانی کسی بھی قسم کے کام، تعمیرات یا قبضے کی اجازت نہیں ہوگی، ڈی سی

خلاف ورزی کرنے والوں اور قبضہ مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ نے سوشل میڈیا پر موصول ہونے والی سرکاری زرعی اراضی پر مبینہ قبضے اور تعمیراتی کام کی اطلاعات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ریونیو اسٹاف اور تحصیلدار رکنی فاضل خان کو فوری طور پر موقع پر روانہ کر دیا۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر مذکورہ اراضی پر جاری کام کو فوری طور پر بند کروا دیا جبکہ قبضہ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی شروع کرنے کے احکامات بھی جاری کر دیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے واضح کیا کہ سرکاری زمینوں پر کسی بھی قسم کا غیر قانونی قبضہ یا تعمیرات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات اور سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی اطلاعات کا فوری نوٹس لے کر قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ سرکاری املاک کا تحفظ ممکن بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اراضی پر تاحکم ثانی کسی بھی قسم کے کام، تعمیرات یا قبضے کی اجازت نہیں ہوگی جب تک ضلعی انتظامیہ یا ڈپٹی کمشنر آفس کی جانب سے باقاعدہ اجازت نامہ جاری نہ کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں اور قبضہ مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

تمام آر ایچ سیز میں عملے کے ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیے ہیں

عوام کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، مجیب الرحمن

تمپ (خ ن) عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر سیکریٹری ہیلتھ مجیب الرحمن کے ہدایت کی روشنی میں ڈی ایچ او تمپ ڈاکٹر نوروز یعقوب نے ضلع بھر کے تمام آر ایچ سیز میں محکمہ صحت کے عملے کے ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیے ہیں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر نوروز یعقوب نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے دوران عوام کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ تمام ڈاکٹرز، ہیلتھ پروائیڈرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور نرسز کو اپنی ڈیوٹیوں پر ہر صورت حاضر رہنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خدانخواستہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ یا ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے محکمہ صحت کا تمام عملہ 24/7 الرٹ اور دستیاب رہے گا تاکہ عوام کو فوری طبی امداد فراہم کی جاسکے۔

مل، کون کہاں عید منائے گا

مل (نامہ نگار) وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل نوشکی حاجی بشیر احمد گورگیج، چیئرمین یو سی مل حاجی منظور احمد گورگیج، جے یو آئی کے ترجمان حافظ عبداللہ گورگیج، مولوی عبدالغفار مالکی، ٹرانسپورٹر محمد حیات گورگیج، زمیندار میر محمد عارف بادینی نوشکی، ڈسٹرکٹ ممبر حاجی میر محمد مراد بادینی، ممتاز ٹرانسپورٹر وامپورٹر حاجی علی احمد رخشانی، کونسلر عبید شیر، کونسلر حاجی جمیل احمد، ٹرانسپورٹر میر عبدالخالق بادینی، حاجی عطاء اللہ رخشانی، حاجی عزیز احمد بادینی، ڈاکٹر شیر احمد بادینی، میر عظمت بادینی کلی رحمانزئی، پرنس اللہ نور جمالدینی، ڈاکٹر عبید اللہ جمالدینی، حاجی چنگیز خان مالکی، بکری غلام ربانی مالکی کوئٹہ سابق چیئرمین حاجی عطاء اللہ بادینی، حاجی الاالمقصود حسنی، حاجی محمد اقبال حسنی، کونسلر حاجی محمد عاطف حسنی سعودی عرب، ایل ایس شیر جان حسنی، کونسلر حافظ واحد ہمراز، حاجی میر محمد اسحاق رخشانی، کونسلر مسعود احمد جمالدینی، مفتی نور احمد بادینی کلی جورکین، چیئرمین یو سی گوماز کی حیات خان جمالدینی، حاجی محمد عثمان جمالدینی، حاجی بشیر احمد جمالدینی ڈیلار، کونسلر میر محمود خان فقیرزئی، کونسلر حافظ علی احمد بادینی کلی سرل، چیئرمین یو سی مالکی پرنس حفیظ اللہ بادینی، حاجی امان اللہ بادینی، کونسلر میر کبیر بادینی، حاجی محمد ابراہیم بادینی، حاجی عزیز اللہ بادینی کلی بہرام خان، مفتی کفایت اللہ بادینی، قاری محمد طیب، پوسٹ ماسٹر زبیر احمد مالکی، ڈاکٹر حماد مالکی کلی یعقوب آباد، قبائلی رہنما سردار غلام فاروق مالکی، وائس چیئرمین ڈاکٹر کریم مالکی، ڈاکٹر محمد اقبال مالکی کلی سردار الٰہی بخش مالکی، سوشل ورکر اللہ داد شاہین کلی نوشیروان، بی پی کے حافظ شاکر مامدانی کلی حاجی خدائے رحیم وائس چیئرمین حافظ عابد کاکڑ، حاجی خیر جان کاکڑ کلی چاچیک، سیاسی وسماجی رہنما چیئرمین محمد طاہر خان ایم حسنی، حاجی شاہ اللہ حسنی کلی حاجی سعید تکی چاہ، حاجی غلام فاروق حسنی کلی حاجی محمد ہاشم تکی چاہ، کونسلر حافظ حمید خان شکرزئی کلی جمعدار امام بخش، بوزر یونین کے وائس چیئرمین حاجی محمد اعظم مالکی کلی صالح محمد تکی چاہ، عبدالباسط ابجبازئی، حاجی عبدالعزیز ابجبازئی، ڈاکٹر وزیر خان مینگل کلی دوشی، کونسلر ملک محمد یوسف حسنی کلی جلال شاہ، قبائلی رہنما میر محمد اسماعیل بادینی، ملک عبدالسلام کشانی کلی حاجی محمد خان مل، کونسلر نور احمد گورگیج، ملک بلند خان گورگیج کلی گورگیج، حاجی حبیب اللہ سالاتی، عبدالقادر سالاتی کلی حاجی حبیب اللہ سالاتی میں عید منائیں گے۔

پشین میں نماز عیدالاضحیٰ کے اجتماعات کے اوقات کار

پشین (آئی این پی) پشین میں نماز عیدالاضحیٰ کے اجتماعات کے اوقات کار، مرکزی عیدگاہ بائی پاس روڈ پشین خطیب: مولانا قاضی حافظ محمد ہمایوں، وقت: صبح 7:30 بجے۔ اریگیشن کالونی عیدگاہ خطیب: شیخ الحدیث مولانا سید عبدالقدیر وقت: صبح 7:00 بجے۔ سردار مصطفیٰ خان ترین اسٹیڈیم خطیب: شیخ الحدیث مولانا عطا اللہ وقت: صبح 7:15 بجے۔ جامع مسجد الفتح عیدگاہ نالئی بابو محلہ خطیب: مولانا محمد طیب وقت: صبح 7:00 بجے۔ ہوائی جہاز گراؤنڈ عیدگاہ خطیب: مولانا نصرالدین وقت: صبح 7:30 بجے۔ مرکزی عیدگاہ اولسی اسٹیڈیم خانوزئی خطیب: مولانا عبدالودود وقت: صبح 7:00 بجے۔ قدیمی عیدگاہ خانوزئی خطیب: مولانا محمد الیاس وقت: صبح 7:15 بجے۔ جامع دارالہدیٰ نانا صاحب خطیب: مولانا عبدالبصیر ہارون وقت: صبح 7:30 بجے۔ حاجی عبدالغنی مسجد عیدگاہ خطیب: مولانا مفتی نذیر احمد وقت: صبح 6:30 بجے۔ چاو بیانزئی عیدگاہ خطیب: مولانا حمید اللہ وقت: صبح 7:30 بجے۔ جامع مسجد پشین عیدگاہ شکرزئی خطیب: مولانا سید مطیع اللہ آغا وقت: صبح 7:15 بجے۔ نورانی جامع مسجد عیدگاہ ترانہ خطیب: مولانا فیض اللہ اخوندزادہ وقت: صبح 7:45 بجے۔ دارالعلوم تعلیم القرآن تورہ شاہ خطیب: مولانا رشید احمد وقت: صبح 7:15 بجے۔ جامع مسجد مدنی ترانہ خطیب: مولانا عبدالوارث وقت: صبح 7:30 بجے۔ جامع مسجد بارک آباد خطیب: مولانا محمد یوسف وقت: صبح 7:00 بجے۔ جامع مسجد اقصیٰ پہلوان کلی خطیب: مولانا صفت اللہ وقت: صبح 6:45 بجے۔ مسجد حضرت بلال داویان کربلا خطیب: مولانا حافظ بلال احمد وقت: صبح 7:00 بجے۔ مرکزی عیدگاہ کلی کربلا خطیب: مولانا سید امین اللہ آغا وقت: صبح 7:15 بجے۔ مولانا غازی مدرسہ عیدگاہ کربلا خطیب: مولانا قاری عبداللہ بن عبدالرحمن وقت: صبح 7:00 بجے۔ کلی عبداللہ جان عیدگاہ پشین خطیب: مولانا بدالدرجی وقت: صبح 6:15 بجے۔ جامع مسجد ابوبکر خانوزئی خطیب: مولانا نصیب اللہ وقت: صبح 7:30 بجے۔ محمدی مسجد ترانہ پشین خطیب: مولانا محمد نعیم وقت: صبح 7:00 بجے۔ ڈی سی کچہری مسجد وقت: صبح 7:00 بجے۔

چمن پھاٹک ترین دھماکہ بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے، گجر ایسوسی ایشن

بھاگ (یو این اے) آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کے صوبائی انفارمیشن سیکرٹری مولانا امیر بخش گجر کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب ترین دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ایسے عناصر جو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے معصوم شہریوں کا خون بہاتے ہیں وہ نہ پاکستان کے خیر خواہ ہیں اور نہ ہی اسلام کے نمائندہ اسلام امن رواداری اور انسانی جان کے احترام کا درس دیتا ہے انہوں نے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی

سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، جہانزیب

ایمرجنسی سروسز کو مزید فعال اور ایمبولینس کی بروقت دستیابی یقینی بنائی جائے

پنجگور (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر پنجگور جہانزیب بلوچ نے کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عابد ریگی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سراج احمد، ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر عبدالغفار، ایم ایس 50 Bedded ڈاکٹر کامران، ڈی ایس ایم اکرام بلوچ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع پنجگور میں صحت کی سہولیات، اسپتالوں کی کارکردگی، بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی، ایمبولینس سروس، طبی آلات اور عملے کی موجودگی سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے ضلع پنجگور میں جاری صحت سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور نے ہدایت جاری کی کہ تمام سرکاری اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں ادویات کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز کو مزید فعال بنایا جائے اور ایمبولینس کی بروقت دستیابی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مریضوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ تمام طبی آلات اور مشینری کو فعال حالت میں رکھا جائے، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری یقینی بنائی جائے، جبکہ دور دراز علاقوں میں بھی بنیادی صحت سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اسپتالوں میں صفائی، مریضوں کے ساتھ بہتر رویے، اور 24 گھنٹے طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The DEVELOPMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2526051084813	CONSTRUCTION OF 04 NOS. WATER TANKS AT UNION COUNCIL PIR KOH TEHSIL PHELLAWAGH DISTRICT DERA BUGTI	11 June, 2026 09:00 AM	10:00 AM	3,200,000
2	TSE-2526051084173	CONSTRUCTION OF (05) NOS WATER TANK AT U/C LOPE PATRA	11 June, 2026 09:00 AM	10:00 AM	4,000,000
3	TSE-2526051084123	INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM BORE UC LOPE SHERANI	11 June, 2026 09:00 AM	10:00 AM	3,941,792
4	TSE-2526051083443	CONSTRUCTION OF PROTECTION BANDH KILLI WADERA SHAH MURAD UNION COUNCIL QALANDARI TEHSIL PHELLAWAGH DISTRICT DERA BUGTI	11 June, 2026 09:00 AM	10:00 AM	2,541,792
5	TSE-2526051083223	REPAIR OF COMMUNITY HALL KILLI MIAN KHAN UNION COUNCIL GAZANIGAL TEHSIL PHELLAWAGH DISTRICT DERA BUGTI	11 June, 2026 09:00 AM	10:00 AM	4,941,792
6	TSE-2526051082743	CONSTRUCTION OF PROTECTION BANDH AT MAT KUND BAIKER KILLI ZAIB UNION COUNCIL BAIKER TEHSIL PEHLAWAGH DISTRICT DERA BUGTI	11 June, 2026 09:00 AM	10:00 AM	4,941,792

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2526051084813, TSE-2526051084173, TSE-2526051084123, TSE-2526051083443, TSE-2526051083223, TSE-2526051082743) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.

Address: DEVELOPEMENT OFFICER PEHLLAWAGH DERA BUGTI

Phone no: 3002989888 **Email:** devlopementofficerpelawag1515@gmail.com

AB No.1381/26-05-2026

DEVELOPMENT OFFICER
PEHLLAWAGH DERA BUGTI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سبی، میونسپل کمیٹی کے جانب سے عیدالاضحیٰ سے قبل شہر میں خصوصی مہم جاری ہے

عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈی ایچ او

عیدالاضحیٰ کے موقع پر محکمہ صحت کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں

عید کے ایام میں کسی بھی ناخوشگوار صورتحال یا ہنگامی طبی ضرورت سے فوری طور پر نمٹا جا سکے، ڈاکٹر ایاز

نصیرآباد (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز جمالی نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں تاکہ عید کے ایام میں کسی بھی ناخوشگوار صورتحال یا ہنگامی طبی ضرورت سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، فارماسسٹ، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملہ عیدالاضحیٰ کے دوران اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دے گا جبکہ تمام سرکاری اسپتالوں اور مراکز صحت میں عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی ایچ او آفس میں قائم عیدالاضحیٰ سیل کے جائزے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فارماسسٹ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف بھی موجود تھا۔ ڈاکٹر ایاز جمالی نے کہا کہ عید کے دنوں میں عوام کو فوری طبی امداد کی فراہمی کے لیے ڈی ایچ او آفس میں خصوصی سیل قائم کر دیا گیا ہے، جس کی نگرانی وہ خود کریں گے جبکہ متعلقہ ٹیمیں چوبیس گھنٹے اپنی خدمات سرانجام دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ایمرجنسی وارڈز کی فعالیت، طبی آلات کی موجودگی اور ڈاکٹرز و عملے کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عیدالاضحیٰ کے دوران قربانی کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کے پیش نظر صفائی ستھرائی اور وبائی امراض سے بچاؤ کے حوالے سے بھی محکمہ صحت مکمل طور پر الرٹ ہے جبکہ عوام کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی نے کہا کہ عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا محکمہ صحت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

ڈی آئی جی ایڈیشنل ایس پی نے زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت

خضدار (آن لائن) ڈی آئی جی ایڈیشنل ایس پی کا ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی وزیر خان ناصر اور ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دھوار زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال خضدار پہنچ گئے۔ جہاں پر گزشتہ روز صبح دو پولیس اہلکار ڈیوٹی سے چھٹی کے بعد اپنے گھر جا رہے تھے کہ گھنڈ سے جعفرآباد جاتے ہوئے جعفرآباد ہوٹل کے مقام پر دو نامعلوم افراد نے ان پر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں دونوں اہلکار سراج احمد ولد محمد حیات اور مدثر ولد عبدالرؤف زخمی ہوگئے تھے۔ ڈی آئی جی وزیر خان ناصر نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے زخمی اہلکاروں کی خیریت دریافت کی اور ڈاکٹروں سے طبی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر ایس ایچ او منیر احمد بنگلہ، ایس ایچ او محمد یوسف چانڈیو، ایمرجنسی انچارج حلیم اور علی بخش غلامانی بھی موجود تھے۔ ہسپتال انتظامیہ نے ڈی آئی جی کو زخمی اہلکاروں کی میڈیکل رپورٹ اور علاج سے متعلق بریفنگ بھی دی۔

ڈسٹرکٹ خضدار کو ڈویژن کا درجہ دینے کے فیصلے کا خیر مقدم

سب تحصیل سارونہ کو نظر انداز کرنا عوام کے احساس محرومی کا باعث بنا ہے

خضدار (آن لائن) ڈسٹرکٹ چیئرمین، وائس چیئرمین، کونسلران اور علاقہ معتبرین نے اپنے مشترکہ بیان میں حکومت بلوچستان کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جس کے تحت ڈسٹرکٹ خضدار کو ڈویژن کا درجہ دیا گیا اور نئے اضلاع بنانے کا اعلان کیا گیا۔ یہ ایک خوش آئند اور مثبت اقدام ہے۔ تاہم، سب تحصیل سارونہ کو مکمل طور پر نظر انداز کرنا عوام کے لیے شدید تشویش اور احساس محرومی کا باعث بنا ہے۔ سارونہ قیام پاکستان سے قبل بھی تحصیل وڈھ اور ڈسٹرکٹ خضدار کا حصہ رہا ہے۔ آج اسے وڈھ سے الگ کر کے ڈسٹرکٹ حب میں شامل کرنے کی کوشش علاقے کے عوام کے ساتھ ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہوگی۔ مزید افسوس کی بات یہ ہے کہ نئے انتظامی فیصلوں میں سب تحصیل سارونہ کا ذکر تک نہیں کیا گیا، جو ہمارے بنیادی ڈھانچے، تاریخی حیثیت اور عوامی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے برابر ہے۔ عوام سارونہ کسی صورت اپنے علاقے کو وڈھ سے الگ کرنے کا فیصلہ قبول نہیں کریں گے۔ ہم حکومت وقت سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ: سارونہ کو تحصیل کا درجہ دیا جائے۔ سارونہ کو ڈسٹرکٹ وڈھ کے ساتھ برقرار رکھا جائے۔ سارونہ کے آئینی، انتظامی اور عوامی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بنیادی شعبے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، ڈی سی

حکومت عوامی فلاح و بہبود کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے

اوستہ محمد (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) اور ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی (DDC) کا مشترکہ اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) فیز ون، فیز ٹو اور مجوزہ فیز تھری کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ونگ کمانڈر 114 کرنل رضوان طیب، کوچیئرمین سردار محمد ہارون خان جمالی، ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، تحصیلدار گل حسن خان بوبڑ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد یاسین جمالی، مختلف تعلیمی اداروں کے سربراہان اور تمام ضلعی محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں تحصیل گنداخہ اور تحصیل اوستہ محمد میں جاری و مکمل شدہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور افادیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، اس لیے ہر ترقیاتی منصوبے کے آغاز سے قبل اس کے فوائد اور عوامی ضرورت کا جامع سروے ناگزیر ہے تاکہ وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ صاف پینے کے پانی کی فراہمی، صحت، تعلیم اور نکاسی آب جیسے بنیادی شعبے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

رکھنی، تحصیلدار فاضل خان ایرانی پیٹرول پمپوں کا جائزہ لے رہے ہیں

حکومت عوامی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کر رہی ہے، ڈی سی اوستہ محمد

صاف پینے کے پانی کی فراہمی، بنیادی صحت کی سہولیات اور معیاری تعلیم حکومت کی اولین ترجیحات ہیں

ہر ترقیاتی منصوبے کے آغاز سے قبل اس کے ممکنہ فوائد کا جامع سروے، تخمینہ لگانا ناگزیر ہے، رمضان پلال

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استہ محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی DDC کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ونگ کمانڈر 114 کرنل رضوان طیب، کو چیئرمین سردار ہارون خان جمالی، ایس پی استہ محمد حافظ معاذ الرحمن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استہ محمد محمد اسماعیل لاشاری، تحصیلدار گل حسن خان بوبڑ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد یاسین جمالی، پرنسپل گرلز کالج، پرنسپل بوائز ڈگری کالج سمیت اریگیشن، ایجوکیشن، بی اینڈ آر، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور دیگر تمام ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی اجلاس میں بی ایس ڈی آئی فیز ون اور فیز ٹو کے تحت تحصیل گنداخہ اور تحصیل استہ محمد میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ ان منصوبوں پر سیر حاصل تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے لہٰذا ہر ترقیاتی منصوبے کے آغاز سے قبل اس کے ممکنہ فوائد کا جامع سروے اور تخمینہ لگانا ناگزیر ہے تاکہ وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جاسکے اور عوام کو حقیقی سہولیات فراہم ہوں انہوں نے مزید کہا کہ صاف پینے کے پانی کی فراہمی، بنیادی صحت کی سہولیات اور معیاری تعلیم حکومت کی اولین ترجیحات ہیں کیونکہ یہ شعبے براہ راست عوامی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں ڈپٹی کمشنر نے ہدایت دی کہ مکمل شدہ منصوبوں کے بلز بروقت جمع کروائے جائیں تاکہ ادائیگی کے عمل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اجلاس میں محکمہ سے ہدایات جاری کی گئیں کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں اور کسی قسم کی سستی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ فیز تھری میں ایسے منصوبے شامل کیے جائیں جن سے زیادہ سے زیادہ عوام مستفید ہوسکیں انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے دوران عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں میں شامل کیا جا رہا ہے جبکہ اس بات پر بھی زور دیا کہ کم منصوبے بنائے جائیں مگر وہ معیاری اور پائیدار ہوں فیز تھری کے تحت درج ذیل اہم منصوبوں کی منظوری دی گئی جن میں بی ایس کمپلیکس کی تعمیر، بھمرزہ جمالی سے لیکر جان جمالی کی طرف تک سڑک کی تعمیر اور دونوں اطراف فٹ پاتھ کی تعمیر، بھنڈہ گھر سے محلہ تک نالہ ٹاکری کی جھمپیر نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے نالی کی تعمیر استہ محمد سے یم شاخ سالہ شاخ تک نکاسی آب کے نالے کی تعمیر یہ منصوبہ جو کہ استہ محمد کے باسیوں کا دیرینہ مطالبہ رہا تھا

AUCTION NOTICE

Sealed bids are invited for the disposal of the following old and unserviceable government vehicles of the Directorate General Commodity Management, Balochistan, Quetta, on an **"AS IS WHERE IS BASIS."**

The auction will be held on Monday, **15th June, 2026 at 11:00 A.M**. The sealed bids will be opened on the same day at 11:00 A.M. in the office of the Director General Commodity Management, Balochistan, Quetta / Secretary Auction Committee, near Chaman Phattak, Whyte Road, Quetta, in the presence of the interested bidders, their representatives, and the members of the Auction Committee.

S.No	Registration No	Make/Type	Model
1	QAH-3279	Suzuki Mehran	1992
2	QAH-3047	Suzuki Mehran	1996
3	SI-2582	Mazda Pickup	1991
4	QAF-3684	Pijaro 5/D	1993
5	KZ-76	Suzuki Jeep	1993
6	KZ-714	Suzuki Jeep	1993
7	QAF-7199	Corolla	1988
8	QAC-8700	Toyota Jeep	1984
9	QAG-111	Pijaro 3/D	1993
10	X-68-5208	land cruiser	1992

Terms&Conditions:

1. Tender should be in the name of Director General Commodity Management, Balochistan, Quetta/ Secretary Provincial Auction committee for disposal of Un-Serviceable Government Vehicles.
2. Tender forms can be obtained from the Transport Section of Directorate General Commodity Management, near Chaman Phattak Whyte Road Quetta after submission of Green Challan.
3. Bid form of vehicles per form Fees Rs.500/- **(call deposit amount 10% of the given bid)**

Note:- The Tender should be in the name of Director General Food, Balochistan, Quetta **(Head of Account C03120. DDO (RCO) QA-7151).**

4. Tender form fees should be submitted on Green Challan from National Bank of Pakistan per vehicle **(Non-Refundable)** and providing a copy of CNIC.
5. The security money of the Un-Successful bidder shall only be returned after finalization of the auction proceedings. The Security money of the 2nd highest bidder whose offers are above the present value will be refunded after depositing cost by the highest bidder.
6. The successful bidder has to deposit the full amount of the offer within fortnight of the "Acceptance of his offer" failing which his bid shall stand cancelled without assigning any further notice in this regard and his security money shall be forfeited.
7. The successful bidder has to lift all the vehicle sold to him at his own expenses within 15-days of the date of issuance of authority/ auction letter issued by the Director General Food, Balochistan, Quetta, failing which Rs. 1500/- per day per item will be charged as Storage Charges and after expiry of further 15-days the offer in respect of un-lifted vehicle will be cancelled and cost thereof with total security money will be forfeited.
8. The committee reserve the rights to reject **"ONE OR ALL"** Bids forms without assigning any reason.
9. Timing for inspection of the vehicles shall be 9:00 AM to 4:00 PM evening from the date of publishing of this tender upto **15th June, 2026.**
10. Conditional / incomplete or cutting offers shall not be considered.
11. A copy of CNIC of the bidder must be enclosed with the Bid form.
12. The successful bidder has to pay all Taxes according to Government policy of the total offer & other taxes if applicable.
13. No tender form will be sold after **15th June, 2026 after (10:00 A.M)** on Monday repeated **15th June, 2026 after (10:00 A.M).** The tender forms will be opened on **15th June, 2026 (11:00 P.M).** on Monday, in the office of the Director General Commodity Management, Balochistan, Quetta, chairman Auction Committee, near Chaman Phattak Whyte Road Quetta in presence of the interested bidders/ their representatives and members of the auction committee.
14. The vehicles can be inspected during in the office timings.

PRQ No.5364/26-05-2026

DIRECTOR GENERAL
COMMODITY MANAGEMENT BALOCHISTAN

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق کوئٹہ

کھیلوں سے امن، بھائی چارہ اور ترقی کو فروغ ملتا ہے، میر زرک چکزئی

34 ویں باچا خان بابا فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میں مسلم کلب گلکنڈی نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے کامیابی اپنے نام کرلی

نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرنا ضروری ہے تاکہ انہیں منفی سرگرمیوں، بدامنی اور بے راہ روی سے محفوظ رکھا جائے، محمد احمد کا خطاب

ٹورنامنٹ سے دور رہنا میرا ذاتی فیصلہ نہیں تھا، فاسٹ بالر

فیفا ورلڈکپ: سپین کا تاریخ کے انوکھے اسکواڈ کا اعلان

سپین کی فٹبال تاریخ میں پہلا موقع ہوگا کہ قومی ٹیم کسی ورلڈکپ میں ریال میڈرڈ کے بغیر میدان میں اترے گی

اسکواڈ میں بارسلونا کے آٹھ کھلاڑی شامل ہیں جن میں لامین یامال، پیڈری، گاوی، ڈینی اولمو اور فیران ٹورس نمایاں ہیں

گلستان: 34 ویں باچا خان بابا فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر میر زرک خان چکزئی خطاب کر رہے ہیں

فیفا نے ایرانی فٹبال ٹیم کو امریکی ویزے جاری کرنے کی یقین دہانی کرادی

حسن علی نے جارحانہ بیٹنگ کر کے یارکشائر کو فتح سے ہمکنار کروا دیا

معین علی نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 51 رنز اسکور کیے

ازان علی خان نے پی ایس اے انٹرنیشنل اسکواش ٹورنامنٹ جیت لیا

ازان علی خان نے فتح کو پاکستان آرمی اور اپنے والد کوچ آصف خان کے نام کردیا

پاکستان کرکٹ کے لیجنڈ فضل محمود کی 21 ویں برسی 30 مئی کو منائی جائے گی

...قیادت کی بھی کی۔ وہ پاکستان کے پہلے کپتان تھے جنہوں نے اپنے پہلے ٹیسٹ میچ میں کامیابی حاصل کی تھی۔ وہ پاکستان کے پہلے کھلاڑی تھے

ایم ایل ایس میچ کے دوران لاس اینجلس فٹ بال کلب کے کھلاڑی گول کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

آئی پی ایل لیگ کی ٹرافی کے ہمراہ رائل چیلنجرز بنگلورو اور گجرات کے کپتانوں کا گروپ فوٹو

حالیہ وائٹ بال سیریز میں آسٹریلوی پیس اٹیک کی غیر موجودگی کی وجہ سامنے آگئی

...اسٹارک کی پاکستان اور بنگلادیش کے خلاف ون ڈے سیریز سے غیر موجودگی کو غلط انداز میں لیا جا رہا ہے۔ ہیڈ کوچ کا کہنا ہے کہ تینوں فاسٹ بولرز کو 2027 ورلڈکپ سے قبل مصروف شیڈول کے پیش نظر احتیاطاً سے تبدیل کیا جا رہا ہے۔ آسٹریلوی اسکواڈ سے تینوں اسٹار بولرز کی عدم شمولیت نے... آسٹریلیا کو چار براعظموں میں 20 ٹیسٹ، 9 ون ڈے اور 5 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلنے ہیں، اس لیے سینئر فاسٹ بولرز کے ورک لوڈ کو متوازن رکھنا ضروری ہے۔ کوچ کے مطابق کھلاڑی کھیلنا چاہتے ہیں لیکن ٹیم مینجمنٹ ان کی فٹنس اور لمبے کیریئر کو مدنظر رکھ کر فیصلے کر رہی ہے۔

پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ ملانے کا فی الحال کوئی امکان نہیں، بی سی سی آئی صدر

پاکستان کے ساتھ کرکٹ کھیلنے یا نہ کھیلنے کا فیصلہ حکومت کرتی ہے اس میں ہمارا کوئی کردار نہیں ہوتا، متھن منہاس کا ڈھٹائی کا اظہار

بھارتی بورڈ کے صدر نے انتہائی ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی کھلاڑی بھی پاکستانی کرکٹرز سے ہاتھ ملانا نہیں چاہتے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کے صدر متھن منہاس نے ڈھٹائی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ ملانے کا فی الحال کوئی امکان نہیں۔ متھن منہاس کے مطابق بھارتی کھلاڑی بھی پاکستانی کرکٹرز سے ہاتھ ملانا نہیں چاہتے۔ بی سی سی آئی صدر کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ساتھ کرکٹ کھیلنے یا نہ کھیلنے کا فیصلہ حکومت کرتی ہے اس سے قبل بھی یہی ڈھٹائی کا مظاہرہ ورلڈکپ میں بھارتی کھلاڑی بھی کر چکے ہیں جنہوں نے ٹاس کے بعد ہاتھ ملانے کی روایت کو ختم کر دیا تھا۔

پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا، فوٹوگرافر بن گئیں

تصاویر دیکھ کر ساتھی کھلاڑیوں نے کپتان کی شاندار فوٹوگرافی کی مہارت کی تعریفیں کیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا، فوٹوگرافر بن گئیں۔ تفصیلات کے مطابق آل راؤنڈر فاطمہ ثنا نے کرکٹ کے ساتھ کمال کی فوٹوگرافی کر کے ساتھی کھلاڑیوں کو حیران کر دیا۔ پی سی بی نے فاطمہ ثنا کی فوٹوگرافی کی ویڈیو جاری کی ہے جس میں وہ آئرلینڈ روانگی کے دوران ساتھی کھلاڑیوں کی تصاویر بناتی دکھائی دے رہی ہیں۔ تصاویر دیکھ کر ساتھی کھلاڑیوں نے کپتان کی شاندار فوٹوگرافی کی مہارت کی تعریفیں کیں۔ اس دوران ٹیم میں خوشگوار ماحول دیکھنے میں آیا۔

مصری فٹبالر محمد صلاح نے 9 سال بعد لیورپول کو الوداع کہہ دیا

محمد صلاح نے انگلش کلب کو نہ صرف پریمیر لیگ ٹائٹل جتوایا بلکہ کئی لیگ میں کامیابی دلوائی

لندن (آئی این پی) نامور مصری فٹ بالر محمد صلاح نے 9 سال بعد فٹ بال کلب لیورپول کو الوداع کہہ دیا۔ محمد صلاح نے انگلش کلب کو نہ صرف پریمیر لیگ ٹائٹل جتوایا بلکہ چیمپئنز لیگ ٹائٹل سمیت ٹیم کی کئی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کیا۔ اسٹرائیکر محمد صلاح لیورپول کے لیے اپنے آخری میچ میں برینٹ فورڈ کے خلاف ایکشن میں نظر آئے۔ اس میچ میں لیورپول کو ڈرا کی ضرورت تھی تاکہ وہ ایک پوائنٹ کی بدولت چیمپئنز لیگ تک رسائی حاصل کرلے اور صلاح کے خوبصورت پاس پر کرٹس جونز نے لیورپول کو برتری دلا دی۔ تاہم 6 منٹ بعد ہی Schade نے مقابلہ برابر کر دیا اور میچ ایک ایک سے برابری پر ختم ہو گیا۔ اس موقع ٹیم کے کھلاڑیوں اور فینز نے محمد صلاح کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ وہاں صلاح کی اہلیہ اور بیٹیاں بھی موجود تھیں۔ محمد صلاح نے لیورپول کے لیے 257 گولز کیے اور اس ٹیم کی جانب سے تیسرے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی ہیں۔ محمد صلاح کا کہنا تھا کہ وہ اپنی پوری زندگی اتنا نہیں روئے جتنا آج روئے ہیں۔ محمد صلاح کے ساتھ اینڈی روبرٹسن نے بھی لیورپول کو خیر باد کہا۔

فیفا ورلڈکپ، امریکا کے انکار کے بعد میکسیکو ایرانی ٹیم کی میزبانی کیلئے تیار

امریکا نے ایرانی پاسداران انقلاب سے تعلق رکھنے والے افراد پر ممکنہ پابندیوں کا اشارہ دیا ہے، میزبانی سے انکار کی کوئی وجہ نہیں بنتی، میکسیکن صدر

ایرانی ٹیم کا تربیتی مرکز میکسیکو کے شہر تیجوانا میں قائم ہوگا۔ اس سے قبل ایران کے لیے ایریزونا کے شہر ٹکسن کو بیس کیمپ کے طور پر منتخب کیا گیا تھا

میکسیکو سٹی (آئی این پی) میکسیکو کی صدر کلاڈیا شین بام نے تصدیق کی ہے کہ ایران کی قومی فٹبال ٹیم آئندہ فیفا ورلڈکپ کے دوران میکسیکو میں قیام کرے گی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق کلاڈیا شین بام کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ امریکا نے ایران کی ٹیم کو اپنے ملک میں رات گزارنے کی اجازت دینے سے گریز کیا ہے جس کے بعد فیفا نے میکسیکو سے رابطہ کیا۔ صدر شین بام نے کہا کہ ہمارے پاس ایران کی میزبانی سے انکار کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ امریکا ایران کی ٹیم کو اپنے ہاں قیام کی اجازت نہیں دینا چاہتا حالانکہ ان کے تینوں میچ امریکا میں ہوں گے۔ بعدازاں فیفا نے اعلان کیا کہ ایرانی ٹیم کا تربیتی مرکز میکسیکو کے شہر تیجوانا میں قائم ہوگا۔ اس سے قبل ایران کے لیے ایریزونا کے شہر ٹکسن کو بیس کیمپ کے طور پر منتخب کیا گیا تھا تاہم مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور سکیورٹی خدشات کے باعث صورتحال تبدیل ہوئی۔ ایران اپنے گروپ مرحلے کے میچز نیوزی لینڈ، بیلجیم اور مصر کے خلاف امریکا کے مختلف شہروں میں کھیلے گا۔ دوسری جانب ایران کے وزیر کھیل احمد دنیامالی نے کہا ہے کہ فیفا کے صدر نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ایرانی کھلاڑیوں کو امریکا میں داخلے کے لیے ویزے جاری کیے جائیں گے۔ تاہم امریکا نے ایرانی پاسداران انقلاب سے تعلق رکھنے والے افراد پر ممکنہ پابندیوں کا اشارہ دیا ہے۔

پائٹ کے زیر اہتمام کمیونٹی اساتذہ کے لیے تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر

مہمان خصوصی ڈی سی کوہلو عظیم دومڑ تھے، اساتذہ میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں

کوہلو (نمائندہ مشرق) پائٹ کے زیر اہتمام بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) کے کمیونٹی اساتذہ کے لیے منعقدہ 8 روزہ پیڈاگوجی اور فاؤنڈیشنل لٹریسی اینڈ نیومریسی (FLN) تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر گورنمنٹ انٹر گرلز کالج کوہلو میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ تھے۔ جبکہ دیگر مہمانوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر پائٹ عبدالحمید جعفر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ایکسین بلڈنگ انجینئر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم بہرام خان کاکائی، ڈی ای اے آر ٹی ایس ایم سائرہ علی، پائٹ کے ٹرینرز محمد عارف کاکڑ، عمیر خان، عبدالحق زرکون، ڈاکٹر شادی خان مری، ڈسٹرکٹ سپروائزر بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن یوسف مری سمیت دیگر معزز مہمان بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران تربیتی ورکشاپ میں شریک اساتذہ نے آٹھ روزہ تربیت کے دوران حاصل کردہ علمی، تدریسی اور پیشہ ورانہ تجربات اور فوائد کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ اس تربیت سے ان کی تدریسی صلاحیتوں، کلاس روم مینجمنٹ، جدید تدریسی طریقہ کار اور طلبہ کی بنیادی خواندگی و حسابی مہارتوں کو بہتر انداز میں فروغ دینے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی

مربوط حکمت عملی کے ذریعے ہی عوامی مسائل کا موثر حل ممکن ہے، رحمت اللہ شاہ

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اجلاس ٹاؤن ہال گنداواہ میں منعقد ہوا جس میں ضلع بھر کے مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع میں جاری (بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو) کے تحت ترقیاتی منصوبوں، امن وامان کی صورتحال، عوامی مسائل کے حل اور مختلف سرکاری محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں (لیفٹیننٹ کرنل) عاصم خان، ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ درانی سمیت مختلف محکموں کے آفیسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور سرکاری امور میں شفافیت کو یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ جھل مگسی کی اولین ترجیح ہے اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران نے اپنی اپنی کارکردگی رپورٹس پیش کیں جبکہ درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی پیش کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مربوط حکمت عملی کے ذریعے ہی عوامی مسائل کا موثر حل ممکن ہے۔

پنجگور، ڈی سی جہانزیب بلوچ سول ہسپتال کا معائنہ کر رہے ہیں

بڑھتی ہوئی بدامنی کے باعث اہلیان خاران کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، زاہد ریکی

انتظامیہ کی نااہلی ہے، چوری چکاری عروج پر دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے

واشک (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زاہد علی ریکی نے خاران میں چوری و ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی واقعات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خاران اور واشک ایک دوسرے کے ساتھ لازم اور ملزوم ہیں لوگوں کی آمد و رفت مرگ و زندہ ہوتی رہتی ہے خاران اور واشک ایک دوسرے کے باسیوں کا مشترکہ گھر ہے بڑھتی ہوئی بدامنی کے باعث اہلیان خاران کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے ہم نے پہلے بھی بلوچستان اسمبلی کے فورم پر خاران میں چوری، ڈکیتی کے خلاف آواز بلند کیا آئندہ اجلاسوں میں بھی کروں گا حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا کہ خاران میں چوری چکاری کو عروج پر دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے خاران انتظامیہ نااہل بن چکی ہے پولیس کے اعلیٰ آفیسران کا چوری کی وارداتوں کی تدارک کے لیے کوئی کردار نہیں ہے

ڈویژنل پبلک اسکول کو پنجاب کے پبلک اسکولز کے ہم پلہ لایا جائے گا، کمشنر لورالائی

اسکول زبوں حالی کا شکار تھا، اب جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے اقدامات جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ ڈویژنل پبلک اسکول لورالائی کو جدید اور معیاری تعلیمی ادارہ بنا کر پنجاب کے معروف ڈویژنل پبلک اسکولز کے ہم پلہ لایا جائے گا تاکہ علاقے کے بچوں کو بہترین تعلیمی سہولیات مقامی سطح پر میسر آسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژنل پبلک اسکول لورالائی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کی صدارت پرنسپل ڈویژنل پبلک اسکول نے کی جبکہ اساتذہ، طلبہ، والدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ بعد ازاں کمشنر لورالائی ڈویژن نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے بچوں اور بچیوں میں انعامات بھی تقسیم کیے۔ کمشنر ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ ڈویژنل پبلک اسکول بھی زبوں حالی کا شکار تھا تاہم اب اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں

یورپی یونین، ہیومن ریسورس کے اشتراک سے پارٹنر آرگنائزیشن کا اجلاس

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل میں یورپی یونین، ہیومینٹیرین ایڈ، انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن اور سوسائٹی فار امپاورنگ ہیومن ریسورس کے اشتراک سے ایک اہم پارٹنر آرگنائزیشن اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا مقصد مختلف پارٹنر تنظیموں کے درمیان باہمی رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنانا، مستحق افراد کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا اور موثر ریفرل سسٹم قائم کرنا تھا تاکہ ضرورت مند افراد کو متعلقہ اداروں کی خدمات تک آسان رسائی فراہم کی جا سکے۔ اجلاس میں بے گھر افغان شہریوں کو قانونی معاونت کی فراہمی، ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ متاثرہ افغان خاندانوں کو قانونی رہنمائی اور معاونت فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ اپنے مسائل کو قانونی اور پرامن انداز میں حل کر سکیں۔ مقررین نے کہا کہ انسانی ہمدردی کے تحت کیے جانے والے ایسے اقدامات نہ صرف متاثرین کی مشکلات کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں

ڈی سی قلعہ عبداللہ کا میزئی اڈہ تا پائیزئی سیدان روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا معائنہ

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈی سی قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی نے میزئی اڈہ تا پائیزئی سیدان روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ اور بی اینڈ آر ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ اس دوران متعلقہ افسران نے سڑک کی تعمیر، کام کی معیار اور پیش رفت کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ بی اینڈ آر ڈپارٹمنٹ کے ایس ڈی او روڈ قلعہ عبداللہ فیصل کاکڑ اور ایس ڈی او روڈ اسلم کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کی موجودہ صورتحال، تعمیراتی مراحل اور درپیش امور کے بارے میں تفصیلی طور پر معلومات فراہم کی گئیں ڈی سی نے جاری کام کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے تعمیراتی معیار کو مزید بہتر بنانے اور منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے کہا کہ علاقے میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے نہایت اہم ہے

اسسٹنٹ کمشنر کا شہر میں قائم غیر معیاری اور منی پیٹرول پمپوں کے خلاف کارروائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے شہر بھر میں قائم غیر معیاری اور منی پیٹرول پمپوں کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے متعدد پمپوں کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کا مقصد شہریوں کو معیاری اور مکمل مقدار میں پیٹرول کی فراہمی یقینی بنانا تھا۔ اس دوران مختلف پیٹرول پمپوں کے پیمائشی آلات، گیج اور حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ معائنے کے دوران ایک منی پیٹرول پمپ میں مقررہ پیمائش سے کم پیٹرول فراہم کرنے اور گیج میں خرد برد کی شکایات درست ثابت ہوئیں، جس پر انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ پمپ کو سیل کر دیا جبکہ مالک کو نوٹس جاری کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے موقع پر موجود دکانداروں اور پمپ مالکان کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ سرکاری قوانین، حفاظتی اصولوں اور مقررہ پیمائش کی مکمل پابندی کریں۔

شہری صفائی مہم میں میونسپل کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں، سردار محمد تجک

آلائشیں مقررہ مقامات پر رکھ کر شہر کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں

سبی (خ ن) چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی سردار محمد خان تجک اور وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی میر دینار خان ڈومکی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی کی نگرانی میں شہر بھر میں صفائی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کی ٹیمیں شہر کے مختلف شاہراہوں، گلی محلوں، بازاروں اور عوامی مقامات سے کچرا اٹھا کر صفائی ستھرائی کے عمل کو مزید مؤثر بنا رہی ہیں۔ عیدالاضحیٰ کے پیش نظر خصوصی صفائی پلان بھی مرتب کیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں آلائشیں ٹھکانے لگانے، نالوں کی صفائی اور اضافی عملہ و مشینری کی تعیناتی کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ میونسپل کمیٹی کی ٹیمیں عید کے دنوں میں بھی مختلف علاقوں میں موجود رہیں گی تاکہ صفائی کے نظام کو بہتر اور فعال رکھا جا سکے۔ چیئرمین اور وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صفائی مہم میں میونسپل کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں اور آلائشیں مقررہ مقامات پر رکھ کر شہر کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

مویشی منڈی میں جانوروں کی آمد، خریداروں کا رش عروج

ہوشربا مہنگائی میں سفید پوش طبقے کے لیے آزمائش بن گئی ہے

بھاگ (یو این اے) سنت ابراہیمی کی ادائیگی کے لیے قربانی کے جانوروں کی خریداری ہوشربا مہنگائی کے باعث سفید پوش طبقے کے لیے آزمائش بن گئی ہے عیدالاضحیٰ کی آمد میں چند فاصلے کی دوری پر ہے بھاگ کی مویشی منڈی میں جانوروں کی آمد اور خریداروں کا رش عروج پر پہنچ گیا ہے تاہم آسمان سے باتیں کرتی قیمتوں نے شہریوں کو پریشان کر دیا ہے خریدار اور بیوپاریوں کے متضاد دعوے کیے جا رہے ہیں خریدار پچھلے سال کے مقابلے دگنا مہنگائی کا کہتا رہے ہیں اتوار کے روز مویشی منڈی میں غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا مگر زیادہ تر شہری مناسب قیمت پر جانور خریدنے میں ناکام رہے۔ بیوپاریوں کا کہنا ہے کہ سال بھر جانور کی دیکھ بھال چارے، ٹرانسپورٹ اور دیگر اخراجات میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے جانور لانے کے اخراجات بہت بڑھ گئے ہیں جس کے باعث انہیں معمولی منافع ہی حاصل ہوتا ہے دوسری جانب شہریوں کا کہنا ہے کہ عید قربان کے موقع پر بیوپاری ناجائز منافع خوری کرتے ہیں ایک ایک جانور پر بھاری منافع وصول کرتے ہیں دوسری جانب عیدالاضحیٰ کے قریب آتے ہی شہر بھر بازار میں گہما گہمی بڑھ گئی ہے خصوصاً چھریاں اور قربانی کے دیگر اوزار تیز کرنے والے کاریگروں کی دکانوں پر معمول سے زیادہ رش دیکھا جا رہا ہے۔

شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی، محب اللہ

عملے کی چھٹیاں منسوخ، فیلڈ میں متحرک رہنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی لورالائی طاہر خان ناصر اور ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ خان کی نگرانی میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ میونسپل کمیٹی کی جانب سے قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے، گلی محلوں اور شاہراہوں کی صفائی یقینی بنانے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، جبکہ عملے کی چھٹیاں منسوخ کر کے انہیں فیلڈ میں متحرک رہنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ چیف آفیسر محب اللہ خان نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ عید کے تینوں دن صفائی کے عمل کو بلاتعطل جاری رکھا جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ آلائشیں مقررہ مقامات پر رکھیں اور میونسپل کمیٹی کے عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے دوران شہر میں بہترین صفائی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

خاران، وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام شمولیتی تقریب کا انعقاد

سو کے قریب میل اور فیمل ٹیچرز نے وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن میں شمولیت کا اعلان

خاران (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول خاران میں وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں سو کے قریب میل اور فیمل ٹیچرز نے وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن میں شمولیت کا اعلان کیا، مہمان خاص وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر ورد محمد لانگو تھے، جبکہ ان کے ہمراہ وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن کوئٹہ کے صدر محمد بخش بلوچ بھی تھے، شمولیتی تقریب سے ورد محمد لانگو، سیما خاران کے صدر محمد حسین بلوچ، ایس بی کے ٹیچرز ایسوسی ایشن کے عطا نصیر بلوچ، بی این پی کے ندیم بلوچ، سفر خان راسکوئی، وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن کے نو منتخب صدر محمد اختر، سینئر نائب صدر محمد ندیم کاشف، جنرل سیکرٹری عبدالرزاق سیاپاد، جنید احمد و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے نو منتخب عہدیداروں کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئے عہدیدار اساتذہ کرام کے حقوق کے لئے جدوجہد اور اسکولوں اور بچوں کی مستقبل کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے، تقریب میں کنٹریکٹ ٹیچر کی مستقلی کا مطالبہ کیا گیا، نو منتخب عہدیداروں کا نوٹیفکیشن بھی صوبائی صدر ورد محمد لانگو نے ضلعی صدر محمد اختر کے حوالے کیا، جس کے مطابق محمد اختر صدر، محمد ندیم کاشف سینئر نائب صدر، لائبہ بلوچ نائب صدر خاتون، اول عبدالرزاق سیاپاد جنرل سیکرٹری، ولاور احمد ڈپٹی جنرل سیکرٹری، حافظ عبدالرزاق چیئرمین، وسیم سجاد وائس چیئرمین، جابر وفا آرگنائزر، صبغت اللہ ڈپٹی آرگنائزر، فہیم الرحمان رابطہ سیکرٹری، محمد رضا بلوچ جوائنٹ سیکرٹری، عبداللہ جان فنانس سیکرٹری منتخب ہوگئے۔

ہائیڈرو یونین کے سرکل چیئرمین کا زخمی مزدوروں ایک لاکھ روپے کی مدد

مشکل وقت میں مزدوروں کی مدد کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، حاجی محمد قاسم

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین کے سرکل چیئرمین حاجی محمد قاسم کھوسہ نے اپنی تنظیم کی جانب سے مل میں کام کے دوران زخمی ہونے والے دو مزدوروں کی مالی معاونت کرتے ہوئے ایک لاکھ روپے فراہم کیے، جبکہ میونسپل کمیٹی کے کونسلر محمد عثمان اوپی ابڑو نے بھی مزدوروں کے لیے پچاس ہزار روپے امداد کے طور پر دیے۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب میں مل مزدور یونین کے صدر حبیب سلطان جنگ سمیت یونین کے دیگر عہدیدار بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حاجی محمد قاسم کھوسہ اور محمد عثمان اوپی ابڑو نے کہا کہ مزدور طبقہ معاشرے کا اہم ستون ہے اور مشکل وقت میں مزدوروں کی مدد کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا بعدازاں مل مزدور یونین کے صدر حبیب سلطان جنگ نے زخمی مزدوروں کی مالی مدد کرنے پر حاجی محمد قاسم کھوسہ اور محمد عثمان اوپی ابڑو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے مزدوروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور انہیں یہ احساس ہوتا ہے کہ وہ اکیلے نہیں ہیں۔

خضدار، جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کے لیے مہم جاری ہے

ایس ایچ او سٹی کی اپنی ٹیم کے ہمراہ ایک کارروائی، خطرناک ملزم گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے قلع قمع کے لیے جاری مہم کے تحت ایس ایچ او سٹی منیر عالم جنگ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے خطرناک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا اس پیشہ ورانہ کامیابی نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا کہ قانون کے محافظ کسی بھی قیمت پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں کوتاہی برداشت نہیں کریں گے تفصیلات کے مطابق ایس پی خضدار دوستین دشتی کے واضح احکامات اور ہدایات کی روشنی میں سٹی ایریا میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا تھا اسی سلسلے میں خفیہ ذرائع سے موصول ہونے والی مصدقہ اطلاع پر ایس ایچ او سٹی منیر عالم جنگ نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ فوری اور بے خوف کارروائی عمل میں لائی کارروائی کے دوران پولیس نے سٹی ایریا سے ملزم عبدالوحید کو گھیرے میں لے کر گرفتار کر لیا تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے ایک پسٹل بھی برآمد ہوا جسے بطور ثبوت پولیس تحویل میں لے لیا گیا ابتدائی تفتیش میں ملزم سے مزید معلومات حاصل کی جا رہی ہیں تاکہ اس کے دیگر ساتھیوں اور جرائم کے نیٹ ورک تک پہنچا جا سکے پولیس ذرائع کے مطابق ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا

کوئٹہ، محکمہ صحت ایس پی سی سیل کے زیر اہتمام یونیسف کے تعاون سے شہریوں کو کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے آگاہی دی جا رہی ہے

ڈپٹی کمشنر سبی کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا پہلوان جمالی سے ملاقات

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے گزشتہ دنوں بابر کچھ میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران عوامی مطالبے پر شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات کے مسائل کے حل کے لیے اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ کے ہمراہ نادرا دفتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا پہلوان جمالی سے ملاقات کی اور بابر کچھ کے عوام کو شناختی کارڈ سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی۔ ملاقات کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ نادرا کی موبائل رجسٹریشن وین جلد بابر کچھ بھجوائی جائے گی تاکہ مقامی لوگوں کو ان کے علاقے میں ہی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بابر کچھ کے عوام کو شناختی کارڈ کے حصول میں مشکلات کا سامنا تھا جس کے پیش نظر فوری طور پر نادرا حکام سے رابطہ کر کے موبائل وین بھجوانے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو شہر آنے کی دشواری سے نجات مل سکے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا پہلوان جمالی نے یقین دہانی کرائی کہ جلد نادرا ٹیم بابر کچھ روانہ کی جائے گی جہاں شہریوں کو شناختی کارڈ اور دیگر متعلقہ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

عوامی مسائل کے حل کیلئے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد

موسیٰ خیل (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل کے حل کے لئے ضلعی انتظامیہ نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق تجک، ایس پی کلیم اللہ کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ، تمام ضلعی آفیسران، قبائلی عمائدین، سوشل ورکرز، میڈیا نمائندوں اور عوام نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری میں عوام نے درپیش مسائل شکایات اور تجاویز پیش کیں جبکہ ضلع میں امن وامان کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور [illegible] ایس ڈی آئی فیز تھری کے حوالے سے درخواستیں ڈپٹی کمشنر کے پاس جمع کرائی گئیں

عوام کی ترقی خوشحالی موجودہ حکومت کا وژن ہے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

جعفرآباد (خ ن) عوامی مسائل کے حل کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بہترین اقدام کھلی کچہری کے عمل کو ضلع جعفرآباد میں مزید فروغ دینے کے عمل جاری مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں کھلی کچہریوں کا عمل تیزی سے جاری ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی سربراہی میں گوٹھ اللہ داد کھوسہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ڈسٹرکٹ ہیڈز کی موجودگی کو عوام کی جانب سے بے حد سراہا گیا عوام نے اپنے مسائل کھل کر ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے عوام کی جانب سے اپنے مسائل پیش کرنے کے عمل کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں خوشی ہو رہی ہے کہ عوام اپنے مسائل کے حل کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کے پلیٹ فارم کھلی کچہری کو صحیح معنوں میں استعمال میں لا رہے ہیں عوام کے تمام پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ بہتر معنوں میں اقدامات کو یقینی بنا رہی ہے تاکہ عوام تک حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی تمام سہولیات میسر آسکیں

ڈپٹی کمشنر استا محمد کا چیئرمین میونسپل کمیٹی کے ہمراہ واٹر سپلائی اسکیم کا دورہ

شہر میں پانی کی فراہمی، درپیش مسائل، رکاوٹوں کے حوالے سے بریفنگ دی

استا محمد، گنداخہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد، محمد رمضان پلال نے چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کے ہمراہ گنداخہ واٹر سپلائی اسکیم کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر متعلقہ حکام نے انہیں شہر میں پانی کی موجودہ فراہمی، درپیش مسائل اور نظام میں حائل رکاوٹوں کے حوالے سے جامع بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے پانی کی قلت کے باعث شہریوں کو پیش آنے والی مشکلات کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ فراہمی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔ دورے کے دوران متبادل ذرائع سے پانی کی فراہمی کے امکانات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا تاکہ مستقبل میں پانی کے بحران پر قابو پایا جا سکے

تعلیم کے شعبے پر خصوصی توجہ کی اشد ضرورت ہے، منیر احمد درانی

محکمہ تعلیم کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ تعلیم کے شعبے پر خصوصی توجہ کی اشد ضرورت ہے محکمہ تعلیم قلات کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں سکولوں میں اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت قبول نہیں ہے غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا، جاری بیان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے ماہانہ اجلاس کی صدارت کے دوران اپنے خطاب میں کیا ڈی سی نے کہا کہ اساتذہ کرام اپنا تمام تر توجہ بچوں کی بہتر تعلیم پر دیں بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں

بقیہ خطبہ حج 1

ہر مصیبت میں صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے، صبر کرنے والوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے۔ ہمیشہ سچ بولیں اور غلط بیانی سے گریز کریں، بدعت اور غیبت سے دور رہو۔ مسجد نمرہ میں خطبہ حج دیتے ہوئے امام مسجد نبوی عبدالرحمان الحذیفی نے کہا کہ رب کے سوا کسی کی عبادت مت کرو، تقویٰ اختیار کرو اور صرف اللہ سے ڈرو۔ امام مسجد نبوی عبدالرحمان الحذیفی کا خطبہ حج دیتے ہوئے کہنا تھا مسلمانوں کو کسی بھی مشکل میں صبر کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے، صبر والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے۔ خطبہ حج میں امام مسجد نبوی عبدالرحمان الحذیفی کا کہنا تھا توحید پر عمل درآمد ایمان کا حصہ ہے اور نبی کریم ﷺ کے آخری رسول ہیں، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں، جن قوموں نے ظلم کیا اور ناشکری کی ان سے نعمتیں چھین لی گئیں۔ امام مسجد نبوی کا خطبہ حج میں یہ بھی کہنا تھا کہ ہمیشہ سچ بولیں اور غلط بیانی سے گریز کریں، حجاج کرام نماز قائم کریں، اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادات میں مصروف رہیں، ہر لمحہ مغفرت کی دعا کرتے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ اور بندے کا تعلق نجات کا ذریعہ ہے، اے ایمان والو، اپنے رب کے ساتھ جڑے رہو، حج کے دوران کسی قسم کی لڑائی جھگڑے سے اجتناب کرنا چاہیے، کسی بھی ایسے عمل سے گریز کریں جس سے وحدت کو نقصان پہنچے، اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے حالات پر رحم فرمائے۔ امام عبدالرحمن الحذیفی نے کہا کہ حجاج کرام ہر لمحہ مغفرت کی دعا کرتے رہیں، حجاج کرام اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادات میں مصروف رہیں، نماز قائم کریں، اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے ہوئے ان سے فائدہ اٹھائیں۔ امام مسجد نبوی ﷺ نے کہا کہ جن قوموں نے ظلم کیا اور ناشکری کی ان سے نعمتیں چھین لی گئیں، اللہ اور بندے کا تعلق نجات کا ذریعہ ہے، اے ایمان والو اپنے رب کے ساتھ جڑے رہو، حج کے دوران کسی قسم کی لڑائی جھگڑے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تقویٰ اختیار کرنے والوں کو جنت کی نوید سنائی گئی ہے، آج کے دن کثرت کے ساتھ دعا میں ...

سے تقریباً 4 ہزار 294 ٹن کچرا جمع ہونے کی توقع ہے جسے بروقت ٹھکانے لگانے کے لیے خصوصی انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں اجلاس کو بتایا گیا کہ صفائی آپریشن کے لیے 9500 چھوٹی بڑی مشینری اور متعلقہ عملہ تیار رکھا گیا ہے جبکہ صوبے کے تمام ڈویژنل اور ضلعی ہیڈکوارٹرز میں بھی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانے کے لیے ضرورت کے مطابق مشینری کرائے پر لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صفائی آپریشن کو ہر صورت موثر، بروقت اور عوام دوست بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سمیت تمام بڑے شہروں میں انتظامات کے حوالے سے واضح اور مثبت تبدیلی نظر آنی چاہیے اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 54 بڑی عیدگاہوں اور مساجد میں نماز عید کے اجتماعات ہوں گے جن کے لیے جامع سیکیورٹی پلان کو حتمی شکل دے دی گئی ہے سیکیورٹی صورتحال کی نگرانی کے لیے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کردیا گیا ہے جو عید کے دوران چوبیس گھنٹے فعال رہے گا صفا کوئٹہ کے حکام نے اجلاس کو بتایا کہ ادارے کی ٹیمیں شہر کے 15 متعین کردہ مقامات سے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں جمع کریں گی جبکہ صفائی اور آلائشوں کی بروقت تلفی کے لیے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کردیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی شکایات اور ضروری امور کو فوری طور پر نمٹایا جاسکے

بقیہ ترک میڈیا 4

سید عاصم منیر کی سفارت کاری تشہیر کے بجائے خاموش روابط اور بیک چینل ڈپلومیسی پر مبنی ہے، انہوں نے مشکل حالات میں بھی امریکا اور ایران کے درمیان روابط کا سلسلہ برقرار رکھا۔ ترک میڈیا نے کہا کہ جغرافیائی، عسکری و تکنیکی جنس ساکھ، امریکا اور ایران سے روابط نے پاکستان کو منفرد سفارتی حیثیت دی، پاکستان کی عسکری قیادت اقتصادی راہداری، علاقائی روابط اور سفارت کاری کے ضامن کے طور پر ابھری۔ پی آر ٹی کے مطابق پاکستان نے امریکا، چین، خلیجی ریاستوں، ایران ...

بقیہ قائمہ کمیٹی قومی اسمبلی 32

گئی۔ بریفنگ کے دوران کمیٹی کو بتایا گیا کہ بتدریج معاشی بحالی کے آثار کے باوجود پاکستان اب بھی "غیر مستحکم استحکام" کے راستے پر ہے۔ مالی سال 2026-27 کے لیے جی ڈی پی نمو کی شرح 3.5 فیصد سے 4.5 فیصد کے درمیان متوقع ہے ...

ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے واضح ہدایات کی ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کی جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانا ہے۔ ہمیں اپنی پولیس اور تمام سیکیورٹی اداروں پر مکمل بھروسہ ہے کہ وہ عید کے دوران فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنائیں گے۔ عید اجتماعات، مساجد، امام بارگاہوں، ...

بجلی و گیس کا گردشی قرضہ 5100 ارب روپے تک پہنچنے کا انکشاف

جی ڈی پی نمو کی شرح 3.5 سے 4.5 فیصد کے درمیان متوقع ہے، قائمہ کمیٹی قومی اسمبلی

معاشی بحالی کے باوجود پاکستان اب بھی غیر مستحکم استحکام کے راستے پر ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں انکشاف ہوا ہے کہ بجلی اور گیس کا مجموعی گردشی قرضہ 5100 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے جو گزشتہ برس تین ہزار 500 ارب روپے تھا جبکہ مجموعی بیرونی قرضہ 137 ارب 56 کروڑ ڈالر ہے۔ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ کے لیے پاکستان کی معاشی صورتحال اور مالی ترجیحات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس میں ابھرتے ہوئے معاشی خطرات، آئی ایم ایف پروگرام کی کارکردگی، اور بنیادی اصلاحات کی ضروریات پر خصوصی توجہ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران کمیٹی کو بتایا گیا کہ بتدریج معاشی بحالی کے آثار کے باوجود پاکستان اب...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع ملاقات کر رہے ہیں

سہیل آفریدی کیخلاف ایم پی ایز نے نیا گروپ بنا لیا

50 سے زائد اراکان شامل، صوبائی حکومت کے لیے سنگین خطرہ

کے پی حکومت کو آئندہ بجٹ کی منظوری میں شدید مشکلات درپیش

پشاور (ویب رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے 50 سے زائد اراکین صوبائی اسمبلی نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کیخلاف نیا گروپ بنا لیا ہے۔ ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحی ہمیں ایثار اور باہمی ہمدردی کا درس دیتی ہے، زرین خان مگسی

آج تجدید عہد کا دن ہے کہ ہم بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ... پارلیمانی سیکرٹری

...... پوری پاکستانی قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحی ہمیں اللہ کی رضا کیلئے ہر شے قربان کرنے کا درس دیتی ہے، سلیم کھوسہ

اتحاد، باہمی احترام اور یکجہتی کی اشد ضرورت، ہمیں اختلافات بھلا کر ملک و قوم کی ترقی کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا صوبائی وزیر

وطن عزیز کی سالمیت، بقاء اور امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے حقیقی ہیرو ہیں، پیغام

...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: آئی جی ریلویز پولیس محمد وسال فخر سلطان ریلوے اسٹیشن میں سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان دفاعی لحاظ سے اپنا لوہا منوا چکا ہے، ڈاکٹر گوہر اعجاز

...... منواتا ہے، اپنی طرف سے حکومت کو سفارشات پیش کی ہیں، حکومت اس شیڈو بجٹ کو لے کر چلے تو بجٹ سرپلس ہو جائے گا ٹیکس ٹو جی ڈی پی بڑھ جانے کا طریقہ خود بتا رہے ہیں۔

تعلیم، صحت کے محکموں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، کبیر افغان

زیارت + سنجاوی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع زیارت کی ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان کے زیر صدارت سنجاوی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کی تنظیمی و سیاسی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی اور آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے تنظیمی فعالیت کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار حبیب الرحمن دومڑ، صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمن بازئی، انظام عسکر اور دیگر ضلعی رہنما شریک تھے۔ اجلاس میں زیارت شہر سمیت ضلع کی مختلف یونین کونسلوں میں بجلی کی ناروا اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ واپڈا حکام عوام دشمنی پر اتر آئے ہیں۔ عوام جب اپنے بنیادی مسائل کے حل کے لیے جمہوری اور پرامن احتجاج کرتے ہیں تو ان کے مسائل حل کرنے کے بجائے الٹا ان کے خلاف بے بنیاد ایف آئی آرز درج کی جاتی ہیں۔

یو اے ای سے ہزاروں پاکستانیوں کی اچانک ملک بدری

ہزاروں محنت کش خالی ہاتھ وطن واپس لوٹا دیے گئے ہیں، خبر رساں ادارہ

اب تک خلیجی ملک یو اے ای سے کم از کم 7 ہزار 500 پاکستانیوں کو نکالا جا چکا ہے

لندن (م ڈ) متحدہ عرب امارات سے ہزاروں پاکستانیوں کی اچانک ملک بدری، ہزاروں محنت کش خالی ہاتھ وطن واپس لوٹا دیے گئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز نے ایسے 103 پاکستانیوں کی امیگریشن دستاویزات، ویزا اسٹیٹس کے اسکرین شاٹس اور پروازوں کی تفصیلات کا جائزہ لیا ہے جنہیں وہاں سے نکالا گیا، اور ان میں سے 24 افراد کا ذاتی انٹرویو بھی کیا گیا ہے۔ انٹرویو دینے والے ہر شخص نے بتایا کہ فلائٹ میں بٹھانے سے پہلے انہیں اپنا ذاتی سامان اٹھانے یا بینکوں میں موجود اپنی بچت کی رقم نکالنے کی بالکل اجازت نہیں دی گئی اور انہیں درجنوں دیگر ہم وطنوں کے ساتھ جہاز میں بٹھا کر واپس بھیج دیا گیا۔ پاکستان کی سیاسی وذہبی...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حج کا دن اللہ کی رحمت کے حصول کا بہترین موقع ہے، شہباز شریف

وزیراعظم کی امت مسلمہ اور حجاج کرام کو حج کی مبارکباد، نیک خواہشات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان دنیا بھر میں امن وسلامتی اور استحکام کے لیے دعاگو ہے۔ وزیراعظم نے کہا عالمی امن، عدل وانصاف، رواداری اور بھائی چارے کی فضا کو تقویت ملے تاکہ فلاح انسانیت کے لیے کام ہو سکے، جذبہ محبت وایثار اور باہمی تعاون میں قومی، اجتماعی ترقی اور خوشحالی کا راز چھپا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ حج کا دن اللہ کی رحمت اور فضل وکرم کے حصول کا بہترین موقع ہے، حج کا اجتماع امت مسلمہ کے باہمی اتحاد اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس اجاگر کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دعا کی کہ اللہ حاجیوں اور تمام مسلمانوں کی عبادات قبول فرمائے اور اللہ تعالیٰ ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کراچی ائیر پورٹ پر ایبولا وائرس کے خطرات کے پیش نظر ہنگامی اقدامات

کراچی (آئی این پی) کراچی کے جناح انٹرنیشنل ائیر پورٹ پر ایبولا وائرس کے ممکنہ خطرات کے پیش نظر ہنگامی اقدامات شروع کر دیے گئے ہیں۔ محکمہ صحت سندھ نے ائیر پورٹ پر الرٹ جاری کرتے ہوئے نگرانی کا نظام مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عالمی سطح پر ایبولا ایمرجنسی کے بعد سندھ حکومت متحرک ہوئی ہے اور اس حوالے سے کراچی میں اعلیٰ سطح کا اجلاس بھی منعقد کیا گیا۔ محکمہ صحت کے مطابق ایبولا وائرس انتہائی خطرناک ہے، اس لیے تمام متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔

خطے میں کشیدہ صورتحال نے عالمی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا، محمد عبدالقادر

اسرائیلی وزیر اعظم اور امریکی صدر کے جارحانہ طرز عمل نے خطے میں مسلمانوں کا ناحق خون بہایا، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ دنیا بھر سے لاکھوں فرزندان توحید ان دنوں سرزمین حجاز میں فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے جمع ہیں حج صرف ایک مذہبی عبادت ہی نہیں بلکہ امن، مساوات، اخوت اور انسانی اتحاد کا عظیم درس بھی ہے۔ میدان عرفات سے لے کر طواف کعبہ تک ہر منظر انسانیت کو یہ پیغام دیتا ہے کہ رنگ، نسل، زبان اور قومیت سے بالاتر ہو کر تمام انسان ایک دوسرے کے احترام اور ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

چمن ڈاکو اسلحے کے زور پر شہریوں سے قربانی کے جانور چھین کر فرار

چمن (نامہ نگار) چمن میں نامعلوم مسلح ڈاکو اسلحے کے زور پر شہریوں سے قربانی کے جانور چھین کر فرار، واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چمن میں کالج روڈ پر نامعلوم مسلح ڈاکو اسلحے کے زور پر شہریوں کو یرغمال بنا کر 3 سے 4 بکرے اور دنبے چھین کر فرار ہو گئے واقعہ کے بعد علاقے کے لوگوں میں تشویش لاحق ہوگئی واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی عوامی حلقوں نے علاقے میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بجلی و گیس کا گردشی قرضہ 5100 ارب روپے تک پہنچنے کا انکشاف

جی ڈی پی نمو کی شرح 3.5 سے 4.5 فیصد کے درمیان متوقع ہے

معاشی بحالی کے باوجود پاکستان اب بھی غیر مستحکم استحکام کے راستے پر ہے

اسلام آباد (م ڈ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں انکشاف ہوا ہے کہ بجلی اور گیس کا مجموعی گردشی قرضہ 5100 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے جو گزشتہ برس تین ہزار 500 ارب روپے تھا جبکہ مجموعی بیرونی قرضہ 137 ارب 56 کروڑ ڈالر ہے۔ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ کے لیے پاکستان کی معاشی صورتحال اور مالی ترجیحات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس میں ابھرتے ہوئے معاشی خطرات، آئی ایم ایف پروگرام کی کارکردگی، اور بنیادی اصلاحات کی ضروریات پر خصوصی توجہ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران کمیٹی کو بتایا گیا کہ بتدریج معاشی بحالی کے آثار کے باوجود پاکستان اب...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ لامحدود محبت، ہمدردی و یکجہتی کے جذبے کو بھڑکاتی ہے، صوبائی وزراء

آئیے ہم بھی ذمہ داری نبھانے کی کوشش اور اپنے اردگرد کے ماحول میں حفاظت، صفائی ستھرائی اور ہم آہنگی کو ترجیح دیں، عاصم کرد گیلو، صادق عمرانی

اللہ ہم سب کی قربانیوں اور عبادتوں کو قبول اور ملکی استحکام میں کامیابی نصیب فرمائے، نور محمد دمڑ، میر شعیب نوشیروانی ودیگر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی نے عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر ملک اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ خوشی اور قربانی کا ایک اجتماعی مذہبی تہوار ہے جو لامحدود محبت، ہمدردی اور یکجہتی کے جذبے کو بھڑکاتی ہے اور عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت اسماعیل ذبیح اللہ کے غیر معمولی ایمان کی عکاسی کرتی ہے۔ جیسا کہ ہم عید کی برکات سے لطف اندوز ہوتے ہیں، آئیے ہم بھی ذمہ داری کو نبھانے کی کوشش کریں۔ اپنے اردگرد کے ماحول ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جھونپڑی میں کھانا پکاتے ہوئے آگ بھڑک اٹھی، بچی جاں بحق

رباب ٹاؤن میں لگنے والی آگ سے 8 جھونپڑیاں جل کر خاکستر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ارباب ٹاؤن کے علاقے میں جھونپڑیوں میں کھانا پکاتے ہوئے سلنڈر سے آگ بھڑک اٹھی جس سے ایک 7 ماہ کی بچی جھلس کر ہلاک ہوگئی بچی اور خاتون جھلس کر معمولی زخمی ہوئی اور 8 جھونپڑیاں جل کر خاکستر ہوگئیں آتشزدگی کی اطلاع ملتے پر فائر بریگیڈ کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ جناح ٹاؤن کے علاقے ارباب ٹاؤن میں 40 سے زائد جھونپڑیاں کھلے میدان میں لگائی گئی تھیں جہاں پر رہائش پذیر ایک جھونپڑی میں خواتین گیس سلنڈر پر کھانا بنا رہی تھی کہ اچانک گیس سلنڈر ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کا لبنان میں فضائی حملہ، ریسکیو عملے کے 7 ارکان شہید

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں شہید افراد کی تعداد 34 ہوگئی

اسرائیل نے بیروت کے متعدد علاقے زبردستی خالی کرنے کا الٹی میٹم جاری کر دیا

بیروت (م ڈ) اسرائیل کی جانب سے لبنان پر فضائی حملے میں ریسکیو عملے کے 7 ارکان شہید ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں شہید افراد کی تعداد 34 ہوگئی۔ علاوہ ازیں اسرائیلی فوج کے لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں پر حملے جاری ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے لبنان میں حزب اللہ پر فضائی حملے بڑھانے کا اعلان کر دیا۔ اسرائیل نے بیروت کے متعدد علاقے زبردستی خالی کرنے کا الٹی میٹم جاری کر دیا۔

تیز رفتار گاڑی کا بریک فیل ہونے کے باعث سابق ایس پی کا گن مین، بیٹا، بچی اور ڈرائیور سمیت 4 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مچھ کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی بریک فیل ہونے کے باعث پہاڑی کے ساتھ ٹکرانے سے سابق ایس پی کا گن مین، بیٹا، بچی اور ڈرائیور سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مچھ کے قریب جلیبی موڑ کے مقام پر سابق ایس پی کی گاڑی بریک فیل ہونے کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہو کر پہاڑی کے ساتھ جا ٹکرائی جس کے نتیجے میں ان کا گن مین، ڈرائیور، بیٹا اور بچی سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

کوئٹہ: آئی جی ریلویز پولیس بم دھماکے سے زخمی ریلوے اہلکار کی عیادت کر رہے ہیں

قوم پرست پارٹی کی جانب سے مناظرے کی پیشکش قبول ہے، میر اسرار اللہ زہری

سیاسی و نظریاتی مکالمے کے ہمارے دروازے کھلے ہیں، بی این پی (عوامی)

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان میر اسرار اللہ زہری نے نیشنل پارٹی کے رہنما، اسلم بلوچ کی جانب سے مناظرے کے اظہار خیال پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی سیاسی صورتحال نظریات اور تاریخی تناظر پر سیاسی مکالمہ اور مناظرہ اصولی طور پر قابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے اسلم بلوچ کا مناظرہ قبول ہے تاہم چند اصولی نکات کی وضاحت ضروری ہے جس میں معزز اور اہم سیاسی شخصیت کے حوالے سے سیاسی اعتراضات اور ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان خطے کی تسلیم شدہ ابھرتی ہوئی سفارتی و معاشی طاقت ہے، بلومبرگ

خلیجی ممالک اور مشرق وسطیٰ میں پاکستان کے انتہائی فعال، مدبرانہ اور دوراندیش سفارتی کردار نے عالمی سطح پر دھاک بٹھا دی

جغرافیائی مقام کے باعث گوادر بندرگاہ خطے میں مستقبل کا سب سے بڑا اور اہم اسٹریٹجک لاجسٹکس حب بننے کی صلاحیت رکھتی ہے

اسلام آباد (یورو پورٹ) معروف عالمی جریدہ بلومبرگ نے اعتراف کیا ہے کہ پاکستان خطے کی تسلیم شدہ ابھرتی ہوئی سفارتی و معاشی طاقت ہے، عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ خلیجی ممالک اور مشرق وسطیٰ میں پاکستان کے انتہائی فعال، مدبرانہ اور دوراندیش سفارتی کردار نے عالمی سطح پر دھاک بٹھا دی ہے، عالمی توانائی بحران کے باوجود پاکستان غیر معمولی معاشی استحکام کی بدولت بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی توجہ کا مستقل مرکز بن چکا ہے۔ عالمی مالیاتی اعداد و شمار کیلئے مستند ترین ادارے بلومبرگ کے مطابق مشکل علاقائی و ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایک نوجوان گزشتہ روز ہونیوالے بم دھماکے میں اپنے متاثرہ گھر کو دیکھ رہا ہے

کراچی ائیر پورٹ پر ایبولا وائرس کے خطرات کے پیش نظر ہنگامی اقدامات

کراچی (آئی این پی) کراچی کے جناح انٹرنیشنل ائیر پورٹ پر ایبولا وائرس کے ممکنہ خطرات کے پیش نظر ہنگامی اقدامات شروع کر دیے گئے ہیں۔ محکمہ صحت سندھ نے ائیر پورٹ پر الرٹ جاری کرتے ہوئے نگرانی کا نظام مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عالمی سطح پر ایبولا ایمرجنسی کے بعد سندھ حکومت متحرک ہوئی ہے۔

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، مشرقی بائی پاس سے 3 ڈاکو گرفتار

فائرنگ کے تبادلے کے بعد گرفتار زخمی ملزمان کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران جرائم پیشہ عناصر اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا جس کے نتیجے میں تینوں ملزمان زخمی ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زخمی ملزمان کو گرفتار کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور سنیچ شدہ موٹر سائیکلیں بھی برآمد کر لی گئی ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے

عیدالاضحیٰ اطاعت، وفاداری، صبر اور ایثار کی روشن مثال ہے، جمال شاہ کاکڑ

یہ مقدس تہوار ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے کا پیغام دیتا ہے، رکن قومی اسمبلی

ہمیں ہر قسم کے اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک و قوم کی بہتری کیلئے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا، پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عیدالاضحیٰ کے پرمسرت اور بابرکت موقع پر پوری قوم، امت مسلمہ اور بالخصوص اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے، جو رہتی دنیا تک مسلمانوں کیلئے اطاعت، وفاداری، صبر اور ایثار کی روشن مثال ہے یہ مقدس تہوار ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر انسانیت ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ ہمیں اخوت، محبت وایثار کا عملی پیغام دیتی ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

آج امت مسلمہ جن فکری، اخلاقی اور سماجی چیلنجز سے دوچار ہے، رہنما جمعیت

علماء کرام آج اپنے خطبات میں عیدالاضحیٰ کے حقیقی مقاصد کو اجاگر کریں، اپیل

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی نائب امیر اور ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ صرف جانوروں کی قربانی کا نام نہیں بلکہ یہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل کی بے مثال صبر، ایثار، وفاداری اور اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کے سامنے کامل تسلیم و رضا کے جذبے کی یاد تازہ کرنے کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ انسان اپنی خواہشات ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

غریب، یتیم اور خاندانوں میں جوتے، کپڑے، راشن تقسیم

گوادر (این این آئی) پبلک ویلفیئر ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن بلوچستان کے مرکزی صدر اور پاک سولجر سوشل میڈیا سپورٹ موومنٹ کے صوبائی بلوچستان کے صدر پرویز سفر نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر غریب، نادار، یتیم اور بیوہ خاندانوں میں جوتے، کپڑے، راشن اور نقد رقم تقسیم کی۔

کوئٹہ: رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ و ڈائریکٹر کلچر و دیگر ین معرکہ حق میلہ کے اختتام پر شرکاء میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

کوئٹہ ٹرین حملے کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اقوام متحدہ

ہماری ہمدردیاں ٹرین حملے کے متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں، کینیڈین وزیر خارجہ کا اسحاق ڈار سے ٹیلیفونک رابطہ

دہشتگردی اپنی تمام شکلوں اور مظاہر میں ناقابل قبول ہے، انتونیو گوتریس، مشکل گھڑی میں پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، کینیڈا

اوٹاوا، نیویارک (م ڈ) کینیڈا کے وزیر خارجہ اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے بلوچستان میں مسافر ٹرین پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ کینیڈین وزیر خارجہ انیتا آنند نے کہا کہ ہماری ہمدردیاں ٹرین حملے کے متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ یو این سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا کہ دہشت گردی اپنی تمام شکلوں اور مظاہر میں ناقابل قبول ہے، ٹرین حملے کے ذمہ داران کو فوری انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ٹرین دھماکے میں درجنوں افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر کینیڈین وزیر خارجہ انیتا آنند کا پاکستانی ہم منصب اسحاق ڈار سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور مشکل کی اس گھڑی میں کینیڈا پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے، انیتا آنند کا اظہار حمایت کیا...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: لوگ عید کیلئے نمکو خرید رہے ہیں

عوام سکیورٹی کے فقدان کے باعث مشکلات سے دوچار ہیں، دوستین ڈومکی

حکومت منصوبوں میں شفافیت کی بجائے ٹینڈرز کی متنازع تقسیم میں مصروف ہے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے سینیٹر میر دوستین ڈومکی نے بلوچستان میں بڑھتے ہوئے انسانی جانوں کے ضیاع اور حکومتی بے حسی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف صوبے کے عوام بنیادی سہولیات اور سکیورٹی کے فقدان کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ دوسری جانب حکومت اہم ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کی بجائے ٹینڈرز کی متنازع تقسیم میں مصروف دکھائی دیتی ہے انہوں نے بادینی ٹرینل روڈ کے ٹینڈرز ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

حج کی عبادت انسان کو اللہ کے قریب ہونے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہے، سیدال خان ناصر

میدان عرفات میں لاکھوں مسلمان ایک ہی لباس میں عاجزی وانکساری کا جو منظر پیش کرتے ہیں وہ امت مسلمہ کی وحدت کی روشن مثال ہے

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی رہتی دنیا تک مسلمانوں کیلئے اطاعت ورضا الٰہی کی علامت ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے حج اور یوم عرفہ کے بابرکت موقع پر عالم اسلام، پاکستانی عوام اور حجاج کرام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حج ایمان، تقویٰ، صبر، ایثار اور بندگی رب کا عظیم درس دیتا ہے۔ یہ مقدس عبادت مسلمانوں کے درمیان اخوت، مساوات اور اتحاد کی روح کو مضبوط بناتی ہے اور انسان کو اللہ تعالیٰ کے قریب ہونے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم عرفہ رحمت الٰہی، مغفرت اور قبولیت دعا کا عظیم دن ہے۔ میدان عرفات میں لاکھوں مسلمان ایک ہی لباس میں اللہ تعالیٰ کے حضور ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ کا تہوار ہمیں محبت، بھائی چارے کا درس دیتا ہے، فیصل جمالی

حضرت ابراہیم علیہ السلام وحضرت اسماعیل علیہ السلام کی لازوال قربانیاں امت کیلئے مشعل راہ ہیں، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ عید قربانی ایثار، محبت، بھائی چارے، صبر و تحمل اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہر قربانی پیش کرنے کا عظیم درس دیتی ہے انہوں نے کہا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی لازوال قربانیاں پوری امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں جس سے ہمیں اطاعت الٰہی اخلاص، صبر اور انسانیت کی خدمت کا...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ہیلتھ سٹاف اپنی ڈیوٹی ایمانداری اور فرض شناسی سے ادا کریں، ڈی ایچ او

موسیٰ خیل (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی نے اچانک مختلف بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے BHU راڑہ شم، BHU کنگری اور MCH سینٹر کنگری کا تفصیلی معائنہ کیا اور تمام انتظامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس اچانک دورے کا بنیادی مقصد صحت مراکز میں عملے کی حاضری کو یقینی بنانا، ادویات کی دستیابی کا جائزہ لینا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانا تھا دورے کے دوران راڑہ شم میں LHS اور LHWs کے ساتھ ایک اہم میٹنگ بھی منعقد ہوئی۔

کوئٹہ: خواتین اور مرد بازار سے عید کیلئے شاپنگ کرنے میں مصروف ہیں

ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد کی بروقت کارروائی

شیزا فاطمہ دختر طارق محمود امیگریشن کاؤنٹر پر سیکنڈری پروفائلنگ کیلئے ریفر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) تھائی ائیر کی پرواز TG-350 کے ذریعے تھائی لینڈ جانے والی مسافر شیزا فاطمہ دختر طارق محمود کو امیگریشن کاؤنٹر پر سیکنڈری پروفائلنگ کیلئے ریفر کیا گیا۔ دوران تفتیش اور سفری دستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد انکشاف ہوا کہ مذکورہ خاتون کو ملزم نعیم ارشاد گل کی جانب سے مبینہ طور پر انسانی اسمگلنگ اور ٹریفکنگ کا نشانہ بنایا جا رہا تھا۔ متاثرہ خاتون نے اپنے بیان میں انکشاف کیا کہ ملزم اس سے قبل بھی 24 مئی ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا فضل الرحمان عبدالخیل، مولانا حیدری قلات میں عید منائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان آبائی گاؤں عبدالخیل ڈی آئی خان میں عیدالاضحیٰ منائیں گے۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کے مطابق مرکزی سیکرٹری جنرل جے یو آئی مولانا عبدالغفور حیدری قلات میں عید منائیں گے۔ سابق وزیر اعلیٰ کے پی اکرم خان درانی بنوں، مرکزی ترجمان محمد اسلم غوری کراچی میں عید منائیں گے۔ ترجمان جے یو آئی کے مطابق مولانا امجد خان لاہور، مولانا عبدالقیوم ہالیجوی، مولانا سعود افضل حالیجوی سکھر میں عید منائیں گے۔

وزیراعظم کی معروف چینی کمپنیوں کے وفود سے ملاقاتیں

اقتصادی و صنعتی شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کا عزم

بیجنگ (م ڈ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بیجنگ میں معروف چینی کمپنیوں کے اعلیٰ سطح وفود سے ملاقاتیں کیں، جن میں سی پیک کے دوسرے مرحلے کے تحت اقتصادی، صنعتی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ٹمسن کے وفد سے ملاقات کی جس کی قیادت کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ژینگ جون چن کر رہے تھے۔...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، عید قرباں سے قبل سٹریٹ کرائم میں اضافہ، ویڈیو وائرل

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے منگھوپیر میں عید قرباں سے قبل سٹریٹ کرائم میں اضافہ دیکھنے میں آیا، جس سے شہری شدید خوفزدہ ہیں۔ اطلاعات کے مطابق، اجتماع گاہ روڈ پر دن دیہاڑے دو موٹر سائیکل سواروں نے سر عام ڈکیتی کی واردات انجام دی۔ واردات کی ویڈیو منظر عام پر آگئی ہے، جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ڈاکوؤں کی کارروائی کے دوران گلی میں بچے اور قربانی کے جانور بھی موجود تھے۔

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی روانگی پر بھارت کا غیر پیشہ ورانہ رویہ

پاک امریکہ روابط اور تجارتی تنازعات پر بھارت کی سفارتی بدتہذیبی سامنے آگئی

نئی دہلی (م ڈ) بھارت نے غیر پیشہ ورانہ سفارتکاری کی ایک نئی اور منفی مثال قائم کرتے ہوئے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے دورہ بھارت کے اختتام پر سفارتی پروٹوکول کی کھلی خلاف ورزی کی ہے۔ خود کو دنیا کی "قدیم ترین تہذیب" قرار دینے والا بھارت ایک سپر پاور کے وزیر خارجہ کی روانگی کے وقت بنیادی سفارتی آداب برقرار رکھنے میں بھی بری طرح ناکام رہا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کی بے حسی نے صوبے کو خوف کی آگ میں دھکیل دیا، پشتونخوا نیپ

مستونگ کردگاپ میں سیب سے لوڈ گاڑیوں کو نذر آتش کرنا قابل مذمت، حکومت اور انتظامیہ حسب معمول خاموش ہیں

پشتونخوا وطن میں دہشتگردی، قتل وغارت، اغواء برائے تاوان اور مسافروں کو نشانہ بنانے کے واقعات روز کا معمول بن چکے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع مستونگ کے علاقے کردگاپ میں تاجر برادری کی گاڑیوں کو نذر آتش کیے جانے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تفتان سے کوئٹہ آنے والی تاجروں کی گاڑیوں پر نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے دن دیہاڑے فائرنگ کر کے انہیں جلا دیا ذرائع کے مطابق ان گاڑیوں میں ایرانی سیب لوڈ تھا، جس کے باعث متاثرہ تاجروں کو کروڑوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا، جبکہ حکومت اور انتظامیہ حسب معمول خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے بیان میں کہا گیا ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: بیٹے کی فائرنگ سے باپ و راہگیر زخمی

واقعہ جائیداد کا تنازعہ بتایا جا رہا ہے، ملزم موقع سے فرار ہونے میں کامیاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں بیٹے کی فائرنگ سے باپ اور ایک راہگیر زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ بھوسہ منڈی میں پیش آیا جہاں بیٹے نے فائرنگ کر کے باپ کو زخمی کر دیا جبکہ فائرنگ کی زد میں آ کر ایک راہگیر بھی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق واقعہ جائیداد کے تنازعہ کے باعث پیش آیا، جہاں تلخ کلامی کے دوران ملزم نے فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی سے ناصر عباس شیرازی، علامہ مقصود علی ڈومکی کی ملاقات

موقع پر عبدالرحیم زیارتوال، نواب محمد ایاز خان جوگیزئی، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی و دیگر موجود

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے مرکزی چیف آرگنائزر مجلس وحدت مسلمین پاکستان سید ناصر عباس شیرازی، مرکزی رہنماء علامہ مقصود علی ڈومکی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

معذور بچوں کیلئے ہنہ اوڑک ہنہ جھیل میں تفریحی وفلاحی پروگرام

پروگرام اے سی صدر محمد یوسف ہاشمی، اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار کی زیر نگرانی میں منعقد ہوا

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور الحمد فاؤنڈیشن کے باہمی تعاون سے معذور بچوں کیلئے ہنہ اوڑک ہنہ جھیل میں ایک روزہ تفریحی وفلاحی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی اور اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار کی زیر نگرانی منعقد ہوا اس موقع پر 171 میڈیم اور 54 ڈویژن کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اور پروگرام کے انعقاد میں بھرپور تعاون فراہم کیا۔ پروگرام کے دوران معذور بچوں کو ہنہ اوڑک اور ہنہ جھیل کی سیر کرائی گئی جبکہ بچوں کے لئے خصوصی کھانے کا اہتمام بھی کیا گیا۔ انتظامی افسران اور شرکاء نے بچوں کے ساتھ مل کر کھانا کھایا اوران کے ساتھ خوشگوار وقت گزارا۔ بچوں کو مختلف تفریحی اور ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس تھانہ سٹی کی مختلف کارروائیاں، دو ملزمان گرفتار

چمن (یو این اے) پولیس تھانہ سٹی کی مختلف کارروائیاں، دو ملزمان گرفتار، ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل برآمد تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز چمن فٹبال گراؤنڈ میں جلسہ ہوگا، پشتونخوامیپ

جلسے سے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی ودیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب کریں گے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز 29 مئی بروز جمعہ صبح 9 بجے چمن شہر میں پارٹی کے زیر اہتمام گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول چمن کے فٹبال گراؤنڈ میں ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا جلسہ عام سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

قومی شاہراہوں پر لوٹ مار کے واقعات نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، این ڈی پی

چمن سے لے کر لسبیلہ، ژوب سے گوادر اور صوبے کے طول و عرض میں امن وامان کی صورت حال روز بروز ابتر ہوتی جا رہی ہے

حکومت اور ریاستی ادارے عوام الناس کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام نظر آ رہے ہیں، اقدامات اٹھائے جائیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں مستونگ کے علاقے کردگاب کے قریب تاجر برادری کے مال بردار گاڑیوں کو نذر آتش کیے جانے کے افسوسناک واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بلوچستان بھر میں بڑھتی ہوئی بدامنی قومی شاہراہوں پر لوٹ مار ٹرانسپورٹ کو جلائے جانے اور شہریوں کے جان و مال کو لاحق خطرات نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے چمن سے لے کر لسبیلہ، ژوب سے گوادر تک صوبے کے طول و عرض میں امن وامان کی صورت حال دن بدن ابتر ہوتی جا رہی ہے جبکہ حکومت اور ریاستی ادارے...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت: لائیوسٹاک کی جانب سے کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے جانوروں پر سپرے جاری

خصوصی ٹیموں نے مویشی منڈیوں میں روزانہ کی بنیاد پر اینٹی کانگو اسپرے کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق لائیوسٹاک ڈیری ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کی جانب سے ضلع زیارت کے مختلف علاقوں کواس زندرہ میں سی سی ایچ ایف (CCHF) کی روک تھام اور کنٹرول کیلئے انسداد کانگو وائرس اسپرے مہم کامیابی اور خوش اسلوبی کے ساتھ جاری و ساری ہے۔ موقع پر اسپرے کی کارروائی آن سائٹ اسپرے آپریشن ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر زیارت ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر نوید کی زیر نگرانی ویٹرنری ڈاکٹرز اور اسٹاک اسسٹنٹس ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

آج کفری قوتوں کے ہاتھ مسلمانوں کے لہو سے رنگے ہوئے ہیں، جمعیت نظریاتی

عیدالاضحیٰ کا تہوار قربانیوں والا عید ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد کی قربانی کی یاد تازہ کرتی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

پاکستان، سعودی عرب اور دیگر تمام اسلامی ممالک ٹرمپ کے منصوبوں کو مکمل مسترد کر دیں، مفتی شفیع الدین، ڈاکٹر شمس الہدیٰ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی مجلس عاملہ کے اراکین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر تمام اہل اسلام اور پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ قربانیوں کا عید جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اپنی اولاد کی قربانی کی یاد تازہ کرتی ہے جو اللہ کی جانب سے اپنی اولاد کو ذبح کرنے پر بلاچوں وچراعمل کر کے اللہ کے حکم کو بجا لا...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر